التبیین والادلة ﷺ

بان الشیخین قد حضرا فی الصلاۃ علی رسول اللہ ﷺ

جنازۂ رسول ﷺ

شیخین کریمین رضی اللہ عنہما کے جنازہ رسول ﷺ میں عدم شرکت کے
حوالے سے امامی مصنف ابو علی کی "کتاب جنازہ رسول ﷺ
خدا" سمیت امامی مصنفین کے الزامات کا بطلان

مؤلف

ابو حذیفہ حیدری

دار التحقیق والنشر منشور اہل السنۃ والجماعۃ

حضرات شیخین کریمین رضی اللہ عنہما پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جنازہ کے حوالہ سے شیعہ مصنف ابو علی نجفی کی کتاب "**جنازہ رسول خدا**" سمیت دیگر امامی مصنفین کے اعتراضات کا تحقیقی جواب۔

التبیین والادلة

بان الشیخین قد حضرا فی الصلاة علی رسول الله

یعنی

شیخین کریمین رضی اللہ عنہما رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جنازہ میں حاضر تھے

تصنیف و تحقیق

ابو حذیفہ حیدری حفظہ اللہ

دار التحقیق والنشر منشور اہل السنۃ والجماعۃ

فہرست کتاب

فہرست کتاب 2
تقریظ 9
مقدمۃ المؤلف 12
ضعیف روایات پر ضروری تنبیہ 13
کتاب کی ترتیب 13
باب اول 15
کیا رسول اللہ ﷺ پر نماز جنازہ پڑھی گئی تھی؟ 15
نبی ﷺ کی مسنون نماز جنازہ پڑھی گئی یا محض دعا ہی کرائی گئی 15
دوسرا اِشکال آپ ﷺ کی نمازِ جنازہ کا باجماعت اہتمام ہوا یا انفرادی؟ 17
تیسرا اِشکال نبی ﷺ کی نمازِ جنازہ باجماعت کیوں نہ پڑھی گئی؟ 20
پہلا سبب آپ ﷺ نے اسی کی ہدایت کی تھی 20
دوسرا سبب خلیفہ کے تعین کا خدشہ 23

تیسرا اور راجح سبب براہِ راست اجر و ثواب کا کامل حصول.....24

کیا صحابیاتِ کرام بھی آپ ﷺ کی نمازِ جنازہ میں شریک ہوئی تھیں؟ 27

باب دوم.....29

اہل سنت اور شیعہ روایات کا مطالعہ.....29

جنازہ رسول خدا ﷺ پر اہل سنت روایات 29

حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام اور تجہیز و تکفین 29

غسل کے وقت جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام کا موجود ہونا.....32

قبر کی کھدائی کے وقت جناب عمر فاروق اعظم علیہ السلام کا موجود ہونا.....33

جناب ابو بکر و عمر علیہما السلام کا نماز جنازہ میں شریک ہونا 34

امامیہ مصادر سے صحابہ کرام کا نماز جنازہ میں شامل ہونے کا ثبوت 35

امامیہ مصادر کی روایات پر شیعی علماء کے اعتراضات و اشکالات کے جوابات 37

اعتراض اول 37

جواب.....38

دوسرا اعتراض.....38

جواب اول 38

جواب دوم.....39

تیسرا اعتراض.....40

جواب اول 40

جواب دوم 41

فرض کفایہ ضروری یا خلافت و امامت کا تعین 41

باب سوم 44

امامی علماء کے دلائل و مستدلات کا جائزہ 44

مصنف ابن ابی شیبہ کے حوالہ کی حقیقت 44

جواب اول- مصنف ابنِ ابی شیبہ کی روایت کی اسنادی بحث 44

جواب دوم۔ زیر بحث روایت کتب معتبرہ کی متصل اسناد کے خلاف ہے 46

صحیح بخاری و فتح الباری کے حوالوں کی حقیقت 51

جواب اول 52

جواب دوم 53

جواب سوم 54

جواب چہارم 54

جواب پنجم 56

الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب کے حوالے کی حقیقت 57

جواب اول 57

جواب دوم 57

جواب سوم 57

جواب چہارم.....57

ریاض النضرہ کے حوالے کی حقیقت 58

جواب اول 58

جواب دوم.....59

جواب سوم 59

جواب چہارم.....60

شرح عقائد نسفیہ اور شرح العقائد جرجانی کے حوالوں کی حقیقت..... 61

جواب اول 62

جواب دوم.....62

جواب سوم 62

جواب چہارم.....63

جواب پنجم 63

صواعق محرقہ، ازالۃ الخفاء اور الفاروق کے حوالوں کی حقیقت 63

جواب اول 64

جواب دوم.....64

جواب سوم 64

جواب چہارم 65

الامامۃ والسیاسۃ کے حوالے کی حقیقت 67

جواب اول 67

جواب دوم 67

جواب سوم 68

جواب چہارم 69

جواب پنجم 71

احتجاج طبرسی کے حوالے کی حقیقت 72

جواب اول 73

جواب دوم 73

جواب سوم 73

جواب چہارم 74

منتہیٰ الامال اور بحار الانوار کے حوالے کی حقیقت 74

جواب اول 75

جواب دوم 75

باب چہارم 77
کیا اہل بیت رسول اور امامیہ کے مسلّم اصحاب نے جنازہ رسول میں شرکت کی؟ 77
بنی ہاشم اہل بیت کا رسول اللہ ﷺ کے جنازہ کو چھوڑ کر جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا کے گھر ٹھہرنا 77
تدفین کے وقت اہل بیت کا موجود نہ ہونے کا تذکرہ 80
جناب عمار بن یاسر علیہ السلام کی تجہیز، تکفین، جنازہ میں عدم شمولیت 81
جناب بلال علیہ السلام کی تجہیز و تکفین میں عدم شمولیت 82
جناب ابو طفیل علیہ السلام تجہیز و تکفین میں شامل نظر نہیں آتے 82
جناب سلمان فارسی علیہ السلام کفن و دفن کی خدمات میں نظر نہیں آتے 82
جناب عبد اللہ بن جعفر کی جنازہ رسول میں عدم شرکت 83
جناب عقیل ابن ابی طالب علیہ السلام کی جنازہ رسول میں عدم شرکت 84
جناب عباس بن ربیعہ ہاشمی کی جنازہ رسول میں عدم شرکت 84
باب پنجم 86
کیا صحابہ کرام کو رسول اللہ ﷺ کی وفات کا غم نہیں تھا؟ 86
ایک جھوٹ کی نقاب کشائی 86
جناب ابو بکر و عمر علیہما السلام کی رسول اللہ ﷺ کی رحلت کی وجہ سے حالت غم والم 86
بقیہ صحابہ کرام کی حالت غم 91
انبیاء کرام کو تین دن بعد دفن کرنے کا جواز کی امامیہ مصادر کی روایت 93

تقریظ

الحمد لله الذی بنعمته تتم الصالحات، والصلاة والسلام علی سیدنا محمد أفضل الکائنات، أما بعد:

رسول اللہ ﷺ کی وفات بلاشبہ اس امت کیلئے ایک اندوہناک سانحہ سے کم نہ تھی جس نے بڑے بڑے عقلمندوں کو حیرت و استعجاب میں ڈال دیا اور جو خود سائبان تھے ان کو بے سائباں چھوڑ دیا۔ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کیلئے وہ دن کسی حادثہ سے کم نہ تھا۔ سیدنا حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

فَابْكِي رَسُولَ اللَّهِ يَا عَيْنُ عَبْرَةً ... وَلَا أَعْرِفَنْكِ الدَّهْرَ دَمْعَكِ يَجْمُدُ.

پس اے آنکھ رسول اللہ ﷺ پر ایسا رو کہ زمانہ یہ نہ سمجھے تیرے آنسو جم گئے۔

وَمَالَكِ لَا تَبْكِينَ ذَا النِّعْمَةِ الَّتِي ... عَلَى النَّاسِ مِنْهَا سَابِغٌ يَتَغَمَّدُ.

تجھے کیا ہے کہ تو ایسے صاحب نعمت کو نہ روئے جو لوگوں کو پوری طرح سے ڈھانپے ہوا تھا۔

فَجُودِي عَلَيْهِ بِالدُّمُوعِ وَأَعْوِلِي ... لِفَقْدِ الَّذِي لَا مِثْلُهُ الدَّهْرَ يُوجَدُ.

پس ان پر فراخی سے آنسو بہا دھاڑیں مار کہ اس کو کھویا ہے جس کی مثل زمانہ میں نہیں۔

وَمَا فَقَدَ الْمَاضُونَ مِثْلَ مُحَمَّدٍ ... وَلَا مِثْلُهُ حَتَّى الْقِيَامَةِ يُفْقَدُ.

ماضی والوں نے محمد ﷺ جیسا کوئی نہیں کھویا نہ قیامت تک کوئی ان کے جیسا کھویا جائے گا۔

[ديوان حسان بن ثابت صفحه٦٣]

سیدنا حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے ایک طویل مرثیہ کا یہ ایک چھوٹا سا ٹکڑا ہے جو ان کے حزن کی منظر کشی اور محبت رسول ﷺ کی عکاسی کرتا ہے۔ سیدنا انس بن ثابت رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی وفات کے دن کے بارے میں فرماتے ہیں:

فما رأيت يوما قط أظلم ولا أقبح من اليوم الذي توفي رسول الله صلى الله عليه وسلم فيه.

ترجمہ: میں نے کوئی تاریک اور برا دن ایسا نہیں دیکھا سوائے اس دن کے جس دن رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی۔ [مسند احمد جلد۴ صفحہ ۲۰۵]

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کسی صورت رسول اللہ ﷺ کی وفات کا گمان تک بھی نہ کر سکتے تھے حتی کہ جب رسول اللہ ﷺ وفات پا گئے تو سیدنا عمر رضی اللہ عنہ سیدنا مغیرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ عیادت کیلئے تشریف لائے جبکہ اس وقت آپ ﷺ رحلت فرما چکے تھے تو موت کو غشی گمان کر کے کہنے لگے:

وَاغَشْيَاهُ، مَا أَشَدَّ غَشْيَ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم!

ترجمہ: ہائے یہ بیہوشی، رسول اللہ ﷺ پر کس شدت سے غشی طاری ہے۔ [انساب الاشراف صفحہ ۵۶۳]

کہنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ حادثہ ان عاشقوں صادقوں پر کسی بلائے ناگہانی سے کم نہ تھا البتہ اس غم کی گھڑی میں ایک فکر اور بھی تھی کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد آپ کی محنت کے ثمرات کو باطل کی ریشہ دوانیوں سے کیسے محفوظ رکھا جائے اس امر کیلئے پہلی کوشش رسول اللہ ﷺ کے نائب و امیر سلطنت کے انتخاب کی صورت میں کی گئی۔ مگر حاسدوں اور شر پسندوں کا کیا کیجئے کہ محبت کو منافقت اور اخلاص کو طلب جاہ سے تعبیر کرنے لگے۔ ایسے ہی ایک شر پسند بو علی نجفی نامی ایک شیعہ ذاکر نے ایک کتاب بنام "جنازہ رسول خدا" لکھی ہے جس میں مصنف نے جماعت رسول ﷺ سے اپنے بغض و حسد

سے مجبور ہو کر اس بہتان تراشی میں صفحات کے صفحات سیاہ کیے ہیں کہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو کوئی غم نہ تھا نہ ہی انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نماز جنازہ ادا نہ کی اور طلب سلطنت اور غصب خلافت میں مشغول ہو گئے۔ جبکہ اہل سنت کے ہاں تو ایسا بہتان نرا بہتان ہے ہی سہی، خود شیعہ پنڈتوں نے بھی اس کے خلاف بیان کیا ہے چنانچہ مذہب تشیع کا پہلا داستان تراش یا کہانی باز کردار سلیم بن قیس الہلالی بیان کرتا ہے کہ:

ثم أدخل عشرة من المهاجرين و عشرة من الأنصار فيصلون و يخرجون حتى لم يبق من المهاجرين و الأنصار إلا صلى عليه.

ترجمہ: پھر دس مہاجرین اور دس انصار کی ٹولیاں داخل کی جاتی رہیں جو نماز جنازہ پڑھتے اور باہر آجاتے یہاں تک کہ مہاجرین و انصار میں سے کوئی ایسا نہیں بچا جس نے جنازہ ادا نہ کیا ہو۔ [احتجاج طبرسی جلد ا صفحہ ۸۰]

یاد رکھیے سلیم بن قیس نامی عجوبہ شیعہ مذہب کا اولین راوی اور پہلے امام معصوم کا صحابی ہے جو اس سارے قصہ کو سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی زبانی بیان کر رہا ہے۔ اور ان دو کے درمیان کوئی تیسرا واسطہ نہیں ہے۔ اس سے معتبر دلیل بھلا اور کیا ہو سکتی ہے شیعوں کیلئے؟ تو جب تمام مہاجرین و انصار رضی اللہ عنہم نے بقول سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بروایت سلیم بن قیس الہلالی عجوبہ کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نماز جنازہ ادا کی ہے تو شیعہ صاحبان اپنے ذاکروں سے پوچھتے کیوں نہیں کہ یہ گپ کہاں سے نکال لائے ہو کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اپنے محبوب و معلم و پیشوا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جنازہ ادا نہیں فرمایا؟

شیعہ ذاکرین کا ہمیشہ ہی یہ وطیرہ رہا ہے کہ ایسے ایسے بہتان تراش لاتے ہیں کہ جسے سن کر ہی نفیس طبیعت کو ان سے کراہت و نفرت محسوس ہونے لگتی ہے اور عاقل کی عقل ایسے بہتان کا گمان بھی ان حضرات سے متصور نہیں کر سکتی کہ جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مشن کے ابلاغ کیلئے دنیا کی ہر

طاقت سے الجھنا گوارہ کیااور انہیں کی قربانیوں کی بدولت تین براعظم کلمہ توحید سے معطر ہوئے۔

زیر نظر رسالہ شیعہ مصنف کی اسی کذب بیانی اور دروغ گوئی کا منہ توڑ جواب ہے اور بدلائل یہ ثابت کیا گیا ہے کہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم رسول اللہ ﷺ کے جنازہ مبارک پر حاضر تھے۔ اور نہ صرف حاضر تھے بلکہ تمام امور میں مشیر و نگران بھی تھے۔ دعا ہے کہ اللہ پاک محترم مصنف جناب ابو حذیفہ حیدری حفظہ اللہ کے ایمان و عمل اور قلم میں مزید برکت عطا فرمائے اور اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں مقبول فرماتے ہوئے خلق خدا کیلئے باعث نفع وہدایت بنائے۔ آمین

أفقر العباد الی اللہ

ابو عبد اللہ الجواد

۱۷ رمضان المبارک ۱۴۴۶ ہجری

*

مقدمۃ المؤلف

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جس نے انسان پیدا کیا۔ پھر یہ بھی اس ذات باری تعالی کا شکر ہے کہ انسانوں میں مسلمان پیدا کیا، پھر مسلمانوں میں بھی کئی منہج رکھنے والے لوگ تھے، ان میں اللہ نے ہدایت دے کر اہل سنت مذہب حقہ میں داخل فرمایا۔ اور پھر اس پر بھی اللہ تعالیٰ کا بے پناہ شکر ہے کہ اس امت کے بعد سب سے افضل ترین ہستیوں کے دفاع کرنے کی ڈیوٹی بطور وکیل ہونے کے اس ذات نے توفیق بخشی۔ ناچیز نے اپنی اس کتاب میں اللہ کی توفیق سے جس عنوان پر قلم اٹھایا ہے وہ ہے:

"رسول اللہ ﷺ کی نماز جنازہ"

اس حوالے امامیہ ہی طرف سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بالخصوص امام المتقین خلیفہ بلا فصل حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام اور جناب عمر فاروق اعظم علیہ السلام پر یہ اعتراض کیا جاتا رہا ہے کہ: "ان حضرات کو رسول اللہ ﷺ نے وفات کا کوئی غم نہیں تھا، اس لیے یہ حضرات خلافت کے حوالے سے رسول اللہ ﷺ کو چھوڑ کر سقیفہ میں چلے گئے اور دفن ہونے تک واپس رسول اللہ ﷺ کے پاس نہیں آئے، جس کے نتیجے میں یہ حضرات رسول اللہ ﷺ کے تجہیز و تکفین اور نماز جنازہ سے محروم رہے"۔

اس حوالے سے میں نے امامیہ کے ساتھ گفتگو میں یہ اعتراضات سنے بھی ہیں اور وقتاً فوقتاً مختصراً جواب بھی دیئے۔ پھر دیکھا کہ ان ہی اعتراضات کو باقاعدہ طور پر امامیہ مصنفین نے اپنی کتب میں نقل کر رکھا ہے، چنانچہ اس حوالے سے قابل ذکر غلام حسین نجفی، محمد حسین ڈھکو، شہنشاہ نقوی اور ابو

علی نجفی کی کتب ہیں جن میں میں نے ان اعتراضات کو دیکھا۔

اس حوالے سے دیگر سب کی نسبت باقاعدہ کتاب امامیہ کے شیخ ابو علی نجفی نے رقم کر دی اور ہم نے دیگر تینوں شیعہ علماء کے ساتھ اس قدرے مفصل کتاب کا جواب بھی اپنی اسی کتاب میں دے دیا ہے جو آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ گو کہ اس حوالے سے علماء اہل سنت کے چند مختصر رسائل بھی دیکھے لیکن ان میں سے کوئی بھی مفصل نہیں تھا جس میں اصولی، تحقیقی اور الزامی ہر لحاظ سے جواب دیا گیا ہو۔ آپ اسی کمی کو پورا ہوتے اس کتاب میں دیکھیں گے۔

ضعیف روایات پر ضروری تنبیہ:

یہاں پر یہ بات اہل سنت اور امامیہ حضرات کے لئے نقل کر دینا ضروری معلوم ہوتی ہے کہ ہو سکتا ہے کئی حضرات یہ کہیں کہ ہم نے کچھ ضعیف روایات بھی اپنے استدلال میں پیش کی ہیں اس کا جواب یہاں دینا ضروری ہے۔ چنانچہ ہم نے جو روایات کمزور سند والی پیش کی ہیں وہ امامیہ کی طرف سے ضعیف روایات پیش کرنے کے جواب میں ہیں گو کہ اصولی طور پر امامیہ کے پاس شیخین علیہما السلام کے خلاف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جنازہ میں شامل نہ ہونے کے بارے میں ایک ہی منقطع روایت ہے جو مصنف ابن ابی شیبہ کی ہے۔ یعنی ایک نامعلوم ہے شخص جس نے جناب ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ کو یہ بات بتائی جبکہ اس کے رد میں صحیح روایات ہم نے پیش کر دی ہیں جو اس میں موجود تاثر کو کلی طور پر رد کرتی ہیں۔ اور ضعیف روایات بطور شواہد کے ساتھ میں پیش کی ہیں۔ اس لیے جو کمزور سند کی روایات ہماری طرف سے پیش کی گئی ہے اس کی سند پر جو نجفی اور شہنشاہ نقوی نے جرح پیش کی اس کا جواب ضروری نہیں رہتا۔

کتاب کی ترتیب:

آخر میں قارئین کرام کو کتاب کی ترتیب کے بارے مطلع کیا جاتا ہے کہ ہم نے اس کتاب کو چار ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے جس کی مجمل تفصیل یہ ہے:

- **باب اول:** رسول اللہ ﷺ کے جنازہ مبارک کی کیفیت کو بیان کیا گیا ہے۔
- **باب دوم:** اس باب میں رسول اللہ ﷺ کی نماز جنازہ سے متعلق اہل سنت اور شیعہ روایات کو نقل کیا گیا ہے۔
- **باب سوم:** اس باب میں جنازہ رسول اللہ ﷺ میں عدم شرکت پر امامیہ کے جو دلائل و مستدلات ہیں ان کا جائزہ لیا گیا ہے۔
- **باب چہارم:** اہل بیت بشمول امامیہ کے مسلم صحابہ کا رسول خدا کی تجہیز و تکفین و جنازہ میں عدم شرکت (الزامی جواب امامیہ لاجک و نظریہ سے)
- **باب پنجم:** کیا صحابہ کرام کو رسول اللہ ﷺ کے جانے کا کوئی غم نہیں تھا۔

دعا گو

ابو حذیفہ حیدریؔ

باب اول

کیا رسول اللہ ﷺ پر نماز جنازہ پڑھی گئی تھی؟

اس باب میں ہم اس پر گفتگو کریں گے کہ آیا رسول اللہ ﷺ کی نماز جنازہ پڑھی گئی تھی یا نہیں اس حوالے سے جو تحفظات پیش کیے جاتے ہیں ان کا جواب دیا جائے گا۔ پھر اس نماز کی کیفیت و طریقہ کار کیا تھا اس پر گفتگو پیش کی جائے گی ملاحظہ فرمائیں، میں نے اپنی کتاب میں تقریباً بنیادی کتب سے استفادہ کیا ہے اور پرانے، نئے اور ممکنہ اعتراضات کے جوابات دیئے ہیں جیسا کہ آپ میری اس کتاب کے اگلے ابواب میں تفصیلی طور پر پڑھیں گے۔ لیکن یہاں پر جنازہ نہ پڑھنے اور دیگر ابحاث کے بارے میں جوابی تحقیق کے لیے ہم نے مناسب سمجھا کہ رسالہ محدث کی بہترین تحقیق بھی نقل کر دی جائے جو اس حوالے سے رسالہ محدث میں موجود ہے ملاحظہ فرمائیں:

نبی ﷺ کی مسنون نماز جنازہ پڑھی گئی یا محض دعا ہی کرائی گئی:

اس تاریخی امر کے بارے علمائے کرام میں اختلاف ہے۔ امام نووی بیان کرتے ہیں:

"آپ ﷺ کی نمازِ جنازہ کا اہتمام ہوا یا آپ ﷺ کے لئے دعا کی گئی، اس بارے ایک سے زیادہ موقف پائے جاتے ہیں۔ بعض علما کا قول ہے کہ آپ ﷺ کی نمازِ جنازہ سرے سے کسی نے پڑھی ہی نہیں بلکہ صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین گروہ در گروہ حجرہ مبارک میں داخل ہوتے اور آپ ﷺ کے لئے دعا کر کے واپس پلٹ آتے تھے۔ پھر ان علما نے آپ کی مسنون نمازِ جنازہ نہ پڑھنے کی دو علتیں بیان کی ہیں:

1. آپ ﷺ کی فضیلت وعظمت کے پیش نظر آپ ﷺ کی نمازِ جنازہ نہ ادا کی گئی، کیونکہ آپ ﷺ کو اس (نمازِ جنازہ) کی ضرورت نہ تھی۔ لیکن یہ قول درست نہیں، کیونکہ آپ ﷺ کو غسل دیا گیا، جب کہ آپ غسل کے عمل سے بھی مستغنی تھے۔ چنانچہ جب آپ کے جسدِ اطہر کو دیگر فوت شدگان کی طرح غسل دیا گیا تو نمازِ جنازہ پڑھنے میں بھی چنداں حرج نہ تھا۔

2. بعض علما کہتے ہیں کہ آپ ﷺ کی نمازِ جنازہ کا اس لئے اہتمام نہ ہو سکا کیونکہ اس وقت کوئی امام نہ تھا۔ یہ قول بھی باطل ہے، کیونکہ فرض نمازوں کی امامت کی ادائیگی معطل نہ ہوئی تھی اور ابو بکر صدیق آپ کی تدفین سے قبل ہی خلیفہ نامزد ہو چکے تھے"۔[1]

شرح نووی میں بعض علما کا بیان کردہ یہ موقف کہ آپ ﷺ کی نماز جنازہ پڑھی ہی نہیں گئی، تاریخی طور پر ثابت نہیں ہے، بلکہ صحیح احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی ﷺ کی مسنون نمازِ جنازہ کا اہتمام کیا گیا تھا اور محض رسمی دعا پر ہی اکتفانہ ہوا تھا جیسا کہ درج ذیل حدیث میں اس کی صراحت موجود ہے، ابو عسیب یا ابو عسیم بیان کرتے ہیں:

"أنه شهد الصلاة على رسول الله ﷺ قالوا: كيف نصلي عليه؟ قالوا: ادخلوا أرسالا أرسالا قال: فكانوا يدخلون من هذا الباب فيصلون عليه، ثم يخرجون من الباب الآخر".

ترجمہ: وہ نبی ﷺ کی نمازِ جنازہ میں حاضر ہوئے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا کہ آپ ﷺ کی نمازِ جنازہ (باجماعت یا منفرد) کیسے پڑھیں؟ اس پر صحابہ کرام نے (باہمی مشاورت سے) کہا: تم (آپ ﷺ کی

---

1) منہاج شرح صحیح مسلم جلد ہفتم صفحہ نمبر 36۔

نمازِ جنازہ میں)ٹولیوں کی شکل میں شامل ہو جاؤ۔ چنانچہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ایک دروازے سے داخل ہوتے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نمازِ جنازہ پڑھتے، پھر دوسرے دروازے سے نکل جاتے تھے۔[1]

یہ حدیث اس امر کی صریح دلیل ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مسنون نمازِ جنازہ پڑھی تھی، محض دعا پر ہی اکتفانہ کیا تھا۔ چنانچہ اس قول کو راجح قرار دیتے ہوئے امام نووی تحریر کرتے ہیں:

"والصحيح الذي عليه الجمهور أنهم صلوا عليه فرادى، فكان يدخل فوج يصلون فرادى، ثم يخرجون ثم يدخل فوج آخر فيصلون كذلك".

ترجمہ: اس بارے راجح اور مبنی بر حق موقف جمہور علماء کا ہے کہ اُنہوں (صحابہ) نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی انفرادی نماز جنازہ پڑھی تھی (محض دعا پر اکتفانہ کیا تھا)۔ چنانچہ ایک جماعت حجرہ شریف میں داخل ہوتی تو وہ انفرادی نمازِ جنازہ پڑھ کر باہر آجاتی، پھر دوسرا گروہ داخل ہوتا اور اس طرح از خود نمازِ جنازہ کا اہتمام کرتا۔[2]

دوسرا اِشکال: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نمازِ جنازہ کا باجماعت اہتمام ہوا یا انفرادی؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نمازِ جنازہ کے متعلق علما کا دوسرا اختلاف یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جنازہ باجماعت ادا کی گئی یا ہر شخص نے از خود نمازِ جنازہ کا اہتمام کیا؟

قول اوّل: ابن قصار نے اس مسئلہ میں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نمازِ جنازہ انفرادی طور پر پڑھی یا نماز باجماعت کا اہتمام کیا گیا؟.... علما کا اختلاف بیان کیا ہے، پھر ان کا اس بات میں بھی اختلاف ہے کہ نماز باجماعت کی امامت کس نے

---

1) مسند احمد جلد پنجم صفحہ نمبر 81۔ طبقات ابنِ سعد جلد دوم 289۔

2) شرح نووی جلد ہفتم صفحہ 26۔

کرائی تھی؟ چنانچہ ایک سند سے مروی ہے کہ "آپ ﷺ کی نماز جنازہ کی امامت کے فرائض سیدنا ابو بکر نے انجام دیے تھے۔" اس روایت پر جرح کرتے ہوئے حافظ ابن حجر بیان کرتے ہیں کہ یہ روایت ضعیف ہے۔ اس میں حرام نامی راوی ہے جس کی وجہ سے یہ روایت سخت ضعیف ہے اور ابن دحیہ کہتے ہیں: یہ روایت راویوں کے ضعف اور سند میں انقطاع کی وجہ سے قطعی باطل ہے۔[1]

آپ ﷺ کی نماز جنازہ کا باجماعت اہتمام ہونے کے بارے میں کوئی صحیح اور مستند روایت نہیں لہٰذا یہ موقف مرجوح اور ناقابل التفات ہے۔

قول ثانی: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے باہمی مشاورت کے بعد آپ ﷺ کی نماز جنازہ کا انفرادی طور پر اہتمام کیا اور ہر صحابی نے آپ ﷺ کی نماز جنازہ اپنے طور پر ادا کی۔ یہی موقف راجح اور اَقرب اِلی الصواب ہے۔ اس موقف کی حقانیت کے دلائل حسب ذیل ہیں:

1. ابو عسیب کی گذشتہ حدیث جس میں وضاحت ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے باہمی مشاورت سے آپ ﷺ کی نمازِ جنازہ منفرد پڑھنے کا فیصلہ کیا تھا اور صحابہ جماعت در جماعت حجرۂ مبارک میں داخل ہو کر نماز جنازہ کا از خود اہتمام کرتے تھے۔[2]
2. حافظ ابن عبد البر بیان کرتے ہیں:

"وأما صلاة الناس عليه أفذاذا يعني على النبي ﷺ فجمع عليه عند

---

1) نیل الاوطار جلد چہارم صفحہ نمبر 47۔

2) مسند احمد جلد پنجم صفحہ نمبر 81. طبقات ابنِ سعود جلد دوم صفحہ نمبر 289۔

أهل السير، وجماعة أهل النقل لا يختلفون".

ترجمہ: نبی اکرم ﷺ کی نمازِ جنازہ انفرادی طور پر ادا کی گئی۔ سیرت نگاروں اور اہل نقل کے ہاں یہ مجمع علیہ اور متفقہ مسئلہ ہے جس پر ان میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔[1]

3. امام شافعیؒ نقل کرتے ہیں:

"صلى الناس على رسول الله ﷺ أفرادا لا يؤمهم أحد".

ترجمہ: لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کی نمازِ جنازہ اکیلے اکیلے ادا کی۔ کسی نے بھی اُنہیں باجماعت نماز کی امامت نہ کرائی۔[2]

4. ابن دحیہؒ کہتے ہیں:

"والصحيح أن المسلمين صلوا عليه أفرادا لا يؤمهم أحد".

ترجمہ: راجح اور درست بات یہ ہے کہ مسلمانوں نے آپ ﷺ کی فرداً فرداً نمازِ جنازہ پڑھی اور کسی بھی شخص نے نمازِ باجماعت کی امامت کے فرائض ادا نہ کئے۔[3]

امام نووی نے بھی اسی قول کو راجح قرار دیا ہے۔[4]

---

1) التمہید جلد چہارم صفحہ نمبر 497۔

2) کتاب الام جلد اول صفحہ نمبر 114۔

3) کتاب الام جلد اول صفحہ نمبر 114۔

4) نیل الاوطار جلد چہارم صفحہ نمبر 446۔

تیسرا اِشکال: نبی ﷺ کی نمازِ جنازہ باجماعت کیوں نہ پڑھی گئی؟

صحابہ کرام نے نبی اکرم ﷺ کی نمازِ جنازہ کا باجماعت اہتمام کیوں نہ کیا اور وہ کون سے عوامل واسباب تھے جن کی وجہ سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے انفرادی طور پر آپ ﷺ کی نمازِ جنازہ پڑھنے کو فوقیت دی؟ اس بارے علما کے کئی اقوال ہیں جنہیں درج کرنے کے بعد راجح قول کی نشاندہی کی جائے گی۔

پہلا سبب: آپ ﷺ نے اسی کی ہدایت کی تھی:

ابو القاسم عبد الرحمٰن بن عبد اللہ بن احمد سہیلی آپ ﷺ کے انفرادی نمازِ جنازہ پڑھے جانے کی یہ علت بیان کرتے ہیں:

"وهذا خصوص به ﷺ ولا يكون هذا الفعل إلا عن توقيف وكذلك روى أنه أوصى بذلك".

ترجمہ: یہ (انفرادی نمازِ جنازہ پڑھنا) آپ ﷺ کا خاصہ ہے۔ اور یہ فعل کسی توقیفی (منزل من اللہ) حکم کے بغیر روبہ عمل نہیں ہو سکتا تھا۔ نیز یہ بھی مروی ہے کہ آپ ﷺ نے اس بات کا (صحابہ کرام کو) پابند کیا تھا۔[1]

جہاں تک انفرادی نمازِ جنازہ کا اہتمام کے نبی ﷺ کا خاصہ ہونے کی بات ہے تو کتاب و سنت میں کوئی ایسی ٹھوس دلیل موجود نہیں اور ایسی روایات جس میں نبی ﷺ نے صحابہ کرام کو حکم دیا تھا کہ وہ آپ ﷺ کی نمازِ جنازہ اکیلے اکیلے ادا کریں، انتہائی ضعیف اور ناقابل حجت ہیں۔ ذیل میں ہم ایسی روایات اور ان کا حکم بیان کریں گے:

1. سیدنا علی نے آپ ﷺ سے عرض کیا:

"يا رسول الله ﷺ! إذا أنت قُبضتَ فمن يغسلك، وفيم نكفّنك، ومن

---

1) الروض الانف جلد ہفتم صفحہ نمبر صفحہ نمبر 595،594

يصلى عليك، ومن يدخل القبر؟ فقال النبى ﷺ: يا على! أما الغسل فاغسلنى أنت، والفضل بن عباس يصب عليك الماء وجبريل عليه السلام ثالثكما، فإذا أنتم فرغتم من غسلى فكفنونى فى ثلاثة أثواب جدد، وجبريل عليه السلام يأتنى بحنوط من الجنة، فإذا أنتم وضعتمونى على السرير فضعونى فى المسجد واخرجوا عنى، فإن أوّل من يصلى على الرب عزوجلّ من فوق عرشه ثم جبريل عليه السلام ثم ميكائيل ثم إسرافيل عليهما السلام ثم الملائكة زمرًا زمرًا، ثم ادخلوا فقوموا صفوفًا لا يتقدم على أحد".

ترجمہ: یارسول اللہ ﷺ! جب آپ ﷺ فوت ہوں گے تو آپ ﷺ کو غسل کون دے گا؟ ہم آپ ﷺ کو کفن کس میں دیں گے، آپ کی نماز جنازہ کون پڑھائے گا اور آپ کو قبر میں کون اُتارے گا؟ اس پر نبی ﷺ نے فرمایا: اے علی! غسل تو مجھے تم دینا، فضل بن عباس مجھ پر پانی بہائیں گے اور جبرئیل علیہ السلام تمہارے تیسرے ساتھی ہوں گے۔ سو جب تم میرے غسل سے فارغ ہو جاؤ تو مجھے تین نئے کپڑوں میں کفنانا اور جبرئیل علیہ السلام میرے لئے جنت سے حنوط (خوشبو) لائیں گے اور تم مجھے چارپائی میں رکھو تو مجھے مسجد میں رکھ کر مجھ سے پرے ہٹ جانا۔ چنانچہ سب سے پہلے جو میری نمازِ جنازہ پڑھیں گے، وہ ربّ تعالیٰ عرش کے اوپر سے (میری نمازِ جنازہ) پڑھیں گے۔ پھر جبرئیل بعد ازاں میکائیل، اس کے بعد اسرافیل پھر تمام فرشتے جماعت در جماعت میری نمازِ جنازہ پڑھیں گے۔ پھر تم حجرہ میں داخل ہونا اور صفوں میں کھڑے ہونا، کوئی بھی میرا

پیش امام نہ بنے۔[1]

2. سیدنا عبداللہ بن مسعود بیان کرتے ہیں:

"لما ثقل رسول الله ﷺ، قلنا: من يصلي عليك يا رسول الله ﷺ؟ فبكى وبكينا وقال مهلا: غفر الله لكم وجزاكم عن نبيكم خيرًا، إذا غسلتموني وحنطتموني وكفنتموني فضعوني على شفير قبري، ثم اخرجوا عني ساعة، فإن أوّل من يصلي على خليلي وجليسي جبريل وميكائيل، ثم إسرافيل، ثم ملك الموت مع جنود من الملائكة، ثم ليبدأ بالصلاة على رجال أهل بيتي، ثم نساؤهم، ثم ادخلوا أفواجًا أفواجًا وفرادى»

ترجمہ: جب رسول اللہ ﷺ کی بیماری شدت اختیار کر گئی تو ہم نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ کی نمازِ جنازہ کون پڑھائے گا؟ اس پر آپ ﷺ رو دیئے اور ہم بھی اشک بار ہو گئے۔ پھر کچھ دیر بعد آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالی تمہاری مغفرت فرمائے اور تمہارے نبی کی طرف سے تمہیں جزائے خیر دے۔ جب تم مجھے غسل دے لو، مجھے کافور لگالو اور مجھے کفن دے دو تو مجھے میری قبر کے کنارے رکھ دینا، پھر کچھ دیر کے لئے مجھ سے دور ہو جانا، چنانچہ سب سے پہلے میری نمازِ جنازہ میرے خلیل و ہم نشین جبرئیل و میکائیل پڑھیں گے، پھر اسرافیل، ازاں بعد ملک الموت فرشتوں کے لشکروں سمیت میری نماز جنازہ پڑھیں گے۔ پھر میری نمازِ جنازہ کا آغاز میرے اہل بیت کے فرد، ان کے بعد اہل

---

1) معجم کبیر طبرانی 2676۔ مجمع الزوائد جلد نہم صفحہ نمبر 130۔

بیت کی عورتیں کریں۔ پھر تم گروہ در گروہ اور تنہا تنہا داخل ہونا (اور نماز ادا کرنا)۔[1]

نیز اس معنی کی تمام روایات جن میں وضاحت ہے کہ نبی ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو فرداً فرداً نماز جنازہ پڑھنے کا حکم دیا تھا، ضعیف اور ناقابل حجت ہیں۔ امام شوکانی اس مفہوم کی تمام روایات پر ان الفاظ میں تبصرہ کرتے ہیں:

"وأما ما روى أن صلاتهم عليه فرادى كان بوصية منه ﷺ فلم يصح في ذلك شيء".

ترجمہ: اور وہ روایات جن میں منقول ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آپ ﷺ کی انفرادی طور پر نمازِ جنازہ آپ کے حکم کے پیش نظر ادا کی تھی، ایسی کوئی بھی روایت پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچتی۔[2]

دوسرا سبب: خلیفہ کے تعین کا خدشہ:

نبی ﷺ کی باجماعت نمازِ جنازہ کا اہتمام نہ کرنے کا دوسرا سبب یہ بیان کیا جاتا ہے کہ چونکہ ابھی خلیفہ کی نامزدگی عمل میں نہ آئی تھی لہٰذا خدشہ تھا کہ جو شخص آپ ﷺ کی نماز جنازہ کی امامت کرائے گا تو وہ اس عمل سے ہمیشہ کے لئے امام و خلیفہ مقرر ہو جائے گا۔ چنانچہ

1. امام رملیؒ بیان کرتے ہیں:

"لأنه لم يكن قد تعين إمام يؤم القوم، فلو تقدم واحد في الصلاة لصار مقدما في كل شيء وتعين للخلافة".

ترجمہ: آپ ﷺ کی باجماعت نمازِ جنازہ اس لئے نہ پڑھی جا سکی کہ ابھی ایسا امام و خلیفہ متعین نہ ہوا تھا جو لوگوں کو امامت کراتا۔ اور اگر کوئی نمازِ جنازہ میں آگے

---

1) مستدرک حاکم جلد سوم صفحہ نمبر 62۔ حلیہ الاولیاء لابی نعیم جلد اوّل صفحہ نمبر 169، 167۔

2) السیل الجرار جلد اول صفحہ نمبر 216۔

ہوتا تو وہ تمام اُمور میں امام ہو جاتا تھا اور خلافت کے لئے نامزد ہو جاتا۔[1]

2. صحیح مسلم کی شرح المنہاج میں بھی یہ سبب مذکور ہے کہ:

"آپ کی باجماعت نمازِ جنازہ کا اہتمام اس لئے نہ ہو سکا کہ اس وقت کوئی امام مقرر نہ ہوا تھا"۔[2]

آپ ﷺ کی باجماعت نمازِ جنازہ کے عدمِ اہتمام کی یہ علت و سبب غیر معتمد اور نا قابل اعتبار ہے، کیونکہ اس دوران نمازِ پنجگانہ کی امامت کی پابندی ہو رہی تھی اور ان نمازوں کے لئے امام بھی مقرر تھا۔ پھر آپ ﷺ کی نماز جنازہ سے قبل ہی سیدنا ابو بکر صدیق خلیفہ نامزد ہو چکے تھے۔ امام نووی اس علت کو باطل اور غیر مؤثر قرار دیتے ہوئے کہتے ہیں:

"وهٰذا غلط، فإن إمامة الفرائض لم تتعطل، ولأن بيعة أبي بكر كانت قبل دفنه، وكان إمام الناس قبل الدفن".

ترجمہ: آپ ﷺ کی نمازِ جنازہ باجماعت نہ پڑھنے کا یہ عذر کہ اس وقت کوئی امام مقرر نہ تھا، یہ دعویٰ باطل ہے، کیونکہ فرض نمازوں کی امامت کا عمل بحال تھا اور اس لئے بھی یہ دعویٰ باطل ہے کہ ابو بکرؓ کی بیعت آپ ﷺ کی تدفین سے پہلے ہو چکی تھی اور وہ اس سے پہلے خلیفہ بھی نامزد ہو چکے تھے۔[3]

تیسرا اور راجح سبب: براہِ راست اجر و ثواب کا کامل حصول:

صحابہ کرام کے نبی ﷺ کی انفراداً نماز جنازہ پڑھنے کا تیسرا سبب یہ بیان کیا جاتا ہے کہ آپ ﷺ کے احترام و فضیلت کی وجہ اور تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اس شدید خواہش اور لگن کی وجہ سے

---

1) نہایت المحتاج جلد دوم صفحہ نمبر 482۔

2) شرح نووی جلد ہفتم صفحہ نمبر 36۔

3) شرحِ نووی جلد ہفتم صفحہ نمبر 36۔

کہ وہ تمام انفراداً نمازِ جنازہ پڑھ کر برکت حاصل کریں، بایں طور کہ ان کا کوئی پیش امام نہ ہو اور ان کے اور نبی ﷺ کے درمیان کوئی تیسرا فرد حائل نہ ہو تاکہ ان کے اجر وثواب اور برکت کے حصول میں کمی واقع نہ ہو۔ یہ وہ محرکات تھے جن کی وجہ سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ ﷺ کی نمازِ جنازہ انفرادی طور پر پڑھنے کے لئے متفق ہوئے تھے۔ اس سبب کے دلائل حسبِ ذیل ہیں:

1. امام شافعیؒ بیان کرتے ہیں:

"صلى الناس على رسول الله ﷺ أفرادًا ولا يؤمهم أحد، وذلك لعظم أمر رسول ﷺ وتنافسهم في أن لا يتولى الإمامة في الصلاة عليه واحد".

ترجمہ: لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کی نمازِ جنازہ فرداً فرداً پڑھی اور کسی بھی شخص نے اُنہیں نماز باجماعت کی امامت نہ کرائی، کیونکہ ایک تو آپ ﷺ کی عظمت و احترام ملحوظ تھا، دوسرا صحابہ کرام کا اس اجر وثواب میں ہم سری کا جذبہ موجزن تھا کہ آپ ﷺ کی نمازِ جنازہ کی امامت کا کوئی ایک شخص مستحق نہ ٹھہرے۔ (بلکہ وہ تمام لوگ اس اجر وثواب میں برابر کے شریک ٹھہریں)[1]

نوٹ: رسول اللہ کے جنازے کے حوالے سے 'احترام وعظمت والے' قول کی تائید شیعہ کتب میں موجود اس روایت سے بھی ہوتی ہے:

"فلما فرغ أمير المؤمنين عليه السلام من غسله وتجهيزه تقدم فصلى عليه وحده ولم يشترك معه أحد في الصلاة عليه وكان المسلمون في المسجد يخوضون فيمن يؤمهم في الصلاة عليه وأين يدفن؟ فخرج إليهم أمير المؤمنين عليه السلام فقال لهم: إن

---

1) کتاب الام جلد اول صفحہ نمبر 314۔

رسول الله ﷺ إماما حيًا وميتًا فيدخل إليه فوج بعد فوج منكم فيصلون عليه بغير إمام وينصرفون، وإن الله تعالى لم يقبض نبيًا في مكان إلا وقد ارتضاه لرمسه فيه وإني دافنه في حجرته التي قبض فيها فسلم القوم لذلك ورضوا به".

ترجمہ: جب امیر المؤمنین (سیدنا علی) آپ کے غسل اور تجہیز و تکفین سے فارغ ہوئے تو اُنہوں نے آگے بڑھ کر تن تنہا آپ ﷺ کی نمازِ جنازہ کا اہتمام کیا اور اس میں کوئی دوسرا فرد ان کے ساتھ شریکِ نماز نہ ہوا۔ جب کہ دیگر مسلمان اس مسئلہ میں کہ آپ کی نمازِ جنازہ کی امامت کون کرائے اور آپ کی تدفین کس جگہ ہو؟ سوچ و بچار میں مبتلا تھے، پھر امیر المؤمنین ان کے پاس تشریف لائے اور ارشاد کیا: بلاشبہ رسول اللہ زندہ اور مردہ (دونوں حالتوں میں) ہمارے امام و پیش رو ہیں، لہذا تم گروہ در گروہ (حجرہ شریف میں) داخل ہو کر امام کے بغیر (انفرادی طور پر) آپ کی نمازِ جنازہ پڑھو اور واپس آتے جاؤ اور اللہ تعالیٰ نے نبی کو جس جگہ موت سے دوچار کیا ہے، اس نے آپ کی تدفین کے لیے اسی جگہ کو پسند کیا ہے۔ اس لیے میں آپ کو جہاں آپ کی روح قبض ہوئی ہے، حجرہ میں اسی جگہ دفنانے والا ہوں۔ چنانچہ ان کی رائے کو تمام حاضرین نے تسلیم و قبول کر لیا۔[1]

2. امام قرطبیؒ لکھتے ہیں:

"أرادوا أن يأخذ كل أحد بركته مخصوصًا دون أن يكون فيها تابعًا لغيره".

---

1) مرات العقول جلد پنجم صفحہ نمبر 265۔ منہاج البراعہ فی شرح نہج البلاغہ صفحہ 19۔

ترجمہ: (صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین آپ ﷺ کی نمازِ باجماعت کے اس لئے قائل نہ ہوئے کہ) اُن میں سے ہر شخص آپ ﷺ کی نمازِ جنازہ کی برکت خاص کو بایں صورت حاصل کرنا چاہتا تھا کہ کوئی شخص اس برکت میں کسی دوسرے کا تابع نہ بنے (بلکہ وہ تمام اس اجر و ثواب اور برکت کے برابر مستحق ٹھہریں)۔[1]

کیا صحابیاتِ کرام بھی آپ ﷺ کی نمازِ جنازہ میں شریک ہوئی تھیں؟

وہ روایات جن میں آتا ہے کہ مرد حضرات کے بعد عورتوں نے بھی اِنفراداً آپ ﷺ کی نماز جنازہ کا اہتمام کیا تھا، وہ تمام روایات نا قابل احتجاج ہیں اور اس بارے کوئی صحیح و مستند روایت موجود نہیں جس میں عورتوں کا نبی ﷺ کی نمازِ جنازہ پڑھنا ثابت ہو۔ اس نوع کی کچھ روایات گزر چکی ہیں اور عورتوں کے آپ ﷺ کی نمازِ جنازہ پڑھنے کی عبد اللہ بن عباس سے مروی روایت بھی ضعیف ہے، جس میں آپ کی طرف یہ قول منسوب کیا گیا ہے:

"فلما فرغوا من جهازه يوم الثلاثاء وضع على سريره في بيته ثم دخل الناس على رسول الله ﷺ أرسالًا، يصلون عليه. حتى إذا فرغوا أدخلوا النساء، حتى إذا فرغوا أدخلوا الصبيان، ولم يؤم الناس على رسول الله ﷺ أحد".

ترجمہ: پس جب بروز منگل صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ ﷺ کی تجہیز و تکفین سے فارغ ہوئے تو آپ کو آپ کے گھر میں آپ ﷺ کی چارپائی پر رکھا گیا۔ پھر لوگ گروہ در گروہ اندر داخل ہو کر نماز پڑھنا شروع ہوئے۔ حتیٰ کہ جب مرد حضرات فارغ ہو چکے تو اُنہوں نے عورتوں کو اندر بھیجا اور جب وہ (نماز سے) فارغ ہوئیں تو بچوں کو بھیجا اور لوگوں کو رسول اللہ ﷺ کی نمازِ جنازہ کی امامت کسی شخص نے نہ

---

1) جامع لاحکام القرآن جلد چہارم صفحہ نمبر 225۔

کرائی۔[1]

مندرجہ بالا یہ ساری تحریر رسالہ محدث صفحہ نمبر 39 تا 51 بمطابق مارچ 2011 عیسوی سے ماخوذ کی گئی ہے۔ اللہ تعالی اس کے لکھنے والے کو جزائے خیر عطاء فرمائے۔

1) مسند احمد جلد اول صفحہ نمبر 292۔ مسند ابی یعلیٰ جلد اول رقم 22۔ سنن ابنِ ابی ماجہ رقم 1628۔

باب دوم

اہل سنت اور شیعہ روایات کا مطالعہ

جنازہ رسول خدا ﷺ پر اہل سنت روایات:

جناب ابو بکر و عمر علیہما السلام اور دوسرے صحابہ کرام علیہم السلام کی رسول اللہ ﷺ کے جنازہ مبارک میں شرکت پر اہل سنت کے معتبر مصادر کی روایات ملاحظہ ہوں:

حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام اور تجہیز و تکفین:

امام المتقین خلیفہ بلا فصل حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام کا جنازہ رسول خدا ﷺ کے وقت موجود ہونے کا ثبوت ملاحظہ فرمائیں:

"حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ أَنْبَأَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَقَ حَدَّثَنِي حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا أَرَادُوا أَنْ يَحْفِرُوا لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثُوا إِلَى أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ وَكَانَ يَضْرَحُ كَضَرِيحِ أَهْلِ مَكَّةَ وَبَعَثُوا إِلَى أَبِي طَلْحَةَ وَكَانَ هُوَ الَّذِي يَحْفِرُ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ وَكَانَ يَلْحَدُ فَبَعَثُوا إِلَيْهِمَا رَسُولَيْنِ وَقَالُوا اللَّهُمَّ خِرْ لِرَسُولِكَ فَوَجَدُوا أَبَا طَلْحَةَ فَجِيءَ بِهِ وَلَمْ يُوجَدْ أَبُو عُبَيْدَةَ فَلَحَدَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَلَمَّا فَرَغُوا مِنْ جِهَازِهِ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ وُضِعَ عَلَى

سَرِيرِهِ فِي بَيْتِهِ ثُمَّ دَخَلَ النَّاسُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْسَالًا يُصَلُّونَ عَلَيْهِ حَتَّى إِذَا فَرَغُوا أَدْخَلُوا النِّسَاءَ حَتَّى إِذَا فَرَغُوا أَدْخَلُوا الصِّبْيَانَ وَلَمْ يَؤُمَّ النَّاسَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَدٌ لَقَدْ اخْتَلَفَ الْمُسْلِمُونَ فِي الْمَكَانِ الَّذِي يُحْفَرُ لَهُ فَقَالَ قَائِلُونَ يُدْفَنُ فِي مَسْجِدِهِ وَقَالَ قَائِلُونَ يُدْفَنُ مَعَ أَصْحَابِهِ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا قُبِضَ نَبِيٌّ إِلَّا دُفِنَ حَيْثُ يُقْبَضُ قَالَ فَرَفَعُوا فِرَاشَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي تُوُفِّيَ عَلَيْهِ فَحَفَرُوا لَهُ ثُمَّ دُفِنَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَطَ اللَّيْلِ مِنْ لَيْلَةِ الْأَرْبِعَاءِ وَنَزَلَ فِي حُفْرَتِهِ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ وَالْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ وَقُثَمُ أَخُوهُ وَشُقْرَانُ مَوْلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ أَوْسُ بْنُ خَوْلِيٍّ وَهُوَ أَبُو لَيْلَى لِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ أَنْشُدُكَ اللَّهَ وَحَظَّنَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ عَلِيٌّ انْزِلْ وَكَانَ شُقْرَانُ مَوْلَاهُ أَخَذَ قَطِيفَةً كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْبَسُهَا فَدَفَنَهَا فِي الْقَبْرِ وَقَالَ وَاللَّهِ لَا يَلْبَسُهَا أَحَدٌ بَعْدَكَ أَبَدًا فَدُفِنَتْ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ".

ترجمہ: حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، انہوں نے فرمایا: جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے قبر تیار کرنے کا ارادہ کیا تو حضرت ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجا، وہ مکہ والوں کے رواج کے مطابق صندوقی (شق والی) قبر بناتے تھے۔ اور حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کو بھی پیغام بھیجا، وہ مدینہ والوں کی قبریں تیار کیا کرتے تھے اور بغلی (لحد والی) قبر بناتے تھے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ان دونوں حضرات کی طرف دو (الگ الگ) آدمیوں کو بھیجا اور کہا: اے اللہ! اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بہتر صورت مہیا فرما۔ حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ مل گئے، انہیں (قبر تیار کرنے کے لیے) لے آیا گیا۔ حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ (گھر پر) نہ ملے۔ چنانچہ ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بغلی (لحد والی) قبر تیار کی۔ منگل

کے دن جب رسول اللہ ﷺ کی تجہیز و تکفین سے فراغت ہوئی تو آپ ﷺ (کے جسد مبارک) کو آپ کے حجرۂ مبارک میں آپ کی چارپائی پر لٹا دیا گیا۔ لوگ گروہ در گروہ اندر داخل ہوتے تھے اور نماز جنازہ ادا کرتے۔ جب مرد فارغ ہو گئے تو خواتین کو داخل ہونے کی اجازت دی گئی۔ جب ان سے فراغت ہوئی تو بچوں کو اندر جانے کی اجازت دی گئی۔ رسول اللہ ﷺ کی نماز جنازہ کے لیے کسی نے لوگوں کی امامت نہیں کی۔ (اس کے بعد) مسلمانوں میں اس معاملے میں اختلاف رائے پیش آیا کہ رسول اللہ ﷺ کی قبر مبارک کہاں تیار کی جائے۔ کچھ حضرات نے کہا: نبی ﷺ کو مسجد نبوی میں دفن کیا جائے۔ کچھ حضرات نے کہا نبی ﷺ کو اپنے صحابہ کے ساتھ (بقیع کے قبرستان میں) دفن کیا جائے۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ فرمان سنا ہے: "جو بھی نبی فوت ہوا، وہ جہاں فوت ہوا، وہیں دفن ہوا۔" چنانچہ صحابہ نے رسول اللہ ﷺ کا وہ بستر اٹھایا، جس پر آپ کی وفات ہوئی تھی، اور (اس مقام پر) نبی ﷺ کی قبر مبارک تیار کی، پھر بدھ کی رات، آدھی رات کے وقت آپ ﷺ کی تدفین عمل میں آئی۔ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما، ان کے بھائی حضرت قثم رضی اللہ عنہ اور رسول اللہ ﷺ کے آزاد کردہ غلام حضرت شقران رضی اللہ عنہ قبر میں اترے۔ ابو لیلیٰ اوس بن خولی رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ کو اللہ کا واسطہ اور رسول اللہ ﷺ سے ہمارے تعلق کا واسطہ! علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ بھی (قبر میں) اتر آئیں۔ حضرت شقران رضی اللہ عنہ مولیٰ رسول اللہ ﷺ کے پاس وہ چادر تھی جو رسول اللہ ﷺ اوڑھا کرتے تھے۔ انہوں نے وہ چادر بھی قبر میں دفن کر دی اور کہا: اللہ کی قسم! آپ کے بعد یہ چادر کبھی کوئی دوسرا شخص استعمال نہیں کرے گا، چنانچہ وہ چادر رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہی دفن ہوئی۔ (1)

جناب بہز بن اسد رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ سیدنا ابو عسیب یا ابو عسیم رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ:

"إِنَّهُ شَهِدَ الصَّلَاةَ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوا: كَيْفَ نُصَلِّي عَلَيْهِ؟ قَالَ:

---

1) سنن ابن ماجہ رقم حدیث ۱۶۲۸۔ مسند ابی یعلیٰ جلد ۱، رقم حدیث ۲۲۔ سنن الکبریٰ للبیہقی جلد ۴ کتاب الجنائز رقم حدیث ۶۹۰۶۔

ادْخُلُوا أَرْسَالًا أَرْسَالًا، قَالَ: فَكَانُوا يَدْخُلُونَ مِنْ هٰذَا الْبَابِ، فَيُصَلُّونَ عَلَيْهِ، ثُمَّ يَخْرُجُونَ مِنَ الْبَابِ الْآخَرِ، قَالَ: فَلَمَّا وُضِعَ فِي لَحْدِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ الْمُغِيرَةُ: قَدْ بَقِيَ مِنْ رِجْلَيْهِ شَيْءٌ لَّمْ يُصْلِحُوهُ، قَالُوا: فَادْخُلْ فَأَصْلِحْهُ، فَدَخَلَ، وَأَدْخَلَ يَدَهٗ، فَمَسَّ قَدَمَيْهِ، فَقَالَ: أَهِيلُوا عَلَيَّ التُّرَابَ، فَأَهَالُوا عَلَيْهِ التُّرَابَ، حَتّٰى بَلَغَ أَنْصَافَ سَاقَيْهِ، ثُمَّ خَرَجَ، فَكَانَ يَقُولُ: أَنَا أَحْدَثُكُمْ عَهْدًا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ".

ترجمہ: وہ نبی کریم ﷺ کی نماز جنازہ کے وقت مدینہ منورہ میں موجود تھے، لوگ کہنے لگے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی نماز جنازہ کیسے ادا کریں؟ سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایک ایک گروہ کی شکل میں داخل ہوں۔ چنانچہ لوگ ایک دروازے سے داخل ہو کر نبی کریم ﷺ کی نماز جنازہ ادا کرتے اور دوسرے دروازے سے باہر نکل جاتے۔ جب آپ ﷺ کو قبر میں اتارا گیا، تو سیدنا مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کہنے لگے: نبی کریم ﷺ کے مبارک پاؤں کی جانب سے کچھ حصہ ایسا رہ گیا، جسے درست نہیں کیا گیا۔ لوگوں نے کہا: پھر آپ ہی قبر میں اتر کر اسے صحیح کر دیں۔ چنانچہ وہ قبر مبارک میں اترے اور اپنا ہاتھ قبر میں ڈالا۔ جب قدم مبارک کو چھوا، تو کہنے لگے: اب میری طرف سے مٹی ڈالو، لوگوں نے مٹی ڈالنا شروع کر دی، یہاں تک کہ وہ ان (سیدنا مغیرہ رضی اللہ عنہ) کی آدھی پنڈلیوں تک پہنچ گئی۔ پھر وہ باہر نکل آئے اور کہنے لگے: نبی کریم ﷺ سے سب سے قریب کا زمانہ مجھے ملا ہے۔[1]

غسل کے وقت جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام کا موجود ہونا:

ابن سعد رحمۃ اللہ علیہ اپنے طبقات میں سیدنا علی المرتضی علیہ السلام سے روایت لائے ہیں کہ:

"أخبرنا محمد بن عمر، حدثني عبد الله بن محمد بن عمر بن علي بن أبي طالب عن أبيه عن جده عن علي بن أبي طالب قال: لما أخذنا في جهاز رسول الله، أغلقنا الباب دون

---

1) مسند الامام احمد جلد ۵، رقم ۲۱۰۴، وسندہٗ صحیح۔

الناس جميعاً فنادت الأنصار نحن أخواله ومكاننا من الإسلام مكاننا ونادت قريش: نحن عصبتها فصاح أبوبكر: يا معشر المسلمين كل قوم أحق بجنازتهم من غيرهم، فنشدكم الله فإنكم إن دخلتم أخرتموهم عنه، والله لا يدخل عليه أحد إلا من دعى".

ترجمہ: جناب علی بن ابی طالب علیہ السلام سے مروی ہے کہ جب ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل دینے کی تیاری شروع کی تو سب لوگوں کو باہر کر دیا اور دروازہ بند کر دیا تو انصار نے آواز دی کہ ہم لوگ آپ کے ماموں ہیں اور ہمارا مرتبہ اسلام میں وہ ہے جو سب جانتے ہیں پھر قریش نے آواز دی کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جدی عزیز ہیں ابو بکر صدیق علیہ السلام نے فرمایا: اے گروہ مسلمین ہر قوم اپنے جنازے کی اپنے غیر سے زیادہ حقدار ہے اس لیے میں تمہیں اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ اگر تم لوگ اندر جاؤ گے تو تم ان (علی و فضل و اسامہ) کو آپ سے ہٹا دو گے واللہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کوئی نہ جائے سوائے اس کے جو بلایا گیا ہے۔[1]

قبر کی کھدائی کے وقت جناب عمر فاروق اعظم علیہ السلام کا موجود ہونا:

امام ابن ماجہ رحمۃ اللہ علیہ اپنی سنن میں نقل فرماتے ہیں کہ:

"حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ بْنِ عُبَيْدَةَ بْنِ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ طُفَيْلٍ الْمُقْرِئُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا مَاتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخْتَلَفُوا فِي اللَّحْدِ، وَالشَّقِّ، حَتَّى تَكَلَّمُوا فِي ذَلِكَ وَارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمْ، فَقَالَ عُمَرُ: لَا تَصْخَبُوا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيًّا وَلَا مَيِّتًا، أَوْ كَلِمَةً نَحْوَهَا، فَأَرْسَلُوا إِلَى الشَّقَّاقِ، وَاللَّاحِدِ جَمِيعًا، فَجَاءَ اللَّاحِدُ فَلَحَدَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ دُفِنَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ".

---

1) طبقات ابن سعد جلد ۲ صفحہ ۳۸۶، باب غسل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتسمیہ من رسلہ۔

ترجمہ: جب رسول اللہ ﷺ کا انتقال ہو گیا، تو لوگوں نے بغلی اور صندوقی قبر کے سلسلے میں اختلاف کیا، یہاں تک کہ اس سلسلے میں باتیں بڑھیں، اور لوگوں کی آوازیں بلند ہوئیں، تو جناب عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: رسول اللہ ﷺ کے پاس زندگی میں یا موت کے بعد شور نہ کرو، یا ایسا ہی کچھ کہا، بالآخر لوگوں نے بغلی اور صندوقی قبر بنانے والے دونوں کو بلا بھیجا، تو بغلی قبر بنانے والا پہلے آ گیا، اس نے بغلی قبر بنائی، پھر اس میں رسول اللہ ﷺ کو دفن کیا گیا۔ (1)

امام ابن سعد رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

"أخبرنا محمد بن عمر، أخبرنا سفيان بن عيينة عن جعفر بن محمد عن أبيه قال: صلى على رسول الله، بغير إمام يدخل عليه المسلمون زمرا زمرا يصلون عليه فلما فرغوا نادى عُمَرُ: خلوا الجنازة وأهلها".

ترجمہ: جعفر بن محمد نے اپنے والد سے روایت کی کہ رسول اللہ ﷺ پر بغیر امام کے اس طرح نماز پڑھی گئی کہ مسلمان گروہ گروہ ہو کر پاس آتے نماز پڑھتے جب فارغ ہوتے تو عمر فاروق اعظم علیہ السلام آواز دیتے کہ جنازہ اور اہل جنازہ کو چھوڑ دو۔ (2)

جناب ابو بکر و عمر علیہما السلام کا نماز جنازہ میں شریک ہونا:

طبقات ابن سعد میں امام ابن سعد رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں کہ:

"لما كفن رسول الله ﷺ ووضع على سريره دخل ابوبكر وعمر فقالا: السلام عليك ايها النبي ورحمة الله وبركاته ومعهما نفر من المهاجرين والانصار قدر ما يسع البيت فسلموا كما سلم ابوبكر وعمر وهما في الصف الاول حيال رسول الله ﷺ: اللهم انا

---

1) سنن ابن ماجہ جلد ۲، رقم حدیث ۱۵۵۸۔

2) طبقات ابن سعد جلد ۲ صفحہ ۳۹۵۔

نشهد انه قد بلغ ما انزل اليه...ثم يخرجون ويدخلون آخرون حتى صلوا عليه الرجال ثم النساء ثم الصبيان".

ترجمہ: جب حضور نبی کریم ﷺ کو کفن دیا جا چکا اور چارپائی پر آپ کو رکھا گیا تو حضرت ابو بکر و عمر علیہما السلام داخل ہوئے اور فرمایا: اے نبی آپ پر سلامتی ہو، اور آپ پر اللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں، ان دونوں کے ساتھ جتنے حجرہ میں آسکتے تھے اتنے مہاجرین وانصار بھی تھے، جس طرح ابو بکر و عمر علیہما السلام نے سلام کیا انہوں نے بھی اسی طرح سلام پڑھا، حضرت ابو بکر و عمر علیہما السلام صف اول میں حضور ﷺ کے سامنے تھے اور یوں کہتے تھے: اے اللہ! ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ ﷺ نے وہ وحی پوری طرح پہنچائی جو آپ پر نازل کی گئی۔۔ پھر یہ نکلتے اور دوسرے لوگ داخل ہوتے تھے حتی کہ سب مردوں پھر عورتوں اور پھر بچوں نے نماز وسلام کا فریضہ ادا کیا۔[1]

اس روایت سے بھی شیخین علیہما السلام سمیت بقیہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نماز جنازہ میں شرکت کا ثبوت ملتا ہے۔

امامیہ مصادر سے صحابہ کرام کا نماز جنازہ میں شامل ہونے کا ثبوت:

اب امامیہ مصادر کی روایات ملاحظہ فرمائیں کلینی نقل کرتا ہے:

"عن ابی جعفر الصادق علیہ السلام قال: لما قبض رسول الله صلت عليه الملائكة والمهاجرين والانصار فوجا فوجا".

ترجمہ: امام باقر نے فرمایا جب رسول اللہ کی وفات ہو گئی تو آپ پر سب فرشتوں نے سب مہاجرین نے سب انصار نے گروہ گروہ ہو کر نماز پڑھی۔[2]

---

1) طبقات ابن سعد جلد ۲ صفحہ ۳۹۴۔ البدایہ والنہایہ جلد ۲۔

2) اصول کافی جلد ۱، کتاب الحجۃ ابواب التاریخ باب مولد النبی۔

حضرت سلمان علیہ السلام کہتے ہیں کہ:

"فاتيت عليا علیہ السلام وهو يغسل رسول الله صلى الله عليه وآله فاخبرته بما صنع الناس وقلت ان ابا بكر الساعة على منبر رسول الله".

ترجمہ: میں حضرت علی کے پاس اس وقت آیا جب آپ رسول اللہ کو غسل دے رہے تھے، میں نے بتایا کہ لوگوں نے اس وقت یہ کچھ کیا ہے اور میں نے کہا کہ ابو بکر اس وقت ممبر پر بیٹھے ہیں۔[1]

اس سے ثابت ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غسل کے وقت امام اول خلیفہ بلا فصل حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام انصار کے ساتھ سقیفہ بنی ساعدہ میں نہیں بلکہ مسجد نبوی میں تھے اور مسجد نبوی آپ کے گھر کے ساتھ ہی تو تھی۔ لہذا امامیہ کی معتبر ترین کتاب کے اس حوالے سے یہ ثابت ہوا کہ تمام مہاجرین و انصار نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نماز جنازہ ادا کر لیا تھا۔ مزید ملاحظہ فرمائیں جناب امام باقر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

"حتى صلى عليه واهل المدينه اهل العوالى".

ترجمہ: تمام اہل مدینہ اور مدینہ کے اس پاس والوں نے رسول اللہ پر نماز پڑھ لی۔[2]

یہاں پر جناب باقر رحمۃ اللہ علیہ کے فرمان سے یہ ثابت ہو گیا کہ مدینہ والے اور مدینہ کے آس پاس والوں نے بھی نماز پڑھ لی۔ مطلب یہ کہ کوئی صحابی بھی نہ رہے جنہوں نے نماز جنازہ نہ پڑھا ہو چاہے مدینہ منورہ میں موجود ہوں یا مدینہ کے ساتھ دائیں بائیں آس پاس رہنے والے صحابی ہوں۔ جناب عباس علیہ السلام حضرت علی علیہ السلام سے کہتے ہیں کہ:

"لوگوں نے حضور کو بقیع میں دفن کرنے پر اتفاق کر لیا ہے اور اس پر بھی اتفاق کر لیا ہے کہ نماز جنازہ کی

---

1) اصول کافی جلد ۲، کتاب الروضہ۔ احتجاج طبرسی جلد ۱۔

2) اصول کافی جلد ۱، کتاب الحجۃ، ابواب التاریخ باب مولد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

امامت ابو بکر صدیق کروائیں گے"۔[1]

اس روایت کی سند کو باقر مجلسی نے حسن درجے کی تسلیم کیا ہے اس روایت سے ثابت ہوا کہ جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام سقیفہ میں انصار کے پاس نہیں تھے ورنہ جو شخص موجود ہی نہ ہو اس کو شامل کرنے کی بحث اور وہ بھی امام منتخب کرنا بے معنی بات ہوگی۔ حضرت سلمان علیہ السلام مزید فرماتے ہیں کہ:

"ثم أدخل عشرة من المهاجرين وعشرة من الأنصار فيصلون ويخرجون حتى لم يبق من المهاجرين والأنصار إلا صلى عليه".

ترجمہ: دس دس مہاجرین اور انصار نماز کے لیے داخل ہوتے اور خارج ہوتے یہاں تک کہ مہاجرین اور انصار میں سے کوئی ایک بھی نہیں رہا جس نے جنازہ نہ پڑھا ہو۔[2]

امامیہ مصادر کی روایات پر شیعی علماء کے اعتراضات و اشکالات کے جوابات:

قارئین کرام! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جنازہ میں شیخین رضی اللہ عنہما سمیت جمیع مہاجرین و انصار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی موجودگی و حاضری کی روایات اہل سنت مصادر کے بعد اب خود اہل تشیع کے معتبر ترین مصادر سے آپ نے ملاحظہ فرمالیا اور یقیناً یہ ثبوت اپنے دعوی پر کافی و شافی ہیں۔ اب اس کے بعد ذیل میں ہماری طرف سے پیش کی گئی شیعی کتب کی روایات پر امامیہ کے اعتراضات و اشکالات اور ان کے جوابات ملاحظہ فرمائیں:

اعتراض اول:

امامیہ کا مطالبہ ہے کہ حضرت سلمان فارسی علیہ السلام کی روایت میں شیخین علیہما السلام کے ناموں کی تصریح دکھائی جائے؟

---

1) حیات القلوب جلد ۲، باب حالات بعد از وفات سرور کائنات۔

2) احتجاج طبرسی جلد ۱ صفحہ ۹۶، باب ذکر ماجری بعد وفات رسول اللہ۔

جواب:

ہم کہتے ہیں پہلے ذرا اس روایت سے شیخین علیہما السلام کو نکال کر تو دکھایا جائے؟ اس روایت میں شیخین علیہما السلام شامل ہیں، چنانچہ جناب سلمان فارسی علیہ السلام کے الفاظ ملاحظہ فرمائیں:

"حتى لم يبق من المهاجرين والأنصار إلا صلى عليه".

ترجمہ: مہاجرین اور انصار میں سے کوئی ایک بھی نہیں رہا جس نے نماز جنازہ نہ پڑھی ہو۔[1]

اور یہ بات مسلم بین الفریقین ہے کہ حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام اور حضرت عمر فاروق اعظم علیہ السلام مہاجرین میں شامل تھے۔ اس کے بعد بھی اگر ناموں کی تصریح ضروری ہے تو کسی باسند روایت سے ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نام دکھائیں جن کو آپ مانتے ہیں؟ ان کا تفصیلی تذکرہ آگے باب سوم میں آ رہا ہے انشاء اللہ۔

دوسرا اعتراض:

امامیہ مصادر کی روایت، جس میں مہاجرین و انصار صحابہ کرام علیہم السلام کی جنازہ میں شمولیت کے حوالے سے ذکر موجود ہے، کو ہماری طرف سے پیش کیا جاتا ہے۔ اس پر محمد حسین ڈھکو صاحب نے تجلیات صداقت میں اس کا یہ جواب دیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ:

"ہر جگہ استغراق و عموم مراد نہیں ہوتا کہ اس سے کسی کو خارج نہ کیا جاسکے"۔[2]

جواب اول:

یعنی جناب یہ کہنا چاہتے ہو کہ مہاجرین و انصار کے الفاظ سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ سقیفہ بنی ساعدہ میں موجود شیخین علیہما السلام سمیت دوسرے صحابہ بھی جنازہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم میں شامل تھے؟ یہ قاعدہ

---

1) احتجاج طبرسی جلد ا صفحہ ۹۶، باب ذکر ما جری بعد وفات رسول اللہ۔

2) تجلیات صداقت بجواب تجلیات آفتاب صفحہ ۴۴۶۔

وہاں پیش کیا جا سکتا ہے جہاں کسی خارجی دلیل سے کسی کا بالتخصیص مذکورہ عموم سے خارج ہونا موجود ہو۔ اور امامیہ مصادر میں کہیں بھی باسند روایات میں ایسا کوئی ثبوت موجود نہیں جس سے جملہ مہاجرین وانصار میں سے شیخین علیہما السلام، جناب ابو عبیدہ بن الجراح علیہ السلام یا جو بھی سقیفہ بنی ساعدہ میں موجود تھے ان کی نفی جنازہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالہ سے ثابت ہو۔

جواب دوم:

سقیفہ بنی ساعدہ میں عارضی طور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم گئے تھے جن میں اکثریت مہاجرین میں سے پہلے ہی وہاں موجود تھے۔ لیکن وہاں بیعت خلافت کے معاملات ختم ہو گئے تھے اور وہ جنازہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں شامل ہو گئے تھے جیسا کہ اصول کافی کی روایت کے الفاظ ہیں کہ امام باقر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

"صلت عليه الملائكة والمهاجرين والانصار فوجا فوجا".

ترجمہ: فرشتوں، مہاجرین اور انصار نے گروہ در گروہ نماز جنازہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پڑھی۔[1]

ایک اور روایت میں تو مزید وضاحت موجود ہے کہ شیخین علیہما السلام شامل ہیں چنانچہ حضرت سلمان فارسی علیہ السلام کے الفاظ ملاحظہ فرمائیں:

"حتى لم يبق من المهاجرين والأنصار إلا صلى عليه".

ترجمہ: مہاجرین اور انصار میں سے کوئی ایک بھی نہیں رہا جس نے نماز جنازہ نہ پڑھی ہو۔[2]

اس روایت نے تخصیص توڑ دی، تمام مہاجرین وانصار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نماز جنازہ پڑھی۔ اگر سقیفہ والے حضرات نے حاضری نہ دی ہوتی تو جناب سلمان علیہ السلام ضرور ان کی تخصیص کر کے نفی کرتے۔ اسی طرح احتجاج طبرسی میں ہی ہے کہ:

---

1) اصول کافی جلد ۱، کتاب الحجۃ باب مولد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رقم 1229.

2) کتاب سلیم بن قیس صفحہ ۷۰، باب حالات انتقال نبوی۔ احتجاج طبرسی جلد ۱ صفحہ ۹۶، باب ذکر ماجری بعد وفات رسول اللہ۔

"والناس يصلون عليه من بايع ابا بكر ومن لم يبايع".

ترجمہ: ان تمام حضرت نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی نماز جنازہ پڑھ لی جنہوں نے جناب ابو بکر صدیق عَلَیْہِ السَّلَام کی بیعت کی یا جنہوں نے آپ کی بیعت نہیں کی۔[1]

یہ روایت بھی ڈھکو صاحب کی تخصیص کو رد کر رہی ہے سب جانتے ہیں کہ جناب عمر فاروق اعظم عَلَیْہِ السَّلَام اور جملہ وہ حضرات صحابہ کرام جو سقیفہ میں تھے مہاجرین حضرات میں سے ہیں، جنہوں نے جناب ابو بکر صدیق عَلَیْہِ السَّلَام کی بیعت فرمائی۔

تیسرا اعتراض:

علامہ کرم الدین رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ کی آفتاب ہدایت کے جواب میں محمد حسین ڈھکو نے اس روایت کا جواب دینے کی کوشش کی جس میں یہ تھا کہ نماز جنازہ میں امامت کے فرائض ادا کرنے کے بارے میں صحابہ کرام نے جناب ابو بکر صدیق عَلَیْہِ السَّلَام پر اتفاق کیا۔ اس کے جواب میں ڈھکو صاحب نے یہ لکھا کہ اس میں جنازہ پڑھنے کا اشارہ نہ ہونے کے ساتھ ساتھ جناب ابو بکر کا نام بھی روایت میں موجود نہیں **(خلاصہ عبارت)**۔[2]

جواب اول:

پہلی بات تو یہ ہے کہ اس روایت کو اس غرض سے پیش کیا گیا ہے کہ جناب ابو بکر صدیق عَلَیْہِ السَّلَام غسل و دفن کے وقت سقیفہ بنی ساعدہ میں موجود نہیں تھے اور یہ دعوی ہمارا روایت سے تو ثابت ہو رہا ہے کہ جناب ابو بکر صدیق عَلَیْہِ السَّلَام اور آپ کے ساتھ جو صحابہ کرام سقیفہ میں تھے وہ وہاں سے آ چکے تھے اور وہ سب مسجد نبوی میں حجرہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے متصل مسجد نبوی میں ہی تھے۔ شیخین عَلَیْہِمَا السَّلَام اور دوسرے

---

1) الاحتجاج طبرسی جلد ا صفحہ ۹۴، باب ماجری بعد رسول اللہ۔

2) تجلیات صداقت بجواب تجلیات آفتاب صفحہ ۴۴۶۔

مہاجرین و انصار کا مسجد نبوی میں رسول اللہ ﷺ کے حجرہ کے پاس ہونے کو غائب سے تعبیر کرنا جہالت ہے۔اب اتنے زیادہ صحابہ کرام چھوٹے سے حجرہ کے اندر تو سما نہیں سکتے تھے؟ اگر ڈھکو میاں کی یہ ضد ہے تو یہ بچگانہ اور جہالت ہے، علمی اعتراض نہیں حجرہ رسول اللہ ﷺ کے حوالے سے امامی مصنف ظفر حسن امروہہ نے لکھا ہے کہ:

"توضیح۔چونکہ حجرہ رسول میں زیادہ لوگوں کی گنجائش نہ تھی۔لہذا دس دس آدمیوں نے پڑھی"۔[1]

جواب دوم:

ڈھکو صاحب نے اپنی اس تحریر کی نفی کی کہ مولانا کرم دین رحمۃ اللہ علیہ کی نقل کردہ روایت میں جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام کا نام نہیں جبکہ ان کی طرف سے دوسری نقل کردہ روایت میں آپ علیہ السلام کا نام موجود ہے ملاحظہ فرمائیں:

"چنانچہ جناب عباس جناب علی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا کہ لوگوں نے رسول اللہ کو جنت البقیع میں دفن کرنے پر اتفاق کر لیا ہے۔اور اس پر بھی اتفاق کر لیا ہے کہ نماز جنازہ کے امام ابو بکر ہوں گے"۔[2]

اس روایت پر مجلسی نے حسن درجہ کا حکم لگایا ہے۔[3]

فرض کفایہ ضروری یا خلافت و امامت کا تعین:

بالفرض ہم یہ تسلیم کر لیں کہ شیخین علیہما السلام رسول اللہ ﷺ کی نماز جنازہ پر نہیں آئے تو اس صورت میں بھی کوئی اعتراض ان پر نہیں ہو سکتا۔اس پر تفصیلی جواب ملاحظہ فرمائیں:

---

1) الشافی ترجمہ اصول کافی جلد ۱ صفحہ ۵۵۷۔

2) تاریخ روضہ الصفا جلد ۲ صفحہ ۴۲۴۔

3) حیات القلوب جلد ۲ صفحہ ۱۱۹۸، باب شست و چہارم حالات بعد از وفات سرور کائنات۔

۱۔ ایک تو رسول اللہ ﷺ پر جو جنازہ ہو اوہ اس طرح نہیں تھا کہ ایک امام ہو اور اس کے پیچھے باقی نماز پڑھیں بلکہ آپ ﷺ پر صرف درود شریف کی صورت میں جنازہ ہوا اور اس قسم کے جنازے (یعنی درود شریف) کو تو شیخین علیہما السلام اور دوسرے صحابہ کرام اسی حجرہ مبارک کے ساتھ ہی مسجد نبوی میں دن رات پڑھتے رہے چاہے نماز میں ہو یا ذکر و اذکار میں ہو۔

۲۔ نماز جنازہ فرض کفایہ ہے جو چند لوگوں کے ادا کرنے سے سب پر یہ فرض ساقط ہو جاتا ہے، جیسا کہ جناب عمر بن طلحہ علیہ السلام کے جنازہ کے بارے میں آتا ہے کہ:

"جب وہ فوت ہو گئے تو رسول اللہ ﷺ آئے اور ان کے گھر میں ہی نماز جنازہ پڑھائی آپ ﷺ آگے کھڑے ہوئے اور جناب ابو طلحہ علیہ السلام آپ کے پیچھے تھے اور جناب ام سلیم علیہا السلام آپ کے پیچھے تھیں اور ان کے ساتھ جنازہ میں کوئی اور نہیں تھا"۔[1]

اگر جنازہ کی نماز فرض عین ہوتی تو تمام صحابہ کرام کو بلایا جاتا۔ اس صورت میں بھی شیخین علیہما السلام پر اعتراض نہیں ہو سکتا۔

۳۔ فرض کفایہ کے ساتھ امامت کبریٰ و خلافت کا معاملہ بھی دین اسلام کا ہی تھا جس کا تعین رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد صحابہ کرام پر فرض تھا جس کو امام اول خلیفہ بلا فصل حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام اور جناب عمر فاروق اعظم علیہ السلام نے اپنی حکمت عملی و علم سے اللہ کی رضامندی (صحیح بخاری، نہج البلاغہ) سے بخوبی سر انجام دیا۔

---

1) سنن کبریٰ بیہقی جلد ۴، کتاب الجنائز رقم حدیث ۶۹۰۸۔

پھر شیخین علیہما السلام خود سے تو انصار کے پاس نہیں گئے تھے بلکہ یہ جس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسد اقدس کے پاس تھے اسی دوران کسی نے ان کو بلایا جیسا کہ اس پر صحیح روایات گواہ ہیں۔[1]

تدفین سے قبل انتخاب خلیفہ و امام کی حکمت یہی تھی اور امام نووی نے اسی کو بیان کرتے ہوئے رقم کیا کہ: شیخین علیہما السلام کا عذر واضح تھا کہ انہوں نے بیعت میں جلدی مسلمانوں کی بڑی مصلحت جان کر فرمائی، تاخیر میں جھگڑا اور اختلاف پڑ سکتا تھا یہاں تک کہ تدفین بیعت کے بعد کی کیونکہ یہ کام بھی اہم و ضروری تھا تاکہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے دفن، کفن، غسل کو بہتر طریقے سے امام و خلیفہ کی ماتحتی میں کیا جائے۔

*

1) صحیح بخاری جلد ۳، رقم حدیث ۶۸۳۰۔ صحیح ابن حبان۔

باب سوم

امامی علماء کے دلائل و مستدلات کا جائزہ

حضرات شیخین علیہما السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جنازہ میں شامل تھے اس کے دلائل اور ان دلائل پر امامیہ کے اعتراضات کے جوابات پچھلے صفحات میں آپ نے ملاحظہ فرمائے۔ اب اس باب میں حضرات شیخین علیہما السلام کے جنازہ رسول میں شامل نہ ہونے کے حوالے سے امامی مصنفین کی طرف سے پیش کیے گئے دلائل واستدلالات کا آپریشن ہو گا ملاحظہ فرمائیں:

مصنف ابن ابی شیبہ کے حوالہ کی حقیقت:

امامی عالم ابو علی نجفی اور شہنشاہ نقوی صاحب نے حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام اور حضرت عمر فاروق اعظم علیہ السلام کے جنازہ میں شامل نہ ہونے کے ثبوت میں مصنف ابن ابی شیبہ کی روایت پیش کی ہے۔[1]

جواب اول- مصنف ابنِ ابی شیبہ کی روایت کی اسنادی بحث:

یہ روایت سرے سے حجت ہی نہیں ہے وجہ اس کی یہ ہے کہ اس میں ایک راوی جناب عروہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ ہیں جو مرکزی راوی ہیں جن کی روایت کو بنیاد بنا کر نقوی صاحب نے جناب ابو بکر و

---

1) جنازہ رسول خدا۔ مصائب فاطمۃ الزہرا۔ مصنف ابن ابی شیبہ۔

عمر علیہ السلام پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دفن و جنازہ میں عدم حاضری کا استدلال کیا۔ حالانکہ جناب عروہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت حضرت عمر فاروق اعظم علیہ السلام کی خلافت کے اخیر میں یا حضرت عثمان علیہ السلام کی خلافت کی ابتداء میں ہوئی[1]۔ لہذا اس واقعہ میں خود جناب عروہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ کی موجودگی ناممکن ہے انہوں نے کسی مجہول سے یہ سنا جس کا نام نامعلوم ہے۔

ثانیاً اس روایت کو قبول نہ ہونے کی دوسری علت اس میں ایک راوی جناب ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ بے شک یہ ثقہ ہیں اور صحیح بخاری کے راویوں میں سے ہیں لیکن یہاں اس روایت میں جناب ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ کی روایت قابل قبول نہیں ہوگی شرح اس کی یہ ہے کہ جناب ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ کی صرف وہ روایات حجت و قبولیت کے حکم میں ہیں جو عراق کے سفر سے پہلے کی ہیں کیونکہ عراق جانے کے بعد ان کے حافظہ کا مسئلہ بن گیا تھا اس کی تفصیل ملاحظہ فرمائیں، علامہ حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں کہ:

"قال يعقوب بن شيبه ثقه ثبت لم ينكر عليه شئ الا ما صار الى العراق".

ترجمہ: "جناب یعقوب بن شیبہ فرماتے ہیں کہ ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ ثقہ ثبت ہیں اور کسی چیز کا انکار نہیں، لیکن عراق جانے کے بعد ان کے بارے میں رائے تبدیل ہوگئی۔[2]

اسی طرح جناب ابو الحسن قطان فرماتے ہیں کہ:

"تغير قبل موته ولم ار له فى ذالك سلفا".

ترجمہ: "ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ موت سے پہلے تبدلی آگئی تھی ایسی تبدیلی ہم نے ان میں پہلے کبھی نہیں دیکھی"۔[3]

---

1) تذکرۃ الحفاظ جلد ا صفحہ ۱۰۱۔ تہذیب التہذیب جلد ۷ صفحہ ۱۸۳۔

2) تہذیب التہذیب جلد ششم حرف الھا۔

3) تہذیب التہذیب جلد ششم حرف الھا۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ جناب ہشام بن عروہ نے یہ زیر بحث روایت عراق جانے سے پہلے بیان کی یا بعد میں تو اس کے لیے یہاں واضح کر دینا مناسب ہے کہ زیر بحث مصنف ابن ابی شیبہ کی روایت عراق جانے کے بعد جناب ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کی گئی ہے کیونکہ کہ جناب ہشام سے بیان کرنے والے راوی جناب عبد اللہ بن نمبر ہیں جو عراقی ہیں چنانچہ جناب خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں کہ:

"سمع منه باخرة وكيع، وابن نمير، ومحاضر".

ترجمہ: "جناب ہشام سے آخری عمر میں سننے والے جناب وکیع، جناب عبد اللہ بن نمیر اور جناب محاضر ہیں"۔[1]

اور یہ واضح ہے کہ جناب ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ کی آخری عمر عراق میں بھی گزری جہاں پر عبد اللہ بن نمیر نے ان سے نقوی صاحب کی پیش کردہ روایت بیان کی۔ بہر حال یہ روایت منقطع اور غیر معتبر ہے، شاذ ہے۔

رہی بات ان کے صحیحین کے راوی ہونے کے بارے میں تو عرض یہ ہے کہ آخری عمر کے حوالے سے مختلط و تغیر کے ریمارکس کا کوئی اثر ان پر نہیں پڑتا کیونکہ محدثین کے ہاں یہ طے شدہ بات ہے کہ صحیحین میں جتنے بھی متغیر راوی موجود ہیں ان حضرات کی ان دونوں کتب میں بیان کی گئی روایات اختلاط سے پہلے کی ہیں۔[2]

جواب دوم۔ زیر بحث روایت کتب معتبرہ کی متصل اسناد کے خلاف ہے:

مصنف ابنِ ابی شیبہ کی روایت اسنادی حیثیت اوپر واضح کر دی گئی ہے اب اس کا رد فریقین کی معتبر کتب سے بھی ثابت کیا جائے گا۔ زیر بحث روایت میں مجہول اطلاع میں یہ کہا گیا ہے کہ شیخین علیہما السلام

---

1) تاریخ بغداد للخطیب البغدادی جلد ۱۴ صفحہ ۴۰۔

2) مقدمہ ابن اصلاح صفحہ ۳۹۸۔ المنہاج شرح صحیح مسلم امام نووی جلد ۱ صفحہ ۱۹۰۔

رسول اللہ ﷺ کے دفن ہونے تک سقیفہ میں انصار کے پاس تھے جبکہ متصل متواتر روایات اس کا رد کر رہی ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ شیخین علیہما السلام اور دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے:

"حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا قُبِضَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخْتَلَفُوا فِي دَفْنِهِ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا مَا نَسِيتُهُ، قَالَ: مَا قَبَضَ اللَّهُ نَبِيًّا إِلَّا فِي الْمَوْضِعِ الَّذِي يُحِبُّ أَنْ يُدْفَنَ فِيهِ. ادْفِنُوهُ فِي مَوْضِعِ فِرَاشِهِ".

ترجمہ: "جب رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی تو آپ کی تدفین کے سلسلے میں لوگوں میں اختلاف ہوا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے رسول اللہ سے ایک ایسی بات سنی ہے جو میں بھولا نہیں ہوں، آپ نے فرمایا: جتنے بھی نبی ہوئے ہیں اللہ نے ان کی روح وہیں قبض کی ہے جہاں وہ دفن کیا جانا پسند کرتے تھے (اس لیے) تم لوگ انہیں ان کے بستر ہی کے مقام پر دفن کرو"۔[1]

جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام نے یہ حدیث اس وقت سنائی جب رسول اللہ ﷺ کا جنازہ ہونے والا تھا اور آپ رضی اللہ عنہ نے کچھ معاملات کو حل فرمایا سوال ہوا جس کو جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام نے ہی حل فرمایا جبکہ جناب عروہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ والی ضعیف منقطع روایت میں یہ تھا کہ شیخین علیہما السلام دفن تک انصار میں تھے جب کے یہ متصل روایت یہ ثابت کر رہی ہے کہ جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام دفن کے وقت پاس موجود تھے اور یہ حدیث جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام نے اس وقت سنائی جب دفنانے کا وقت تھا چنانچہ صحابی رسول

---

1) جامع ترمذی جلد ۱، رقم ۱۰۱۸۔ مصنف ابن ابی شیبہ جلد ۱۴، باب ما جاء فی وفات النبی ﷺ۔ مسند ابی یعلیٰ موصلی جلد ۱ صفحہ ۴۶، تحت مسندات جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام۔ سنن ابن ماجہ جلد ۲، باب ذکر وفات و دفنہ ﷺ۔

جناب عسیب علیہ السلام فرماتے ہیں کہ:

"إِنَّهُ شَهِدَ الصَّلَاةَ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوا: كَيْفَ نُصَلِّي عَلَيْهِ؟".

ترجمہ: "وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دفن کے وقت حاضر تھے جس وقت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کیسے نماز پڑھی جائے گی؟"۔[1]

اس کا جواب بھی جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام نے ہی دیا اگر آپ دفن کے وقت حاضر ہی نہ ہوتے تو وہاں کے معاملات کیسے حل فرماتے؟

جس طرح مصنف ابن ابی شیبہ کی منقطع ضعیف متروک روایت کے رد میں جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام کا وقت جنازہ حاضر رہنا اوپر ثابت کیا گیا ہے اسی طرح فاروق اعظم علیہ السلام کی طرف سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دفن کے وقت حاضر ہونے کا ثبوت ملاحظہ فرمائیں جس میں آپ علیہ السلام کی برکت سے قبر کی قسم کا اختلاف اللہ تعالیٰ نے فرمایا ملاحظہ فرمائیں:

"حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ بْنِ عُبَيْدَةَ بْنِ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ طُفَيْلٍ الْمُقْرِئُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا مَاتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخْتَلَفُوا فِي اللَّحْدِ، وَالشَّقِّ، حَتَّى تَكَلَّمُوا فِي ذَلِكَ وَارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمْ، فَقَالَ عُمَرُ: لَا تَصْخَبُوا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيًّا وَلَا مَيِّتًا، أَوْ كَلِمَةً نَحْوَهَا، فَأَرْسَلُوا إِلَى الشَّقَّاقِ، وَاللَّاحِدِ جَمِيعًا، فَجَاءَ اللَّاحِدُ فَلَحَدَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ دُفِنَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ".

ترجمہ: "جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہو گیا، تو لوگوں نے بغلی اور صندوقی قبر کے سلسلے میں اختلاف کیا، یہاں تک کہ اس سلسلے میں باتیں بڑھیں، اور لوگوں کی آوازیں بلند ہوئیں، تو عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: رسول اللہ

---

1) مسند احمد جلد ۹، رقم ۲۱۰۴۷۔

ﷺ کے پاس زندگی میں یا موت کے بعد شور نہ کرو، یا ایسا ہی کچھ کہا، بالآخر لوگوں نے بغلی اور صندوقی قبر بنانے والے دونوں کو بلا بھیجا، تو بغلی قبر بنانے والا پہلے آ گیا، اس نے بغلی قبر بنائی، پھر اس میں رسول اللہ ﷺ کو دفن کیا گیا۔ (1)

جناب عبد اللہ بن عباس علیہ السلام بھی یہی کہہ رہے ہیں کہ جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام نے یہ اس وقت قبر کی جگہ کا مسئلہ حل فرمایا جب رسول اللہ ﷺ کو غسل دیا جا چکا تھا اور دفن و جنازہ کی تیاری شروع ہونے والے تھی چنانچہ جناب عبد اللہ بن عباس علیہ السلام کے الفاظ یہ ہیں:

"فَلَمَّا فُرِغَ مِنْ جِهَازِ رَسُولِ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ، وُضِعَ عَلَى سَرِيرِهِ، وَقَدْ كَانَ الْمُسْلِمُونَ اخْتَلَفُوا فِي دَفْنِهِ، فَقَالَ قَائِلٌ: نَدْفِنُهُ فِي مَسْجِدِهِ، وَقَالَ قَائِلٌ: بَلْ يُدْفَنُ مَعَ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم يَقُولُ: مَا قُبِضَ نَبِيٌّ إِلَّا دُفِنَ حَيْثُ قُبِضَ".

ترجمہ: "جب رسول اللہ ﷺ کو غسل دے کر چارپائی پر رکھا گیا تو صحابہ کرام میں دفن کی جگہ کا اختلاف ہوا کچھ نے کہا رسول اللہ ﷺ کو مسجد میں دفن کیا جائے تو کچھ نے کہا کہ آپ ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ بقیع میں دفن کیا جائے۔ اسی اثنا میں حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام نے فرمایا میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ نبی کا جہاں وصال ہوتا ہے وہیں اس کو دفن کیا جاتا ہے"۔ (2)

تنبیہ: شہنشاہ نقوی نے حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام والی روایت کی سند کو ضعیف ثابت کرنے کی کوشش کی ہے اس کے لیے عرض ہے کہ جن طرق پر نقوی صاحب نے تحفظات کا اظہار کیا اس کے علاوہ بھی دوسرے طرق اس روایت کے موجود ہیں، پھر بھی اگر نقوی صاحب بضد رہیں تو جواب یہ ہے

---

1) سنن ابن ماجہ جلد ۲، رقم ۱۵۵۸۔

2) مسند ابی یعلیٰ جلد ۱، رقم ۲۲۔ سنن الکبری بیہقی جلد ۴، کتاب الجنائز رقم ۶۹۰۶۔

کہ ان اسناد کو مصنف ابن ابی شیبہ کی ضعیف منقطع روایت کے مقابلے میں سمجھا جائے۔ مصنف ابن ابی شیبہ کی منقطع متروک اور ضعیف روایت یہ کہتی ہے کہ شیخین علیہما السلام رسول اللہ ﷺ کے دفن کے وقت انصار میں تھے لیکن یہ سب کو معلوم ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات سوموار کو ہوئی اور بدھ کو آپ کو دفنایا گیا۔ (1) اب مصنف ابن ابی شیبہ کی روایت کی روشنی میں ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ شیخین علیہما السلام بدھ والے دن شام کو کدھر واپس آتے جبکہ صحیح سند سے بخاری کی روایت میں موجود ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات کے دوسرے روز ہی جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام ممبر پر عام بیعت کے لیے موجود تھے اور ممبر تو مدینہ منورہ مسجد نبوی ہی میں تھا اور آپ ﷺ کو بھی مسجد نبوی کے ساتھ ہی تو حجرہ مبارک صدیقہ کائنات اماں عائشہ علیہا السلام میں دفن کیا گیا بھلا اس کو کیسے اس پر محمول کیا جاسکتا ہے کہ وہ انصار میں سقیفہ کے مقام پر تھے اور رسول اللہ ﷺ کی تدفین ہو رہی تھی؟ جناب عمر فاروق اعظم علیہ السلام فرماتے ہیں کہ:

"حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى، أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّهُ سَمِعَ خُطْبَةَ عُمَرَ الآخِرَةَ حِينَ جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَذَلِكَ الْغَدَ مِنْ يَوْمِ تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَشَهَّدَ وَأَبُو بَكْرٍ صَامِتٌ لَا يَتَكَلَّمُ، قَالَ: كُنْتُ أَرْجُو أَنْ يَعِيشَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى يَدْبُرَنَا، يُرِيدُ بِذَلِكَ أَنْ يَكُونَ آخِرَهُمْ، فَإِنْ يَكُ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ مَاتَ، فَإِنَّ اللَّهَ تَعَالَى قَدْ جَعَلَ بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ نُورًا تَهْتَدُونَ بِهِ، هَدَى اللَّهُ مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ صَاحِبُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثَانِيَ اثْنَيْنِ، فَإِنَّهُ أَوْلَى الْمُسْلِمِينَ بِأُمُورِكُمْ، فَقُومُوا، فَبَايِعُوهُ، وَكَانَتْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ قَدْ بَايَعُوهُ قَبْلَ ذَلِكَ فِي سَقِيفَةِ بَنِي سَاعِدَةَ، وَكَانَتْ بَيْعَةُ الْعَامَّةِ عَلَى الْمِنْبَرِ، قَالَ الزُّهْرِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، سَمِعْتُ عُمَرَ يَقُولُ لِأَبِي بَكْرٍ يَوْمَئِذٍ: اصْعَدِ

---

1) مسند ابی یعلیٰ جلد ۱، رقم ۲۲۔ البدایہ والنہایہ جلد ۵۔

الْمِنْبَرَ، فَلَمْ يَزَلْ بِهِ حَتَّى صَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَبَايَعَهُ النَّاسُ عَامَّةً".

ترجمہ: "یہ واقعہ رسول اللہ ﷺ کی وفات کے دوسرے دن کا ہے۔ انہوں نے کلمہ شہادت پڑھا، ابو بکر رضی اللہ عنہ خاموش تھے اور کچھ نہیں بول رہے تھے، پھر (عمر رضی اللہ عنہ نے) کہا مجھے امید تھی کہ نبی ﷺ زندہ رہیں گے اور ہمارے کاموں کی تدبیر وانتظام کرتے رہیں گے۔ ان کا منشا یہ تھا کہ نبی کریم ﷺ ان سب لوگوں کے بعد تک زندہ رہیں گے۔ تو اگر آج محمد ﷺ وفات پا گئے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے تمہارے سامنے نور (قرآن) کو باقی رکھا ہے جس کے ذریعہ تم ہدایت حاصل کرتے رہو گے اور اللہ نے محمد ﷺ کو اس سے ہدایت کی اور ابو بکر رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے ساتھی (جو غار ثور میں) دو میں کے دوسرے ہیں، بلاشک وہ تمہارے امور خلافت کے لیے تمام مسلمانوں میں سب سے بہتر ہیں، پس اٹھو اور ان سے بیعت کرو۔ ایک جماعت ان سے پہلے ہی سقیفہ بنی ساعدہ میں بیعت کر چکی تھی، پھر عام لوگوں نے منبر پر بیعت کی۔ زہری نے بیان کیا، ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے، انہوں نے عمر رضی اللہ عنہ سے سنا کہ وہ ابو بکر رضی اللہ عنہ سے، اس دن کہہ رہے تھے، منبر پر چڑھ آیئے۔ چنانچہ وہ اس کا برابر اصرار کرتے رہے، یہاں تک کہ ابو بکر رضی اللہ عنہ منبر پر چڑھ گئے اور سب لوگوں نے آپ سے بیعت کی۔[1]

اب وہی حوالے یہاں پیش کئے جائیں گے جن کی سند پر نقوی صاحب نے اعتراض کیا۔ یاد رہے ان کو نقوی صاحب کی طرف سے پیش کردہ مصنف ابن ابی شیبہ کی ضعیف شاذ روایت کے مقابلے میں پیش کیا جارہا ہے۔

صحیح بخاری و فتح الباری کے حوالوں کی حقیقت:

نجفی صاحب نے صحیح بخاری کی ایک روایت پیش کی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام جناب عائشہ علیہا السلام سے پوچھتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو کفن کتنے کپڑوں میں دیا گیا۔ پھر نجفی

1) صحیح بخاری جلد ۶، رقم ۷۲۱۹۔

نے فتح الباری سے علامہ عسقلانی کی ایک عبارت پیش کی جس سے تاثر یہ دیا کہ علامہ عسقلانی کہہ رہے ہیں کہ یہ لاعلمی جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام کو اس لیے ہوئی کیونکہ آپ خلافت کے معاملات میں مشغول تھے تدفین میں شامل نہ ہو سکے۔[1]

جواب اول:

سب سے پہلے ہم آپ کے سامنے پوری روایت صحیح بخاری سے آپ کے سامنے رکھتے ہوں پھر نجفی صاحب کی خیانت کا پوسٹ مارٹم کریں گے۔ ملاحظہ فرمائیں حضرت ام المومنین عائشہ سلام اللہ علیہا فرماتی ہیں کہ:

"دَخَلْتُ عَلَى أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَقَالَ: فِي كَمْ كَفَّنْتُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، قَالَتْ: فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ بِيضٍ سَحُولِيَّةٍ لَيْسَ فِيهَا قَمِيصٌ وَلَا عِمَامَةٌ، وَقَالَ لَهَا: فِي أَيِّ يَوْمٍ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، قَالَتْ: يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، قَالَ: فَأَيُّ يَوْمٍ هَذَا؟، قَالَتْ: يَوْمُ الِاثْنَيْنِ، قَالَ: أَرْجُو فِيمَا بَيْنِي وَبَيْنَ اللَّيْلِ فَنَظَرَ إِلَى ثَوْبٍ عَلَيْهِ كَانَ يُمَرَّضُ فِيهِ بِهِ رَدْعٌ مِنْ زَعْفَرَانٍ، فَقَالَ: اغْسِلُوا ثَوْبِي هَذَا وَزِيدُوا عَلَيْهِ ثَوْبَيْنِ فَكَفِّنُونِي فِيهَا، قُلْتُ: إِنَّ هَذَا خَلَقٌ، قَالَ: إِنَّ الْحَيَّ أَحَقُّ بِالْجَدِيدِ مِنَ الْمَيِّتِ إِنَّمَا هُوَ لِلْمُهْلَةِ، فَلَمْ يُتَوَفَّ حَتَّى أَمْسَى مِنْ لَيْلَةِ الثُّلَاثَاءِ، وَدُفِنَ قَبْلَ أَنْ يُصْبِحَ".

ترجمہ: "میں (والد ماجد) حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام کی خدمت میں (ان کی مرض الموت میں) حاضر ہوئی تو آپ نے پوچھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تم لوگوں نے کتنے کپڑوں کا کفن دیا تھا؟ حضرت عائشہ سلام اللہ علیہا نے جواب دیا کہ تین سفید دھلے ہوئے کپڑوں کا۔ آپ کو کفن میں قمیض اور عمامہ نہیں دیا گیا تھا اور ابو بکر رضی اللہ عنہ نے ان سے یہ بھی پوچھا کہ آپ کی وفات کس دن ہوئی تھی۔ انہوں نے جواب دیا کہ پیر کے

---

1) جنازہ رسول خدا صفحہ ۱۳۱۔۱۳۳۔

دن۔ پھر پوچھا کہ آج کون سا دن ہے؟ انہوں نے کہا آج پیر کا دن ہے۔ آپ نے فرمایا کہ پھر مجھے بھی امید ہے کہ اب سے رات تک میں بھی رخصت ہو جاؤں گا۔ اس کے بعد آپ نے اپنا کپڑا دیکھا جسے مرض کے دوران میں آپ پہن رہے تھے۔ اس کپڑے پر زعفران کا دھبہ لگا ہوا تھا۔ آپ نے فرمایا میرے اس کپڑے کو دھو لینا اور اس کے ساتھ دو اور ملا لینا پھر مجھے کفن انہیں کا دینا۔ میں نے کہا کہ یہ تو پرانا ہے۔ فرمایا کہ زندہ آدمی نئے (کپڑے) کا مردے سے زیادہ مستحق ہے' یہ تو پیپ اور خون کی نذر ہو جائے گا۔ پھر منگل کی رات کا کچھ حصہ گزرنے پر آپ کا انتقال ہوا اور صبح ہونے سے پہلے آپ کو دفن کیا گیا"۔[1]

یہ پوری روایت آپ کے سامنے رکھ دی ہے۔ ہر جگہ کسی چیز کا پوچھنا لاعلمی پر منطبق نہیں کیا جا سکتا اس کے قرائن و شواہد دیکھنا پڑتے ہیں۔ یہاں پر ہی دیکھیں کہ جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام اس دن کا بھی پوچھ رہے ہیں جس دن میں موجود تھے کہ جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام نے فرمایا: **"فَأَيُّ يَوْمٍ هَذَا؟"** آج کون سا دن ہے؟ جناب عائشہ سلام اللہ علیہا نے جواب دیا: **"يَوْمُ الِاثْنَيْنِ"** آج سوموار کا دن ہے۔[2] حالانکہ جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام اسی دن موجود تھے۔ ثابت ہوا کہ ہر جگہ یہ ضروری نہیں ہوتا کہ کسی چیز کا اس لیے پوچھا گیا ہو جس کا کہنے والے کو علم نہ ہو کفن کے سوال کو بھی اسی پر محمول کیا جا سکتا ہے۔

جواب دوم:

دوسری بات یہ ہے کہ امام المتقین خلیفہ بلافصل حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام کے مرض الوفات کے دن چل رہے تھے۔ شدت مرض اور عمر کی زیادتی کی وجہ ساتھ بھی اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کفن

---

1) صحیح بخاری رقم ۱۳۸۷۔

2) صحیح بخاری رقم ۱۳۸۷۔

کے کپڑوں کی تعداد ان کے ذہن سے محو ہو گئی تو یہ کوئی ناممکن نہیں۔ اور نہ اس کا بھولنا ہی کوئی عیب کی بات ہے۔

جواب سوم:

علامہ عسقلانی کی عبارت میں بالفرض تدفین (یعنی لحد مبارک میں اتارے جانے) میں شمولیت نہ کرنے کی بات ہوئی ہے تو دفن کرنے کی ذمہ داری تو خود امامیہ کے مطابق اہل بیت کی تھی۔ چنانچہ نجفی صاحب نے خود ہی نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے حضرت علی عَلَیْہِ السَّلَام کو وصیت میں فرمایا:

"سب لوگوں سے پہلے مجھ پر نماز پڑھنا اور مجھ سے اس وقت تک جدا نہ ہونا جب تک میرے جسد نورانی کو لحد کے سپرد نہ کر دینا اور اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرنا"۔[1]

جواب چہارم:

علامہ عسقلانی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ کی عبارت میں نجفی صاحب نے ڈنڈی ماری ہے وہاں پر دفن کی بات نہیں بلکہ کفن کی بات ہو رہی ہے ملاحظہ فرمائیں علامہ عسقلانی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ فرماتے ہیں کہ:

"ویحتمل ان یکون السؤال علی قدر الکفن علی حقیقتہ لانہ لم یحضر ذلک لاشتغالہ بامر البیعۃ".

ترجمہ: "اور اس بات کا بھی احتمال ہے کہ سوال کفن کی مقدار معلوم کرنے کے لئے کیا گیا ہو تا کہ (کفن کی) حقیقت واضح ہو جائے، کیونکہ بیعت کے معاملہ میں مشغول رہنے کی وجہ سے وہ (کفنانے) میں حاضر نہ ہو سکے ہوں گے"۔[2]

---

1) جنازہ رسول خدا صفحہ ۸۵ بحوالہ مناقب آل ابی طالب جلد ا صفحہ ۲۹۳۔ جلا العیون جلد ا صفحہ ۱۳۷۔

2) فتح الباری شرح صحیح البخاری جلد ۳ صفحہ ۲۹۷، کتاب الجنائز باب موت یوم الاثنین، رقم ۱۳۵۳۔

یہاں پر دیکھیں کفن کی بات ہو رہی ہے نہ کہ دفن کی اور اس حوالے سے بھی علامہ عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے یقین سے یہ نہیں لکھا کہ خلافت کی بیعت میں مشغول ہونے کے باعث آپ علیہ السلام چوں کہ کفن دیتے وقت حاضر نہیں تھے اس لیے پوچھنا پڑا، بلکہ یہاں پر بھی محض امکان و احتمال کے طور پر آپ رحمۃ اللہ علیہ نے یہ نقل کیا۔ جبکہ روایات اس پر گواہ ہیں کہ دفن کا مسئلہ حل ہی جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام نے فرمایا بھلا وہ دفن کے وقت غیر حاضر کیسے ہو سکتے ہیں چنانچہ اس پر ہم نے باب اول میں روایات پیش کی ہیں۔ ایک روایت یہاں پر بھی پیش کر دیتے ہیں چنانچہ ابن ماجہ میں ہے حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ:

"لَقَدْ اخْتَلَفَ الْمُسْلِمُونَ فِي الْمَكَانِ الَّذِي يُحْفَرُ لَهُ فَقَالَ قَائِلُونَ يُدْفَنُ فِي مَسْجِدِهِ وَقَالَ قَائِلُونَ يُدْفَنُ مَعَ أَصْحَابِهِ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا قُبِضَ نَبِيٌّ إِلَّا دُفِنَ حَيْثُ يُقْبَضُ قَالَ فَرَفَعُوا فِرَاشَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي تُوُفِّيَ عَلَيْهِ فَحَفَرُوا لَهُ".

ترجمہ: "صحابہ کرام میں اس معاملے میں اختلاف رائے پیش آیا کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کہاں تیار کی جائے۔ کچھ حضرات نے کہا: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد نبوی میں دفن کیا جائے۔ کچھ حضرات نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے صحابہ کے ساتھ (بقیع کے قبرستان میں) دفن کیا جائے۔ حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ فرمان سنا ہے: ''جو بھی نبی فوت ہوا، وہ جہاں فوت ہوا، وہیں دفن ہوا۔'' اس کے بعد چنانچہ صحابہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ بستر اٹھایا، جس پر آپ کی وفات ہوئی تھی، اور (اس مقام پر) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک تیار کی"۔[1]

---

1) سنن ابن ماجہ جلد ۱، کتاب الجنائز رقم ۱۶۲۸۔ جامع ترمذی کتاب الجنائز رقم ۱۰۱۸۔ مسند ابی یعلیٰ جلد ۱ مسندات ابو بکر صدیق علیہ السلام رقم ۲۲۔۴۱۔

اس روایت سے ثابت ہوا کہ جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام دفن کے وقت موجود تھے۔ اسی لیے علامہ عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے محض احتمال نقل کیا ہے۔

جواب پنجم:

امام المتقین خلیفہ بلا فصل حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام کی یہ گفتگو اماں عائشہ علیہا السلام سے جس وقت کی ہے اس کا تعلق قریب الوفات وقت سے ہے اور اس وقت میں کوئی بات ذہن سے محو ہو جانے سے یہ نتیجہ نہیں نکالا جا سکتا کہ وہ جس کا پوچھ رہے ہیں سرے سے ان کے بارے میں علم ہی نہیں یا کہیں خاموش ہیں اور خود جواب نہیں دے رہے تو سرے سے اس کا علم ہی نہیں رکھتے۔ ایک مثال ہم اسی صحیح بخاری سے دیتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت قرآن مجید کی آیت پڑھ کر امام المتقین خلیفہ بلا فصل حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام نے وفات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مسئلہ قرآن مجید سے حل فرمایا اور ایک نازک وقت میں امت کی داد رسی فرمائی۔ آپ کے علاوہ کسی کے بھی ذہن میں قرآن مجید کا وہ مقام و مفہوم آیت نہیں آ رہا تھا جس سے وفات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے رہنمائی ملتی ہے۔ حالانکہ وہاں جناب علی علیہ السلام و جناب عبد اللہ بن عباس علیہ السلام جیسے حافظ و قرآن جیسے علم قرآن رکھنے والے موجود تھے اس کے باوجود جنہوں نے یہ مسئلہ وفات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حل فرمایا ہے تو وہ حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام کی ذات مبارکہ ہے چنانچہ آپ کے اس عمل کے بعد جناب عبد اللہ بن عباس علیہ السلام فرماتے ہیں کہ:

"وَاللَّهِ كَأَنَّ النَّاسَ لَمْ يَكُونُوا يَعْلَمُونَ أَنَّ اللَّهَ أَنْزَلَ الآيَةَ حَتَّى تَلَاهَا أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَتَلَقَّاهَا مِنْهُ النَّاسُ، فَمَا يُسْمَعُ بَشَرٌ إِلَّا يَتْلُوهَا".

ترجمہ: "اللہ کی قسم ایسا معلوم ہوا کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے آیت کی تلاوت سے پہلے جیسے لوگوں کو معلوم ہی نہ تھا کہ یہ آیت بھی اللہ پاک نے قرآن مجید میں اتاری ہے۔ اب تمام صحابہ نے یہ آیت آپ سے سیکھ لی پھر تو ہر شخص کی زبان پر یہی آیت تھی"۔[1]

---

1) صحیح بخاری رقم ۱۲۴۲۔

الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب کے حوالے کی حقیقت:

ابو علی نجفی نے الاستیعاب سے صحابی رسول جناب ذویب رضی اللہ عنہ کی ایک روایت نقل کی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ جناب ذویب رضی اللہ عنہ مدینہ آتے ہیں اور ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کی خبر ملتی ہے اور وہ لوگوں کے گھروں سے ہوتے ہوئے سقیفہ چلے جاتے ہیں وہاں جناب ابو بکر و عمر اور جناب ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہم کو پایا جب وہاں بیعت خلافت کا عمل مکمل ہو گیا تو جناب ابو بکر رضی اللہ عنہ واپس لوٹے تو میں بھی ان کے ساتھ لوٹا اور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جنازہ اور تدفین میں شامل ہوا۔[1]

جواب اول:

پہلی بات تو یہ ہے کہ اس روایت کی سند ہی درست نہیں اس لیے یہ حجت نہیں۔

جواب دوم:

دوسری بات یہ ہے کہ اس روایت میں کہیں جناب ذویب رضی اللہ عنہ نے جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کفن و دفن میں شریک ہی نہیں ہوئے بلکہ صرف اپنا تذکرہ مختصراً انہوں نے کر دیا۔

جواب سوم:

تیسری بات یہ ہے کہ یہ بھی ضروری نہیں کہ جناب ذویب رضی اللہ عنہ کے آتے ہی فوراً یہ کفن و دفن و جنازہ کمپلیٹ ہو گئے اور جناب ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ شامل نہ ہو سکے۔ یہ ضروری نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر جہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم فوت ہوئے وہاں جناب ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا اکٹھا ہی داخلہ ہو تب ہی وہاں کے افعال میں ان کا شریک سمجھا جائے گا۔

جواب چہارم:

یہ روایت خود نجفی صاحب کے مؤقف کو بھی رد کر رہی ہے کیونکہ جناب نے مصنف ابن ابی

---

1) جنازہ رسول خدا صفحہ ۱۲۱ تا ۱۲۳۔

شیبہ کی منقطع ضعیف روایت سے یہ ثابت کرنا چاہا ہے کہ جناب ابو بکر و عمر علیہما السلام کے سقیفہ سے لوٹنے سے پہلے ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سپرد خاک کر دیا گیا تھا۔[1] جبکہ نجفی صاحب کی ہی پیش کردہ الاستیعاب کی روایت اس کا رد کر رہی ہے کیونکہ وہاں یہ ہے کہ جناب ذویب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ:

"جب سقیفہ میں بیعت کا عمل مکمل ہو گیا تو جناب ابو بکر واپس لوٹے اور میں بھی ان کے ساتھ لوٹا اور تدفین و جنازہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں شامل ہوا"۔[2]

نجفی صاحب کا جب خود کا قبلہ ہی سیدھا نہیں تو وہ کسی کو جنازہ میں شامل اور خارج کیسے ثابت کر سکتے ہیں۔ ایک ہی مؤقف پر ایک روایت سے نتیجہ کچھ نکالا اور اسی حاصل کو دوسری روایت سے رد کر دیا۔ ثابت ہوا بغض اصحاب رسول کی بیماری کا اثر دماغ پر بھی ہوتا ہے۔

ریاض النضرہ کے حوالے کی حقیقت:

ابو علی نجفی نے محب طبری کی طرف سے یہ نقل کیا کہ انہوں نے لکھا ہے:

"حضرت ابو بکر بیعت سقیفہ سے فارغ ہوئے تو سیدھے مسجد نبوی میں چلے گئے اور منبر پر بیٹھ کر بیعت لینے لگے اور بیعت لینے میں اس قدر مشغول ہو گئے کہ تدفین رسول میں شمولیت نہ کر سکے یہاں تک منگل کی شام ہو گئی"۔[3]

جواب اول:

نجفی صاحب نے ترجمہ سے دھوکہ دینے کی کوشش کی ہے حالانکہ اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ سرے سے جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام دفن کے وقت موجود ہی نہیں تھے کیونکہ کہ اس میں محب طبری

---

1) جنازہ رسول خدا صفحہ ۱۳۹۔

2) جنازہ رسول خدا صفحہ ۱۲۳۔

3) جنازہ رسول خدا صفحہ ۱۲۴۔

کے آخری الفاظ یہ موجود ہیں کہ:

"حتی کان آخر اللیل من لیلۃ الثلاثاء".

ترجمہ: "یعنی جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام بیعت لینے میں اتنے مصروف ہوئے کہ منگل کی شام ہو گئی"۔[1]

جبکہ تدفین بدھ کی رات ہوئی جب تدفین ہی بیعت لیتے وقت نہیں ہوئی تو دفن میں شمولیت کی نفی کیسے ہو سکتی ہے۔؟؟ چنانچہ جناب عباس علیہ السلام کہتے ہیں کہ:

"ثُمَّ دُفِنَ صلی اللہ علیہ وسلم وَسَطَ اللَّيْلِ مِنْ لَيْلَةِ الْأَرْبِعَاءِ".

ترجمہ: "بدھ کی نصف رات میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دفن کیا گیا"۔[2]

جواب دوم:

بیعت جہاں لی جا رہی تھی وہ بھی کوئی مدینہ سے باہر جگہ نہیں تھی یا کوئی بازار نہیں تھا کہ عدم شمولیت کا وہم کیا جائے بلکہ بیعت مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں ہی لی جا رہی تھی اور مسجد نبوی حجرہ اہل بیت جناب ام المومنین عائشہ سلام اللہ علیہا کے ساتھ ہی جڑی ہوئی ہے۔

جواب سوم:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دفن کی جگہ کے اختلاف کا مسئلہ ہی جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام نے حل فرمایا تھا۔ نجفی صاحب کا یہ بغض ہے کہ جس کی وجہ سے یہ خیانتیں کی ہیں تا کہ عام قاری کو دھوکہ دیا جا سکے۔ اسی کتاب ریاض النضرہ میں محب طبری صاحب نے اس پر پورا باب قائم کیا ہے جس میں یہ ہے کہ دفن کے اختلاف کے وقت جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سنا کر مسئلہ حل فرمایا اس کے تحت روایات محب طبری نے نقل کی ہیں۔[3]

---

1) ریاض النضرہ جلد ۱ صفحہ ۲۳۷ ذکر بیعتہ سقیفہ ماجری فیہا۔

2) سنن ابنِ ماجہ جلد ۱، کتاب الجنائز باب ذکر وفاتہ ودفنہ صلی اللہ علیہ وسلم رقم ۱۶۲۸۔

3) ریاض النضرہ جلد ۲ صفحہ ۳۷، باب ۴۱، ذکر ثبات یوم توفی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

جواب چہارم:

نجفی صاحب نے ریاض النضرہ کے حوالے کے تحت امام ابنِ کثیر رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے ایک غلط مؤقف پیش کیا کہ وہ بھی یہی کہتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو منگل کی شام کو دفن کر دیا گیا تھا۔[1] اس عبارت کو جناب محب طبری کی عبارت سے جوڑ کر یہ غلط تاثر دیا گیا ہے کہ چونکہ جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام شام تک بیعت لینے میں مشغول رہے اور دوسری طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو منگل کے دن دفنا دیا گیا اس لیے آپ شامل نہ ہو سکے۔

لیکن حقیقت اس کے برعکس ہے کیونکہ امام ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے دفن کے حوالے سے مختلف اقوال نقل کیے ہیں جو قول نجفی صاحب نے امام ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب کیا وہ نہ تو امام ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کا اپنا مؤقف ہے نہ وہ جمہور کا ہے۔ جمہور کا مؤقف بھی وہی ہے جو اوپر ہم نے جناب عباس علیہ السلام کے حوالے سے نقل کیا ہے۔ امام ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ جناب عائشہ سلام اللہ علیہا فرماتی ہیں کہ:

"أنَّ رسولَ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم تُوفِّي یومَ الإثنین، ودفن لیلۃ الأربعاء".

ترجمہ: "جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سوموار کو وفات پائی اور بدھ کی رات کو دفن کیا گیا"۔[2]

اس کے بعد منگل کے قول کی غرابت کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"والمشھورُ عن الجُمْھور ما أسلفْناہ من أنّہ علیہ الصلاۃ والسلام، تُوفِّي یوم الإثنین ودفن لیلۃ الأربعاء".

ترجمہ: "جمہور اسلام سے مشہور جو قول ہے وہ یہ ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سوموار روز وفات پائی اور

---

1) جنازہ رسول خدا صفحہ ۱۲۵۔

2) البدایہ والنہایہ جلد ۲ صفحہ ۱۰۴۸، سنتہ احدی عشرہ من الھجرہ باب متی وقع علیہ الصلاۃ والسلام۔ مکتبہ فاروقیہ کوئٹہ۔

بدھ کی رات کو آپ کو دفن کیا گیا"۔[1]

اسی طرح امامیہ مصنفین نے بھی یہی لکھا ہے چنانچہ احمد بن ابی یعقوب ابن واضح یعقوبی رقمطراز ہے کہ:

"چند دن تک رسول اللہ ﷺ پر نماز پڑھیں جاتی رہی لوگ آتے اور گروہ گروہ کر کے نماز پڑھتے۔ بدھ کی شب جب رات کا ایک حصہ گزر چکا تھا تو رسول اللہ ﷺ کو سپرد خاک کیا گیا"۔[2]

اسی طرح صاحب کشف الغمہ ابی الحسن علی بن عیسیٰ بن ابی الفتح الاردبیلی رقمطراز ہیں کہ:

"وروی الجمهور موته فی الإثنین ثانی عشر ربیع الأول قالوا ولد یوم الإثنین وبعث یوم الإثنین ودخل المدینة یوم الإثنین".

ترجمہ: "جمہور سے مروی ہے آپ ﷺ سوموار بارہ ربیع الاول کو فوت ہوئے، ان کا کہنا ہے کہ آپ سوموار کو پیدا ہوئے، سوموار کو بعثت ہوئی، اور آپ مدینہ میں سوموار کو داخل ہوئے، اور روح بھی آپ کی سوموار کو قبض ہوئی، جیسا کہ ذکر ہوا، اور دفن آپ ﷺ کو بدھ کو کیا گیا"۔[3]

شرح عقائد نسفیہ اور شرح العقائد جرجانی کے حوالوں کی حقیقت:

نجفی صاحب نے علامہ تفتازانی اور علامہ جرجانی کی کتب سے سے جو کچھ لکھا اس کا خلاصہ یہ

---

1) البدایہ والنہایہ جلد ۲ صفحہ ۱۰۴۸، سنتہ احدی عشرہ من الھجرہ باب متی وقع علیہ الصلاۃ والسلام۔ مکتبہ فاروقیہ کوئٹہ۔

2) تاریخ یعقوبی جلد ا صفحہ ۳۴۳، باب وفات رسول اللہ ﷺ۔

3) کشف الغمہ جلد ا صفحہ ۴۴، باب مدت حیات النبی ﷺ۔

ہے کہ صحابہ کرام نے امامت و خلافت کے انعقاد کو تجہیز و تکفین و جنازہ پر مقدم رکھا۔[1]

جواب اول:

پہلی بات یہ ہے کہ ان دونوں علماء متکلمین نے ان عبارات میں یہ تو کہیں نہیں لکھا کہ رسول اللہ ﷺ کی تجہیز و تکفین مکمل ہونے تک یہ سب حضرات بیعت کے انعقاد میں ہی مصروف رہے۔ کسی فعل کو وقتی طور چھوڑنے کو کلی طور پر چھوڑنا نہیں کہتے۔

جواب دوم:

بیعت کا عمل منگل کے دن کو ہی مکمل ہو گیا تھا اور جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام اور جملہ مہاجرین و انصار بھی مسجد نبوی میں ہی موجود تھے جہاں ساتھ ہی رسول اللہ ﷺ کی چارپائی حجرہ ام المومنین عائشہ صدیقہ سلام اللہ علیہا میں رکھی گئی تھی۔ نجفی صاحب اس پر بضد ہیں کہ جو صحابہ کرام سیکڑوں ہزاروں کی تعداد میں تھے وہ سب ایک چھوٹے سے حجرہ میں داخل ہو کر تجہیز و تکفین کے عمل کو پورا کرتے۔ بھلا اتنی بڑی تعداد کا اندر سمانا ممکن تھا؟ اس طرح کے نتائج کے مطالبات مخالف امامی مذہب کے لوگوں کی جہالت پر مبنی ہیں۔

جواب سوم:

اس طرح کی روایات بھی ملتی ہیں کہ گھر والوں نے اندر سے دروازہ بند کر دیا تھا اور انصار صحابہ کرام نے اپنا حصہ ڈالنے کا کہا لیکن ان کو داخل ہونے کی اجازت کا کوئی تذکرہ نہیں ملتا۔ چنانچہ حضرت علی علیہ السلام خود فرماتے ہیں کہ:

"جب ہم نے رسول اللہ ﷺ کے غسل کی تیاری شروع کی تو سب حضرات کو ہم باہر نکال دیا"۔[2]

---

1) جنازہ رسول خدا صفحہ ۱۱۹۔ ۱۲۰۔

2) طبقات ابن سعد جلد ۲ صفحہ ۲۳۲، باب رسول اللہ ﷺ کا غسل۔

تو پھر شیخین علیہما السلام جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کا ہی بوجھ و اختلاف سنبھال کر حل کر رہے تھے ان کا کیا قصور ہے؟

جواب چہارم:

پھر تجہیز و تکفین کی ڈیوٹی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اہل بیت کی لگا کر گئے تھے۔[1] بھلا جو کام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل بیت کے سپرد کیا اس کے نہ کرنے کا شکوہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر کس اصول سے کیا جا سکتا ہے؟

جواب پنجم:

پھر خلافت کے اختلاف کے وقت عارضی طور پر تجہیز و تکفین کو مقدم کرنے کی معقول وجہ بھی نجفی صاحب کے اپنے ہی ایک نقل کردہ حوالے میں موجود ہے چنانچہ تفضیلی رافضی وحید الزماں کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ:

"ابو بکر و عمر کا جلدی کرنا خلافت کے لیے اس وجہ سے تھا کہ وہ نہایت ضروری ہو گیا تھا اور دیر کرنے میں یہ ڈر تھا کہ کہیں اور کوئی آدمی نہ کھڑا ہو جائے اور اسی واسطہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دفن پر مقدم کیا"۔[2]

صواعق محرقہ، ازالۃ الخفاء اور الفاروق کے حوالوں کی حقیقت:

ان تینوں کتب کی عبارات سے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کا حضرات شیخین علیہما السلام کو کوئی غم نہیں تھا اور اسی لیے انہوں نے بیعت خلافت کو جنازہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم

---

1) طبقات ابن سعد جلد ۲ صفحہ ۲۳۲۔ امالی شیخ طوسی جلد ۲ صفحہ ۱۵۳، باب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل و کفن کون دے گا۔

2) جنازہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم صفحہ ۱۲۰۔

پر ترجیح دی۔[1]

جواب اول:

ان تینوں کتب میں کہیں بھی یہ نہیں کہ شیخین علیہما السلام اور دوسرے صحابہ کرام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نماز جنازہ نہیں پڑھا بلکہ صرف خلافت کے مسئلہ کو متقدم کرنے کا ذکر ہے۔ اور ہم اسی کتاب میں یہ ثابت کر آئے ہیں کہ جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام کی بیعت خلافت تجہیز و تکفین و جنازہ سے پہلے ہو گئی تھی۔ عارضی طور پر بیعت میں مصروفیات کی وجہ سے امامیہ کا مدعا ثابت نہیں ہوتا۔

جواب دوم:

اور جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام اور جناب عمر فاروق اعظم علیہ السلام بھی باقاعدہ طور پر بیعت خلافت پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تجہیز و تکفین کو مقدم نہیں کر رہے تھے بلکہ اچانک سقیفہ بنی ساعدہ کے حوالے سے اختلاف کی اطلاع آئی تھی۔ شیخین علیہما السلام خود انصار کے پاس نہیں گئے تھے بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسد اقدس کے پاس ہی تھے کہ اسی دوران کسی نے ان کو بلایا جیسا کہ اس پر صحیح روایات گواہ ہیں۔[2] اور یہی وجوہات علامہ شبلی نعمانی رحمۃ اللہ علیہ نے الفاروق میں نقل کیں لیکن مصنف جنازہ رسول خدا نے خاص باطل مقصد کو بروئے کار لاتے ہوئے ان کو نقل نہیں کیا۔

جواب سوم:

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت سے جو ابو علی نجفی صاحب ثابت کرنا چاہ رہے ہیں اس کا رد ان ہی کی کتاب سے پیش کرتے ہیں۔ شرح اس کی یہ ہے کہ ابو علی نجفی نے ایک قول کو نقل کر

---

1) جنازہ رسول خدا صفحہ ۱۲۱۔۱۳۱۔۱۳۴۔

2) صحیح بخاری جلد ۳، رقم ۶۸۳۰۔ صحیح ابن حبان۔

کے یہ لکھا تھا کہ منگل کے دن ہی رسول اللہ ﷺ کی تدفین ہو گئی تھی۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ یہ ثابت کیا جائے کہ شیخین علیہما السلام تدفین کے وقت آپ ﷺ کے پاس نہیں تھے بلکہ وہ منگل کے بعد واپس آئے اس سے پہلے تدفین ہو گئی تھی۔ جبکہ علامہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا کہ:

"آپ صلی اللہ علیہ چودہ روز بیمار رہے اور وفات کے تیسرے روز چہار شنبہ (بدھ) کو مدفون فرمائے گئے"۔(1)

شاہ صاحب کے حوالے سے ابو علی نجفی صاحب یہ تاثر دینا چاہتے تھے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو رسول اللہ ﷺ کی وفات کا غم نہیں تھا۔ اس کا رد بھی شاہ صاحب کی کتاب سے ملاحظہ فرمائیں:

"(رسول اللہ ﷺ کی وفات کے وقت) بعض اصحاب غم کی وجہ سے اس قدر بے خود تھے کہ حضور ﷺ کی وفات کا یقین ہی نہیں آتا تھا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ گونگے ہو گئے حضرت علی رضی اللہ عنہ دم بخود کھڑے رہ گئے جملہ اصحاب میں سے کوئی شخص حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے زیادہ ثابت قدم نہیں رہا"۔(2)

جواب چہارم:

رہی علامہ شبلی نعمانی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت تو انہوں نے خود ہی اس دعوی کی تردید آخر میں کر دی جو ابو علی نجفی صاحب ان کی عبارت سے دھوکہ دیتے ہوئے ثابت کرنے کی ناکام کوشش کر رہے تھے۔ یعنی رسول اللہ ﷺ کی وفات کا اصحاب رسول کو کوئی غم نہیں تھا۔ علامہ شبلی نعمانی رحمۃ اللہ علیہ اس کی تردید کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

"ہم اس کو تسلیم کرتے ہیں کہ کتب حدیث و سیر میں بظاہر اس قسم کا خیال پیدا ہوتا ہے لیکن در حقیقت

---

1) سیرت الرسول ﷺ ترجمہ سرور المحزون صفحہ ٦٧، ترجمہ خلیفہ محمد عاقل۔

2) سیرت الرسول ﷺ صفحہ ٦٧۔٦٨۔

ایسا کہ ہے"۔[1]

پھر رسول اللہ ﷺ کی وفات کے حوالے سے علامہ شبلی نعمانی رحمۃ اللہ علیہ نے تو اہل بیت کے بارے میں بھی یہ لکھا لیکن مصنف نے اس کو چھپایا علامہ لکھتے ہیں کہ:

"تیسری بحث کی کیفیت یہ ہے کہ اس وقت جماعت اسلامی کو تین گروہوں میں تقسیم کی جاسکتی تھی بنو ہاشم جس میں حضرت علی رضی اللہ عنہ شامل تھے مہاجرین کے رئیس وافسر حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ تھے، انصار جن کے شیخ القبیلہ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ تھے۔ ان تینوں گروہوں میں سے ایک گروہ بھی خلافت کے خیال سے خالی نہ تھا۔ انصار نے اپنا ارادہ ظاہر کر دیا تھا"۔[2]

پھر علامہ شبلی نعمانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس پر دلائل دیئے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام سمیت بنی ہاشم بھی خلافت کے خیال سے خالی نہ تھے اور انہوں نے علیحدہ جنازہ رسول کو چھوڑ کر حضرت علی علیہ السلام کے کے پاس اکٹھ کیا ہوا تھا آپ لکھتے ہیں کہ:

"آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر ایک مجمع ہوا جس میں تمام بنی ہاشم اور ان کے اتباع شریک تھے حضرت علی رضی اللہ عنہ ان کے پیش رو تھے"۔[3]

دوسرے مقام پر لکھتے ہیں:

"سقیفہ میں حضرت علی کا نہ جانا اس وجہ سے نہ تھا کہ وہ آنحضرت ﷺ کے رنج والم میں مصروف تھے اور ان کو اس پر درد موقع پر خلافت کا خیال نہیں آسکتا تھا۔ بلکہ اس کی وجہ یہ تھی کہ سقیفہ میں مہاجرین و انصار جمع تھے اور ان دونوں گروہ میں سے کوئی بھی حضرت علی کے دعوی کی تائید نہ کرتا"۔[4]

---

1) الفاروق صفحہ ۷۱۔

2) الفاروق صفحہ ۷۳۔

3) الفاروق صفحہ ۷۳۔

4) الفاروق صفحہ ۷۵۔

پھر علامہ نے اپنی اسی کتاب میں رسول اللہ ﷺ کی وفات کے غم کے حوالے سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حالت بیان فرمائی۔ جو مصنف جنازہ رسول ﷺ کے باطل استدلال کی تردید ہو رہی ہے جو اس نے علامہ کے نامکمل مؤقف سے پیش کرنے کی کوشش کی تھی۔

الامامۃ والسیاسۃ کے حوالے کی حقیقت:

بو علی نجفی صاحب نے اپنی کتاب میں کتاب الامامۃ والسیاسۃ کے حوالہ سے جناب علی رضی اللہ عنہ کا قول لکھا ہے کہ آپ نے فرمایا:

"اے گروہ مہاجرین وانصار کیا میں بھی ان لوگوں کی طرح نبی کریم ﷺ کے جسد مبارک کو ان کے گھر میں چھوڑ کر حصول خلافت کے لیے گھر سے باہر آ کر لڑنا جھگڑنا شروع کر دیتا"۔[1]

اسی طرح کی ایک عبارت اسی کتاب سے اسی مقام سے جناب فاطمہ رضی اللہ عنہا کی طرف سے بہت سے مصنفین نے پیش کی۔

جواب اول:

نجفی صاحب نے جو روایت پیش کی اس کی سند مصنف کتاب الامامۃ والسیاسۃ نے نقل نہیں کی اس لحاظ سے یہ حجت نہیں۔

جواب دوم:

دوسری بات یہ ہے کہ اس کتاب کا حوالہ اہل سنت کے خلاف پیش نہیں کیا جا سکتا ہے وجہ یہ ہے کہ اس کتاب کا مصنف اہل سنت نہیں اور نہ یہ ثقہ مصنف ہے بلکہ اس پر سخت جرح موجود ہے اس کی حقیقت ملاحظہ فرمائیں علامہ عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ:

---

1) جنازہ رسول خدا صفحہ ۱۱۸۔

"مراۃ الزمان میں میں نے دیکھا کہ ابن قتیبہ کے بارے میں امام دار قطنی کہتے ہیں کہ اس کا شیعیت کی طرف میلان تھا اور اہل بیت سے منحرف تھا اس پر اس کا کلام بھی دلالت کرتا ہے۔ امام بیہقی نے اس کو کرامیہ کہا ہے مسعودی نے مروج الذہب میں کہا ہے کہ اس نے ابو حنیفہ دینوری کے مضامین سے مدد لی۔ میں نے اپنے شیخ عراقی سے سنا ہے کہ ابن قتیبہ کثیر الغلط تھا"۔[1]

اسی طرح امام حاکم اس کے بارے میں کہتے ہیں کہ:

"تمام امت کا اس پر اجماع ہے کہ ابن قتیبہ پرلے درجے کا جھوٹا شخص ہے"۔[2]

ابن تغر بیر وی نے کہا کہ:

"ابن قتیبہ گندی اور ناپاک زبان والا تھا بڑے بڑے علماء کو بھی اس نے اپنی زبان کے خبث سے معاف نہ کیا"۔[3]

ثابت ہوا کہ ابن قتیبہ صرف شیعہ ہی نہیں بلکہ مجروح مصنف تھا اس لیے صرف شیعہ کہہ کر ہلکی جرح وغیرہ کا چور دروازہ نہیں نکالا جا سکتا۔

جواب سوم:

تیسری بات یہ ہے کہ مصنف جنازہ رسول اللہ نے جس کتاب الامامۃ والسیاسۃ سے حوالہ دیا وہ کتاب ابن قتیبہ کی ثابت ہی نہیں۔ چنانچہ اس کے مندرجہ ذیل کچھ نکات پیش خدمت ہیں:

1. جن لوگوں نے ابن قتیبہ کے حالات لکھے انہوں نے اس کی تصنیفات میں اس

---

1) لسان المیزان جلد ۳ صفحہ ۳۵۷۔

2) میزان الاعتدال جلد ۴۔

3) مقدمہ التحقیق المعارف صفحہ ۶۱۔

کتاب کا ذکر نہایت کیا۔

2. امامت السیاسیہ کتاب سے پتہ چلتا ہے کہ اس کا مصنف دمشق کا رہنے والا تھا۔ حالانکہ ابن قتیبہ بغدادی میں رہائش پزیر تھا۔ اور یہاں سے وہ دینور کے علاوہ کسی اور شہر میں ہر گز نہیں گیا۔

3. کتاب میں ابو لیلی کی روایات درج ہیں۔ ابو لیلی 148 ہجری میں کوفہ کا قاضی تھا۔ یعنی ابن قتیبہ کی پیدائش سے 65 سال قبل۔

4. کتاب کے مصنف نے اندلس کی فتح کا واقعہ ایک عورت کی زبانی بیان کیا۔ جو اس واقعہ میں موجود تھی۔ فتح اندلس 120 سال قبل پیدائش ابن قتیبہ ہوئی تھی۔

5. اس کتاب کے مؤلف نے مراکش کی فتح موسیٰ بن نصیر کے حوالہ سے بیان کی ہے حالانکہ مراکش کو یوسف بن تاشفین نے 455 ہجری میں آباد کیا تھا۔ اور ابن قتیبہ کا انتقال 276 ہجری میں ہوا۔[1]

جواب چہارم:

اب ہم آتے ہیں جو روایت پیش کی گئی تھی اس کے متن پر کہ کیا اس سے شیخین علیہما السلام کے صلاۃ جنازہ رسول میں عدم شمولیت ثابت ہوتی بھی ہے کہ نہیں؟ جناب علی علیہ السلام کا قول ہو یا جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا کا قول دونوں میں لفظ جنازہ کے ساتھ نماز کا ذکر نہیں۔ اور جنازہ کے لغت میں یہ معنی کیے گئے ہیں:

الجنازہ: مردہ، مردہ کا تابوت وغیرہ۔[2]

---

1) مقدمہ کتاب المعارف لابن قتیبہ صفحہ ۵۶، از ڈاکٹر ثروت عکاشہ مطبوعہ قاھرہ مصر۔

2) القاموس الوحید صفحہ ۲۸۷۔

اسی محدثین نے ابواب اور روایات جہاں میت پر نماز کے حوالے سے لکھی ہیں وہاں جنازہ کا معنی میت ہی کیا گیا ہے نہ کہ میت پر نماز البتہ جہاں نماز کا ذکر کیا گیا وہاں ساتھ نماز کے الفاظ موجود ہیں جبکہ الامامۃ و السیاسۃ میں جنازہ کے ساتھ صلاۃ کا لفظ نہیں دلائل ملاحظہ فرمائیں، امامیہ کے معتبر عالم شیخ طوسی نے الاستبصار میں میت پر نماز کے ابواب اس نام سے نقل کئے ہیں: **وقت الصلاة على الميت، المواضع التى يصلى على الجنائز، انه قراءته فى الصلاة على الميت، الصلاة على الجنازة مرتين** وغیرہ۔[1]

خود امامیہ مصادر میں نماز میت کے ابواب کی روایات سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ جنازہ کے ساتھ جب نماز کا ذکر ہو تو میت پر نماز مراد ہوتی چنانچہ کلینی نے جناب جعفر رحمۃ اللہ علیہ کی روایت نقل کی ہے کہ:

"إذا حضر الإمام الجنازة فهو أحق الناس بالصلاة عليها".

ترجمہ: "جب امام جنازہ (فوت شدہ انسان میت) پر حاضر ہو تو اس کی نماز پڑھانے کا حق سب سے زیادہ اسی کو ہے"۔[2]

مختصر یہ کہ ان تمام دلائل سے ہمارا استدلال ثابت ہو گیا کہ جناب علی علیہ السلام یا جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا نے جو جنازہ کے ترک کا قول فرمایا اس سے محض نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی چارپائی یا جس جگہ آپ فوت ہوئے ان کو چھوڑ کر جانے کا قول ہے نہ کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرف سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ نہ پڑھنے کا اثبات ہے۔ اگر کوئی یہ کہے کہ جنازہ کو بھی نماز کہہ دیا جاتا ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ ایک تو یہ ہمارے ہاں زیادہ کہا جاتا ہے جب کہ عرب میں ایسا نہیں عموماً ایسا نہیں تھا۔ اگر کہیں ہے بھی تو پھر یہ تو احتمال آ

---

1) الاستبصار صفحہ ۲۰۷۔۲۰۹۔۲۱۲۔۲۱۴، کتاب الصلاۃ ابواب الصلاۃ علی المیت۔

2) اصول کافی جلد ۲ صفحہ ۷۶، کتاب الفروع کتاب الجنائز، رقم ۶۷۹۔

جاتے ہیں کہ جناب علی اور جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا کی طرف سے انصار کے بارے میں جنازہ کے الفاظ سے میت کی چارپائی کو چھوڑ کر جانا مراد ہو گا یا نبی کریم ﷺ پر نماز نہ پڑھنے کی نفی ہو گی۔ اگر تو ان احتمالات کا حل نہ ہو تو الامامۃ والسیاسۃ کی روایت سے استدلال ہی نجفی صاحب کا باطل ٹھہرتا ہے۔ لیکن ہمارے پاس ایسے شواہد موجود ہیں جو ان دو احتمالات کو حل کرتے ہیں شرح اس کی یہ ہے کہ اس روایت میں یہ موجود ہے کہ یہاں پر جناب علی اور جناب فاطمہ علیہما السلام انصار کو جنازہ کے حوالے سے مخاطب کر رہے ہیں چنانچہ روایت کے الفاظ ملاحظہ فرمائیں:

"وخرج علی کرم اللہ وجھہ یحمل فاطمۃ بنت رسول اللہ علی دابۃ لیلا فی مجالس الأنصار".

ترجمہ: "جناب علی رات کے وقت جناب فاطمہ کو خچر پر سوار کر کے انصار کے گھروں پر لے گئے"۔[1]

جبکہ خود امامیہ مصادر کی روایات اس الامامۃ والسیاسۃ والی بے سند روایات کے خلاف ہیں جن میں یہ ہے کہ تمام مہاجرین وانصار نے رسول اللہ ﷺ پر نماز پڑھ لی تھی۔[2] پس ثابت ہوا کہ الامامۃ و السیاسۃ والی بے سند روایت خود امامیہ مصادر میں موجود باسند روایات کے خلاف ہے۔

جواب پنجم:

اگر کسی کام کے حوالے جنازہ کو چھوڑنے کی وجہ سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر اعتراض کیا جا سکتا ہے تو پھر اس طرح کا چھوڑنا خود اہل بیت سے بھی ثابت ہے اور وہ بھی اسی نجفی صاحب کی طرف سے پیش کی گئی کتاب میں ہی ہے۔ ابن قتیبہ لکھتا ہے کہ:

---

1) الامامۃ والسیاسۃ جلد ا صفحہ ۳۰۔

2) اصول کافی جلد ا، کتاب الحجتہ باب مولد النبی ﷺ ووفاتہ۔ امالی شیخ طوسی جلد ا صفحہ ۳۹۱، الجز الثالث عشر۔ احتجاج طبرسی جلد ا صفحہ ۹۴، باب ماجری بعد رسول اللہ ﷺ۔

"انصار کی بیعت کے وقت بنو ہاشم حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام کے گھر میں جمع تھے"۔[1]

ظاہر سی بات ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جنازہ تو اہل بیت رسول جناب عائشہ سلام اللہ علیہا کے گھر تھا بنو ہاشم میں حضرت علی علیہ السلام اور جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا بھی شامل ہیں جو اپنے گھر میں تھے نہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جنازہ کے پاس۔

پھر جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا نے جو جرح انصار پر یہ کی جس کا مفہوم یہ ہے کہ جناب علی علیہ السلام نے جنازہ کو سنبھالا جو ان کے لیے مناسب تھا اور انصار نے وہ کیا جس کا اللہ تعالیٰ انصار سے مطالبہ اور ماخذہ کرے گا۔[2] جبکہ جو کچھ انصار نے امام المتقین خلیفہ بلا فصل حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام کی خلافت کے لحاظ سے کیا اس میں مولا علی علیہ السلام بھی شامل تھے چنانچہ اسی الامامۃ والسیاسۃ میں موجود ہے کہ جب ابو بکر صدیق علیہ السلام نے اپنی بیعت خلافت مکمل ہونے کے بعد یہ فرمایا کہ کچھ لوگ ناراض ہیں مجھے خلافت سے باز ہی رہنے دو تو ان کے جواب میں مولا علی علیہ السلام نے فرمایا:

"ولا نقيلك ولا نستقيلك ابدا اقدمك رسول الله صلى الله عليه وسلم لتوحيد دينا أ من ذا الذى يوخرك لتوجيه دنيانا".

ترجمہ: "ہم آپ کو کبھی نہیں چھوڑیں گے کیونکہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دین کی توحید میں آپ کو آگے کیا تو ہماری دنیا (خلافت و حکومت) کے معاملات میں کون آپ کو پیچھے کر سکتا ہے"۔[3]

احتجاج طبرسی کے حوالے کی حقیقت:

بو علی نجفی صاحب نے احتجاج طبرسی کی یہ عبارت اپنے استدلال میں پیش کی ملاحظہ فرمائیں:

---

1) الامامۃ والسیاسۃ جلد ا۔

2) الامامۃ والسیاسۃ جلد ا صفحہ ۳۰۔

3) الامامۃ والسیاسۃ جلد ا۔

"مروی ہے کہ انصار اور انصار کے ساتھ کچھ اور لوگ حضرت ابو بکر کی بیعت کر رہے تھے، اور علی بن ابی طالب علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تجہیز و تکفین میں مشغول تھے جب آپ علیہ السلام تجہیز و تکفین سے فارغ ہوئے تو آنحضرت کی نماز جنازہ پڑھی"۔[1]

جواب اول:

نجفی صاحب نے عربی عبارت کے ترجمے میں ڈنڈی ماری ہے ترجمہ میں یہ کہیں نہیں کہ جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جنازہ نہیں پڑھی صرف اس حوالے میں یہ ہے کہ جب جناب ابو صدیق علیہ السلام کی بیعت ہو رہی تھی اس وقت جناب علی علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کفن دینے میں مشغول تھے۔ احتجاج طبرسی کی پوری عبارت میں کہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز جنازہ کا ہوئی ذکر ہی سرے سے موجود نہیں۔

جواب دوم:

رہی تکفین کی ذمہ داری تو وہ جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام یا دوسرے انصار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تھی ہی نہیں۔ اس کام کی وصیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل بیت کے لیے کی تھی اس لیے کفن دینے میں نہ شامل ہونے والا اعتراض بے معنی اور بغض اصحاب رسول کا نتیجہ ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وصیت نہ بھی ہو پھر بھی عمومی طور پر بھی تجہیز و تکفین کی ذمہ داری گھر والوں پر ہوتی ہے۔

جواب سوم:

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اپنی اپنی ذمہ داری اچھے طریقے سے نبھائی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد امت کو اختلاف سے بچانا اور ایک مرکز کے ساتھ وابستہ رکھنا بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی درد ہے امام المتقین خلیفہ بلا فصل حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام کا اپنا ذاتی کام نہیں تھا۔ جناب علی علیہ السلام نے اگر رسول

---

1) جنازہ رسول خدا صفحہ ۱۴۳۔

اللہ ﷺ کی وفات کے وقت گھر کے کام نمٹائے تو جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام نے رسول اللہ ﷺ کی سنت کے بڑے کام نمٹائے۔

جواب چہارم:

احتجاج طبرسی سے جو عبارت پیش کی گئی گو کہ وہ نجفی صاحب کے دعوی پر پوری نہیں اترتی بس کتاب کے صفحات کالے کرنے اور ضخامت کے لیے جمع پونجی کہہ سکتے ہیں۔ پھر بھی ہم قارئین کو بتاتے چلیں کہ اسی احتجاج طبرسی میں موجود ہے کہ تمام مہاجرین و انصار نے رسول اللہ ﷺ کی نماز جنازہ پڑھ لی تھی۔ جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام اول مہاجرین میں سے ہیں اور انصار کا ذکر بھی موجود ہے ملاحظہ فرمائیں احتجاج طبرسی میں ہے کہ:

"پھر حضرت علی علیہ السلام نے دس مہاجرین اور دس انصار صحابہ کرام کو حجرہ میں نماز جنازہ پڑھنے کے لئے اندر بھیجا۔ یہاں تک کہ مہاجرین وانصار میں سے ہر ایک نے آپ ﷺ پر نماز جنازہ ادا کرلی"۔[1]

قارئین کرام! نجفی صاحب نے ایک حوالہ الارشاد شیخ مفید کا دیا اس کے جواب کی ضرورت ہم نہیں سمجھتے کیوں کہ اس میں سرے اس جناب شیخین علیہما السلام کی طرف سے نماز جنازہ میں عدم شرکت کا کوئی ثبوت ہی نہیں۔

منتہیٰ الامال اور بحار الانوار کے حوالے کی حقیقت:

نجفی صاحب نے شیخ عباس قمی اور باقر مجلسی کا یہ دعوی نقل کیا جس کا مفہوم و خلاصہ ہم پیش کر دیتے ہیں:

"مہاجرین وانصار کی اکثریت خلافت کی بیعت کی وجہ سے رسول اللہ ﷺ کی نماز جنازہ میں شرکت نہ کر سکے، رسول اللہ ﷺ کے قریبی رشتے داروں اور خاص لوگوں نے نماز جنازہ پڑھی اور اہل سقیفہ حاضر

---

1) احتجاج طبرسی جلد ا صفحہ ۱۰۶، باب تزکرہ ماجرا بعد رسول خدا۔

نہ تھے"۔[1]

جواب اول:

ان دونوں کتب میں یہ رائے ان امامی مصنفین کی ذاتی ہے جب اس کے خلاف آئمہ کی روایات موجود ہیں کہ تمام مہاجرین و انصار صحابہ کرام نے نماز جنازہ پڑھ لی تھی چنانچہ اسی باقر مجلسی نے اپنی دوسری کتاب میں معتبر سند سے مہاجرین و انصار کا جنازہ رسول پڑھنا نقل کیا ہے۔ امام باقر کہیں کہ جمیع ملائکہ و مہاجرین و انصار صحابہ کرام نے رسول اللہ ﷺ کی نماز جنازہ پڑھ لی، لیکن مجلسی و عباس قمی کہیں کہ مہاجر و انصار خلافت کے انعقاد میں مصروف رہے اور جنازہ میں نہ شامل ہو سکے تو مجلسی اور شیخ عباس قمی کی رائے کی امام باقر رحمۃ اللہ علیہ کی گواہی کے مقابلے میں کیا حیثیت ہے؟ باقر مجلسی خود لکھتا ہے کہ:

"حضرت امام باقر سے کلینی نے معتبر سند کے ساتھ روایت بیان کی ہے کہ جب حضور ﷺ نے انتقال فرمایا تو آپ کی نماز جنازہ تمام فرشتوں نے، مہاجرین و انصار گروہ در گروہ ادا کی"۔[2]

جواب دوم:

بیعت کا عمل منگل کے دن کو ہی پورا ہو گیا تھا جبکہ دفن کا عمل بدھ کی رات ہوا جیسا کہ خود مجلسی نے لکھا کہ:

"وقبض يوم الإثنين كما ذكرناه آنفا ودفن يوم الأربعاء".

ترجمہ: "آپ ﷺ کی وفات سوموار کو ہوئی اور تدفین بدھ کو ہوئی"۔[3]

اور اس میں بھی جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام رسول اللہ ﷺ کے حجرہ جس میں چارپائی موجود

---

1) جنازہ رسول خدا صفحہ ۱۴۱۔۱۴۳۔

2) جلاالعیون جلد ا صفحہ ۱۱۳، بیان رحلت ختمی مرتبت۔

3) بحار الانوار جلد ۲۲ صفحہ ۵۱۷، باب وفاتہ وغسلہ وصلاتہ علیہ۔

تھی اس کے متصل مسجد نبوی میں ہی موجود تھے۔

*

باب چہارم
کیا اہل بیت رسول اور امامیہ کے مسلّم اصحاب نے جنازہ رسول میں شرکت کی؟

امامیہ حضرات شیخین علیہما السلام پر جنازہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے طعن کرتے ہوئے تو زمین وآسمان کے قلابے ملاتے اور حقائق کو مسخ کرتے ہوئے اعتراض کرتے ہیں۔ ان سے ہمارا سوال یہ ہے کہ کیا وہ اپنی مسلّم شخصیات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تجہیز و تکفین و نماز جنازہ میں شامل ثابت کر سکتے ہیں ؟؟ ذیل میں ہم ان شخصیات کے نام پیش کرتے ہیں:

بنی ہاشم اہل بیت کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جنازہ کو چھوڑ کر جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا کے گھر ٹھہرنا:

امامیہ حضرات نے شیخین علیہما السلام اور دوسرے مہاجرین و انصار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے خلاف عدم شرکت کے ثبوت کی بنیاد صرف اس پر رکھی ہے کہ وہ خلافت کے معاملات کو حل کرنے کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر چلے گئے۔ اسی سوچ و نظریہ پر ہم اہل بیت رسول کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تجہیز و تکفین اور جنازہ میں عدم شرکت سے استدلال کریں گے اور اس جواب کا تعلق محض الزامی جواب کے تحت سمجھا جائے نہ کہ ہمارے اعتقاد و منہج سمجھ کر ہم پر الزام لگایا جائے۔ ملاحظہ فرمائیں تاریخ طبری

میں ہے کہ:

"حِيْنَ تُوُفِّيَ اللهُ نَبِيَّهُ صلى الله عليه وسلم أَنَّ عَلِيًّا وَالزُّبَيْرَ وَمَنْ مَعَهُمَا تَخَلَّفُوا عَنَّا فِي بَيْتِ فَاطِمَةَ".

ترجمہ: "جب رسول اللہ ﷺ کے وفات ہوئی تو جناب علی علیہ السلام اور جناب زبیر بن العوام علیہ السلام (جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام کی خلافت کی بیعت کی مخالفت میں) مخالف ہو کر جناب فاطمہ علیہا السلام کے گھر میں اکٹھے ہو گئے"۔[1]

سیرت ابن ہشام میں ہے کہ:

"رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوتے ہی انصار کے سب لوگ سقیفہ بنی ساعدہ میں چلے گئے اور جناب علی علیہ السلام، جناب زبیر بن العوام علیہ السلام اور جناب طلحہ علیہ السلام جناب فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کے گھر جمع ہو گئے"۔[2]

"رسول اللہ ﷺ کا جنازہ حجرہ میں ہی تھا اور تجہیز و تکفین کا کچھ سامان نہیں ہوا تھا، گھر کے لوگوں نے اندر سے دروازہ بند کر لیا تھا"۔[3]

حجرہ اہل بیت رسول جناب عائشہ سلام اللہ علیہا کا تھا جناب علی و فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا بشمول بنی ہاشم کے جنازہ کو چھوڑ کر علیحدہ جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا کے گھر چلے گئے تھے۔

ریاض النضرہ میں محب طبری بیعت کے واقعات نقل کرتے ہیں کہ:

"حضرت علی علیہ السلام اور جناب زبیر علیہ السلام اور ان کے چند ساتھی بیعت سے رک گئے اور سید فاطمۃ الزہرا

---

1) تاریخ طبری جلد ۲ صفحہ ۲۷۹، باب حدیث سقیفہ۔

2) سیرت ابن ہشام جلد ۲ صفحہ ۴۳۲، تحت باب سقیفہ بنی ساعدہ۔

3) سیرت ابن ہشام جلد ۲ صفحہ ۴۳۲، تحت باب سقیفہ بنی ساعدہ۔

سلام اللہ علیہا کے گھر میں بیٹھے رہے"۔[1]

الامامۃ والسیاسۃ میں موجود ہے کہ:

"وان بنی ھاشم اجتمعت عندہ بیعتہ الانصار الی علی بن ابی طالب ومعھم الزبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ".

ترجمہ: "انصار کی طرف سے بھرے کے وقت بنو ہاشم حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام کے گھر میں جمع تھے۔ جناب زبیر بھی ان کے ہمراہ تھے"۔[2]

امامی عالم یعقوبی نے بھی تاریخ یعقوبی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت کے واقعات میں نقل کیا ہے کہ:

"ایک گروہ جناب علی علیہ السلام کے پاس جمع ہوا اور آپ علیہ السلام کو بیعت کرنے کی دعوت دی۔ اس پر آپ نے فرمایا: کل صبح سر منڈوا کر اسی مقصد کے لیے میرے پاس آنا۔ لیکن صبح کے وقت تین افراد کے سوا کوئی ان کے پاس نہ آیا۔ حضرت ابو بکر و عمر علیہما السلام کو خبر ملی کہ مہاجرین و انصار کا ایک گروہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا کے گھر میں حضرت علی علیہ السلام کے پاس جمع ہے"۔[3]

نجفی صاحب نے بھی انسان العیون سیرت حلبیہ کا ایک حوالہ دیتے ہوئے لکھا کہ:

"علی بن ابی طالب اور زبیر بن العوام مہاجرین میں سے ان دونوں کے حامیوں نے مخالفت کی جیسے حضرت عباس، جناب طلحہ بن عبید اللہ اور جناب مقداد نے اور بنی ہاشم جناب فاطمہ کے بیت الشرف میں جمع ہوئے"۔[4]

---

1) ریاض النضرہ جلد ۱ صفحہ ۴۷۵، باب دہم سقیفہ میں بیعت کا ذکر۔

2) الامامۃ والسیاسۃ جلد ۱ صفحہ ۲۸۔

3) تاریخ یعقوبی جلد ۱ صفحہ ۳۵۵، باب سقیفہ کا واقعہ اور حضرت ابو بکر کی بیعت۔

4) جنازہ رسول خدا صفحہ ۱۳۵۔

اب ان سب حوالہ جات سے وہی نتیجہ اہل بیت کے بارے میں نکلتا ہے جو شیعہ علماء نے وفات رسول اللہ ﷺ کے واقعات سے خیانتیں کرتے ہوئے اپنی کتب میں نقل کیا ہے کہ صحابہ کرام بالخصوص شیخین علیہما السلام اور سقیفہ والے صحابہ شامل رسول اللہ ﷺ کی تجہیز و تکفین وجنازہ میں شامل نہیں ہوئے۔ آپ یہاں دیکھیں کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوتے ہی جس طرح سقیفہ میں بیعت کے معاملات چلنا شروع ہوئے اسی طرح اہل بیت رسول اللہ ﷺ نے بھی حجرہ عائشہ سلام اللہ علیہا میں رسول اللہ ﷺ کے جسد اقدس کو چھوڑ کر جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا کے گھر اکٹھے ہو گئے۔ آخر رسول اللہ ﷺ کے جنازہ کو اہل بیت نے کیوں چھوڑا سب سے پہلے تو ان کا حق تھا کہ ہمہ وقت دفنانے تک رسول اللہ ﷺ کے پاس موجود ہوتے لیکن وہ بھی خلافت کے حوالے سے حضرت علی علیہ السلام کے بارے میں بیعت کا سوچ کر جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا کے گھر اکٹھے ہو گئے۔ اگر ان کے بارے میں یہ صفائی پیش کی جائے کہ وہ عارضی طور پر یہاں آئے تھے تو یہی وضاحت شیخین علیہما السلام کے بارے میں اور جملہ سقیفہ والے مہاجرین وانصار صحابہ کرام کے بارے میں بھی پیش کی جاسکتی ہے۔

تدفین کے وقت اہل بیت کا موجود نہ ہونے کا تذکرہ:

نجفی وغیرہ نے اصحاب رسول سے نفرت کی وجہ سے ان پر یہ الزام لگایا ہے کہ وہ آپ ﷺ کے دفن کے وقت موجود نہیں تھے۔ اسی طرح کی روایت نجفی نے بھی اپنی کتاب میں البدایہ والنہایہ سے نقل کی جس سے وہی اعتراض دفن کے وقت غائب ہونے کے تحفظات اہل بیت پر قائم ہوتے ہیں ملاحظہ فرمائیں نجفی صاحب رقمطراز ہے کہ:

"اب میں اپنے محترم قارئین کے سامنے ان معروف صحابہ کرام کا نام ذکر کرنا چاہتا ہوں کہ جو تدفین کے وقت وہاں موجود تھے حضرت سعید بن مسیب بیان کرتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کی تدفین میں حضرت عبداللہ بن عباس، حضرت فضل اور رسول اللہ ﷺ کے غلام حضرت صالح تھے"۔[1]

---

1) جنازہ رسول خدا صفحہ ۱۰۵۔

اسے کہتے ہیں گھر کی گواہی گو کہ روایت اہل سنت کی ہے لیکن جناب نے استدلال میں تحقیقی انداز میں نقل کیا، عنوان صحابہ کرام کے حوالے سے نقل کیا لیکن نجفی صاحب اہل بیت کو صحابیت کی صفت و تعریف سے نکال نہیں سکتے اس لیے یہ روایت عمومی سمجھی جائے گی کہ رسول اللہ ﷺ کے دفن کے وقت اہل بیت و صحابہ میں سے صرف یہ چند شخصیات ہی دفن رسول اللہ ﷺ کے وقت موجود تھے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ دفن کے وقت جناب علی علیہ السلام، جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا، جناب عمار بن یاسر علیہ السلام، جناب ابوذر غفاری علیہ السلام، جناب مقداد علیہ السلام، جناب عباس علیہ السلام موجود نہیں تھے۔ ان پر بھی وہی اعتراض بنتا ہے جو شیخین علیہما السلام پر امامیہ آج تک بغض کی وجہ سے کرتے آرہے ہیں۔

جناب عمار بن یاسر علیہ السلام کی تجہیز، تکفین، جنازہ میں عدم شمولیت:

جناب عمار بن یاسر علیہ السلام امامیہ علماء میں مسلم بزرگ صحابی ہیں لیکن آج تک ان پر رسول اللہ ﷺ کے تجہیز و تکفین اور نماز جنازہ میں شامل نہ ہونے کی وجہ کبھی اپنے بغض کا اظہار نہیں کیا جبکہ شیخین علیہما السلام جو ان سب صحابہ کرام کے امام تھے ان کی گستاخی کرتے ہوئے ان پر وہ طوفان بدتمیزی کی جاتی ہے کہ ناقابل بیان ہے۔ اس سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ شیخین علیہما السلام سے اس مذہب کا بغض و کینہ رسول اللہ ﷺ کے جنازے کے حوالے سے نہیں بلکہ کوئی اور دنیاوی ذاتی بغض کی وجہ سے ہے۔ جناب عمار بن یاسر علیہ السلام کو قاضی نور اللہ شوستری امامی نے غریب بنی ہاشم صحابہ کرام میں تیسرے نمبر پر نقل کیا ہے۔ ان کے بارے شوستری صاف لکھتے ہیں کہ:

"رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عمار جہاں بھی پھرے حق بھی اسی کے ساتھ پھرتا ہے"۔[1]

ان کی بھی کوئی خدمات رسول اللہ ﷺ کے تجہیز و تکفین اور نماز جنازہ میں نظر نہیں آتیں یہ اس وقت کہاں رسول اللہ ﷺ کو چھوڑ کر چلے گئے تھے؟

---

1) مجالس المومنین جلد ا صفحہ ۳۴۸، تحت ترجمہ عنوان عمار بن یاسر علیہ السلام۔

جناب بلال علیہ السلام کی تجہیز و تکفین میں عدم شمولیت:

جناب بلال علیہ السلام امامیہ مذہب میں مسلّم صحابی ہیں، ان کے بارے میں وارد ہے کہ:

"أبو عبد الله جعفر بن محمد عليهما السلام: رحم الله بلالا فإنه كان يحبنا أهل البيت لعن الله صهيبا فإنه كان يعادينا".

ترجمہ: "جناب جعفر نے فرمایا: اللہ کا رحم ہو بلال پر، کیونکہ وہ ہم اہل بیت سے محبت کرتے تھے، اور اللہ کی لعنت ہو صہیب پر کہ وہ ہم سے بغض رکھتا تھا"۔[1]

ان کی کوئی خدمات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تجہیز و تکفین و تدفین میں نہیں ملتیں ہمیں ایسے کوئی شواہد نہیں ملے۔

جناب ابو طفیل علیہ السلام تجہیز و تکفین میں شامل نظر نہیں آتے:

جناب ابو طفیل علیہ السلام امامیہ مذہب کے مسلّم صحابی ہیں ان کے بارے میں موجود ہے کہ:

"صدق أبو الطفيل رحمه الله".

ترجمہ: "امام باقر رحمہ اللہ نے فرمایا جناب ابو طفیل نے سچ کہا"۔[2]

ان کے بارے میں بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تجہیز و تکفین و جنازہ میں شرکت کا کوئی ثبوت نہیں ملتا

جناب سلمان فارسی علیہ السلام کفن و دفن کی خدمات میں نظر نہیں آتے:

امامیہ حضرات کی مسلّم شخصیت جنس سلمان فارسی علیہ السلام بھی ہیں آپ کے بارے میں امامیہ

---

1) کتاب الاختصاص شیخ مفید صفحہ ۷۳۔

2) کتاب الخصال صفحہ ۶۷۔

مصادر میں موجود ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"إن الله أمرني بحب أربعة، قالوا: ومن هم يا رسول الله؟ قال: علي ابن أبي طالب ثم سكت، ثم قال: إن الله أمرني بحب أربعة، قالوا: ومن هم يا رسول الله؟ قال علي بن أبي طالب ثم سكت، ثم قال: إن الله أمرني بحب أربعة، قالوا: ومن هم يا رسول الله؟ قال: علي بن أبي طالب، والمقداد بن أسود، وأبو ذر الغفاري، وسلمان الفارسي".

ترجمہ: "بیشک اللہ نے مجھے چار لوگوں کی محبت کا حکم دیا ہے۔ لوگوں نے پوچھا: وہ کون ہیں یا رسول اللہ ﷺ؟ آپ ﷺ نے فرمایا: علی بن ابی طالب، پھر خاموش ہو گئے۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ نے مجھے چار سے محبت کا حکم دیا ہے۔ لوگوں نے پوچھا: وہ کون ہیں یا رسول اللہ ﷺ؟ آپ ﷺ نے فرمایا: علی بن ابی طالب، پھر خاموش ہو گئے۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ نے مجھے چار سے محبت کا حکم دیا ہے۔ لوگوں نے پوچھا: وہ کون ہیں یا رسول اللہ ﷺ؟ آپ ﷺ نے فرمایا: علی بن ابی طالب، مقداد بن اسود، ابوذر غفاری اور سلمان فارسی"۔[1]

مختلف اسناد سے یہ روایت امامیہ کے ہاں معتبر ہے۔ چنانچہ سلمان کے حوالے سے بھی جناب رسول اللہ ﷺ کے غسل، کفن، اور دفن میں کوئی خدمات ہمیں نہایت ملیں۔ امامیہ حضرات بتانا پسند کریں گے کہ ان کو بھی رسول اللہ ﷺ کی وفات کا کوئی غم نہیں تھا؟

جناب عبد اللہ بن جعفر کی جنازہ رسول میں عدم شرکت:

جناب عبد اللہ بن جعفر علیہ السلام امامیہ کے ہاں مقبول صحابی ہیں ان کے بارے میں قاضی نور اللہ شوستری نے لکھا ہے کہ:

"حضرت عبد اللہ انتہائی کریم وظریف، حلیم وعفیف شخص تھے انہیں حضرت علی علیہ السلام کی دامادی کا

---

1) الاختصاص شیخ مفید صفحہ ۹۔

شرف حاصل ہوا ہے"۔[1]

ان کی بھی رسول اللہ ﷺ کی تجہیز و تکفین و جنازہ میں کوئی خدمات نہیں ملتیں۔

جناب عقیل ابن ابی طالب علیہ السلام کی جنازہ رسول میں عدم شرکت:

جناب عقیل ابن ابی طالب علیہ السلام امامیہ کے ہاں مقبول صحابی ہیں ان کے بارے امامیہ کے ہاں موجود ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"میں دس وجوہات کی بناپر تجھ سے محبت رکھتا ہوں پہلی وجہ یہ ہے کہ تم میرے قریبی عزیز ہے۔اور دوسری وجہ یہ ہے کہ میرا چچا ابو طالب تم سے زیادہ محبت کرتا تھا"۔[2]

ان کی بھی رسول اللہ ﷺ کی تجہیز و تکفین میں کوئی کردار نظر نہیں آتا۔

جناب عباس بن ربیعہ ہاشمی کی جنازہ رسول میں عدم شرکت:

جناب عباس بن حارث ہاشمی صحابہ میں سے ہیں ان کے بارے میں ہے کہ یہ صفین میں جناب علی علیہ السلام کا ساتھ دے رہے تھے۔[3]

اب مزید کچھ اور شخصیات کے نام بھی لکھ دیتے ہیں جو امامیہ کے ہاں مسلّم ہیں ملاحظہ فرمائیں:

- جناب ابو سعید خدری علیہ السلام
- حضرت جابر بن عبد اللہ انصاری علیہ السلام
- جناب ہاشم بن عتبہ ابی وقاص زہری علیہ السلام
- جناب حارث بن قیس علیہ السلام

---

1) مجالس المومنین جلد ا صفحہ ۳۳۰۔

2) مجالس المومنین جلد ا صفحہ ۳۳۲۔

3) کشف الغمہ جلد ۲۔ مجالس المومنین جلد ا۔

- جناب حارث بن ہشام علیہ السلام
- ابو ساسان
- ابو عمر انصاری
- مالک بن نویرہ

ان شخصیات کا تذکرہ جن کو امامیہ تسلیم کرتے ہیں ہم نے اوپر کر دیا ہے جن میں سے کسی کا بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تجہیز و تکفین اور نماز جنازہ میں شرکت کا ثبوت موجود نہیں۔ لیکن کیا وجہ ہے شیخین علیہما السلام اور دوسرے مہاجرین و انصار صحابہ کرام پر تو جھوٹے مغالطے پیش کر کے ان ہستیوں کی گستاخی کرتے ہوئے امت میں ان کے بارے میں جھوٹ پھیلایا جاتا ہے لیکن دوسری طرف کتنے ہی امامیہ کے ممدوح صحابہ کرام اور اہل بیت ہیں جن کی کوئی خدمات رسالت کی تجہیز و تکفین پر نہیں ملتی نہیں لیکن مخالفین نے کبھی ان کا تذکرہ نہیں کیا اور نہ ان مسلم شخصیات کو طعنہ دیا۔ ان سب چیزوں سے ثابت ہوتا ہے کہ امامیہ مذہب والوں کو جنازہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا درد نہیں بلکہ امام المتقین خلیفہ بلا فصل حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام کی خلافت و امامت سے دشمنی و بغض ہے جو وہ نبھا رہے ہیں جن کے ہاتھ پر اہل بیت و صحابہ کرام نے بیعت کر کے ان کو برحق خلیفہ تسلیم کیا۔

*

باب پنجم

کیا صحابہ کرام کو رسول اللہ ﷺ کی وفات کا غم نہیں تھا؟

ایک جھوٹ کی نقاب کشائی

رسول اللہ ﷺ کی تجہیز و تکفین و نماز جنازہ کی نفی ثابت کرنے میں امامیہ کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ چونکہ رسول اللہ ﷺ کی وفات کا کوئی غم والم نہیں تھا اسی لیے وہ آپ ﷺ کی تجہیز و تکفین و نماز جنازہ میں شامل نہیں ہوئے گو کہ تجہیز و تکفین اور نماز جنازہ پر امامیہ کے کھوٹے دعوے کا تحقیقی و الزامی جوابات کے ساتھ ہم نے گزشتہ ابواب میں اسی کتاب میں آپریشن کر دیا ہے۔ اس باب میں ہم وہ روایات لائیں گے جن صحابہ کرام کی ان کیفیات کا بیان ہو گا جو رسول اللہ ﷺ کی وفات کے غم کی وجہ سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے وقوع پذیر ہوئیں ملاحظہ فرمائیں:

جناب ابو بکر و عمر علیہما السلام کی رسول اللہ ﷺ کی رحلت کی وجہ سے حالت غم والم:

ا۔ جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام کے حوالے سے صحیح بخاری میں موجود ہے کہ:

"خَطَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّ اللَّهَ خَيَّرَ عَبْدًا بَيْنَ الدُّنْيَا وَبَيْنَ مَا عِنْدَهُ فَاخْتَارَ مَا عِنْدَ اللَّهِ فَبَكَى أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَقُلْتُ فِي نَفْسِي: مَا يُبْكِي هَذَا الشَّيْخَ؟ إِنْ يَكُنِ اللَّهُ خَيَّرَ عَبْدًا بَيْنَ الدُّنْيَا وَبَيْنَ مَا عِنْدَهُ فَاخْتَارَ مَا عِنْدَ اللَّهِ، فَكَانَ

رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ الْعَبْدَ وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ أَعْلَمَنَا، قَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ لَا تَبْكِ إِنَّ أَمَنَّ النَّاسِ عَلَيَّ فِي صُحْبَتِهِ وَمَالِهِ أَبُو بَكْرٍ وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا مِنْ أُمَّتِي لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ وَلَكِنْ أُخُوَّةُ الْإِسْلَامِ وَمَوَدَّتُهُ لَا يَبْقَيَنَّ فِي الْمَسْجِدِ بَابٌ إِلَّا سُدَّ، إِلَّا بَابُ أَبِي بَكْرٍ".

ترجمہ: "ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ نے خطبہ میں فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے ایک بندے کو اختیار دیا ہے کہ وہ دنیا میں رہے یا جو اللہ کے پاس ہے اسے اختیار کرے۔ تو اس نے وہ پسند کیا جو اللہ کے پاس ہے۔ یہ سن کر سیدنا ابو بکر صدیق رونے لگے۔ (راوی کہتا ہے) میں نے اپنے دل میں کہا: یہ بوڑھے بزرگ کس لیے روتے ہیں؟ بات تو صرف یہ ہے کہ اللہ نے اپنے ایک بندے کو دنیا یا آخرت دونوں میں سے جسے چاہے پسند کرنے کا اختیار دیا ہے اور اس نے آخرت کو پسند کیا ہے۔ (تو اس میں رونے کی کیا بات ہے)؟ مگر بعد میں یہ راز کھلا کہ بندے سے مراد خود رسول اللہ ﷺ تھے اور سیدنا ابو بکر صدیق ہم سب سے زیادہ سمجھنے والے تھے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ابو بکر تم مت روؤ، میں لوگوں میں سے کسی کے مال اور صحبت کا اتنا زیر بار نہیں جتنا ابو بکر کا ہوں۔ اگر میں اپنی امت سے کسی کو خلیل بناتا تو ابو بکر کو بناتا لیکن اسلامی اخوت و محبت ضرور ہے۔ دیکھو! مسجد میں ابو بکر کے دروازے کے سوا سب کے دروازے بند کر دیے جائیں"۔ (1)

۲۔ نبی کریم ﷺ کی جدائی نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو انتہائی غمگین کر دیا تھا سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کہیں گئے ہوئے تھے لیکن رحمۃ للعالمین کے انتقال کی خبر ملنے کے فوراً بعد واپس مدینہ آئے۔ آتے ہی سیدنا رسول اللہ ﷺ کے حجرہ مبارک میں داخل ہوئے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے:

"أَنَّ أَبَا بَكْرٍ دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم بَعْدَ وَفَاتِهِ فَوَضَعَ فَمَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلَى صُدْغَيْهِ وَقَالَ وَا نَبِيَّاهُ وَا خَلِيلَاهُ وَا صَفِيَّاهُ".

---

1) صحیح بخاری رقم ۴۶۶۔

ترجمہ: "نبی کریم ﷺ کی وفات کے بعد سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے پاس آئے اور اپنا منہ آپ ﷺ کی دونوں آنکھوں کے درمیان اور اپنے ہاتھ آپ ﷺ کی کنپٹیوں پر رکھے اور کہا: ہائے میرے نبی! ہائے میرے خلیل! ہائے اللہ کے منتخب نبی"۔[1]

۳۔ جناب اوسط بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے:

"قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَنَةٍ، فَأَلْفَيْتُ أَبَا بَكْرٍ يَخْطُبُ النَّاسَ، فَقَالَ: قَامَ فِينَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْأَوَّلِ فَخَنَقَتْهُ الْعَبْرَةُ ثَلَاثَ مِرَارٍ ثُمَّ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ! سَلُوا اللهَ الْمُعَافَاةَ فَإِنَّهُ لَمْ يُؤْتَ أَحَدٌ مِثْلَ يَقِينٍ بَعْدَ مُعَافَاةٍ وَلَا أَشَدَّ مِنْ رِيبَةٍ بَعْدَ كُفْرٍ وَعَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ فَإِنَّهُ يَهْدِي إِلَى الْبِرِّ وَهُمَا فِي الْجَنَّةِ وَإِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ فَإِنَّهُ يَهْدِي إِلَى الْفُجُورِ وَهُمَا فِي النَّارِ".

ترجمہ: "وہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کی وفات سے ایک سال بعد میں مدینہ منورہ آیا میں نے سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کو دیکھا وہ لوگوں سے خطاب کر رہے تھے انہوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ گزشتہ سال ہمارے درمیان کھڑے ہوئے۔ یہ کہہ کر ان کی آواز آنسوؤں کی وجہ سے بند ہو گئی تین بار ایسے ہی ہوا بالآخر کہا: لوگو! اللہ سے عافیت کا سوال کرو عافیت کے بعد ایمان و ایقان جیسی کوئی نعمت نہیں جو بندے کو دی گئی ہو اور نہ کفر کے بعد شک و شبہ سے بڑھ کر کوئی سخت گناہ ہے تم صدق اور سچائی کو لازم پکڑو یہ انسان کو نیکی کی طرف لے جاتا ہے اور صدق اور نیکی کا انجام جنت ہے اور تم جھوٹ سے بچ کر رہو یہ گناہوں کی طرف لے جاتا ہے اور جھوٹ اور گناہ کا انجام جہنم ہے"۔[2]

۴۔ سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ:

---

1) مسند احمد رقم ۱۱۰۴۱۔

2) مسند احمد رقم ۱۲۱۸۰۔

"قَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعُمَرَ: انْطَلِقْ بِنَا إِلَى أُمِّ أَيْمَنَ نَزُورُهَا كَمَا كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَزُورُهَا فَلَمَّا انْتَهَيْنَا إِلَيْهَا بَكَتْ فَقَالَا لَهَا: مَا يُبْكِيكِ؟ مَا عِنْدَ اللهِ خَيْرٌ لِرَسُولِهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَتْ: مَا أَبْكِي أَنْ لَا أَكُونَ أَعْلَمُ أَنَّ مَا عِنْدَ اللهِ خَيْرٌ لِرَسُولِهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَكِنْ أَبْكِي أَنَّ الْوَحْيَ قَدِ انْقَطَعَ مِنَ السَّمَاءِ فَهَيَّجَتْهُمَا عَلَى الْبُكَاءِ. فَجَعَلَا يَبْكِيَانِ مَعَهَا".

ترجمہ: "سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتقال کے بعد سیدنا عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ ہمارے ساتھ ام ایمن کی ملاقات کے لئے چلو ہم اس سے ملیں گے جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان سے ملنے کو جایا کرتے تھے جب ہم ان کے پاس پہنچے تو وہ رونے لگیں دونوں ساتھیوں نے کہا: تم کیوں روتی ہو؟ اللہ کے پاس اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے جو سامان ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بہتر ہے ام ایمن رضی اللہ عنہا نے کہا کہ میں اس لئے نہیں روتی کہ یہ بات نہیں جانتی بلکہ اس وجہ سے روتی ہوں کہ اب آسمان سے وحی کا آنا بند ہو گیا ام ایمن کے اس کہنے سے سیدنا ابو بکر اور سیدنا عمر رضی اللہ عنہما کو بھی رونا آیا پس وہ بھی ان کے ساتھ رونے لگے"۔[1]

۵۔ جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی جدائی کی خبر ملتی ہے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر غم کے پہاڑ ٹوٹ پڑے ہر طرف تاریکی پھیل گئی جیسا کہ سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما حضرت عمر فاروق اعظم علیہ السلام کے حوالے سے فرماتے ہیں کہ:

"أَنَّ أَبَا بَكْرٍ خَرَجَ وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يُكَلِّمُ النَّاسَ فَقَالَ: اجْلِسْ يَا عُمَرُ فَأَبَى عُمَرُ أَنْ يَجْلِسَ فَأَقْبَلَ النَّاسُ إِلَيْهِ وَتَرَكُوا عُمَرَ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: أَمَّا بَعْدُ، فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ يَعْبُدُ مُحَمَّدًا صَلَّى

---

1) صحیح مسلم رقم ۶۳۱۸۔

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ مَاتَ وَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ يَعْبُدُ اللَّهَ فَإِنَّ اللَّهَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ قَالَ اللَّهُ: وَمَا مُحَمَّدٌ إِلا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ إِلَى قَوْلِهِ: الشَّاكِرِينَ وَقَالَ: وَاللَّهِ لَكَأَنَّ النَّاسَ لَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ أَنْزَلَ هَذِهِ الْآيَةَ حَتَّى تَلَاهَا أَبُو بَكْرٍ فَتَلَقَّاهَا مِنْهُ النَّاسُ كُلُّهُمْ فَمَا أَسْمَعُ بَشَرًا مِنَ النَّاسِ إِلَّا يَتْلُوهَا فَأَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ أَنَّ عُمَرَ قَالَ: وَاللَّهِ مَا هُوَ إِلَّا أَنْ سَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ تَلَاهَا فَعَقِرْتُ حَتَّى مَا تُقِلُّنِي رِجْلَايَ وَحَتَّى أَهْوَيْتُ إِلَى الْأَرْضِ حِينَ سَمِعْتُهُ تَلَاهَا عَلِمْتُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ مَاتَ".

ترجمہ: "سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ آئے تو سیدنا عمر رضی اللہ عنہ لوگوں سے کچھ کہہ رہے تھے ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کہا: عمر! بیٹھ جاؤ! لیکن عمر رضی اللہ عنہ نے بیٹھنے سے انکار کیا اتنے میں لوگ عمر رضی اللہ عنہ کو چھوڑ کر ابو بکر رضی اللہ عنہ کے پاس آ گئے اور آپ نے خطبہ مسنونہ کے بعد فرمایا: امابعد! تم میں جو بھی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت کرتا تھا تو اسے معلوم ہونا چاہیے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس دنیا فانی سے رخصت ہو چکے ہیں اور جو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا تھا تو (اس کا معبود) اللہ ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے اور اس کو کبھی موت نہیں آئے گی اللہ تعالیٰ نے خود فرمایا ہے: **وَمَا مُحَمَّدٌ إِلا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ** کہ محمد صرف رسول ہیں ان سے پہلے بھی رسول گزر چکے ہیں ارشاد "**الشَّاكِرِينَ**" تک ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا: اللہ کی قسم! ایسا محسوس ہوا کہ جیسے پہلے سے لوگوں کو معلوم ہی نہیں تھا کہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ہے اور جب ابو بکر رضی اللہ عنہ نے اس کی تلاوت کی تو سب نے ان سے یہ آیت سیکھی اب یہ حال تھا کہ جو بھی سنتا تھا وہی اس کی تلاوت کرنے لگ جاتا تھا (زہری نے بیان کیا کہ) پھر مجھے سعید بن مسیب نے خبر دی کہ عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم! مجھے اس وقت ہوش آیا جب میں نے ابو بکر رضی اللہ عنہ کو اس آیت کی تلاوت کرتے سنا جس وقت میں نے انہیں تلاوت کرتے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس دنیا سے رخصت ہو گئے ہیں تو میں سکتے میں آ گیا اور ایسا محسوس ہوا کہ میرے پاؤں میرا بوجھ نہیں اٹھا پائیں گے اور میں زمین پر گر جاؤں گا"۔[1]

---

1) صحیح بخاری رقم ۴۴۵۲۔

بقیہ صحابہ کرام کی حالت غم:

"مَرَّ أَبُو بَكْرٍ وَالْعَبَّاسُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا بِمَجْلِسٍ مِنْ مَجَالِسِ الْأَنْصَارِ وَهُمْ يَبْكُونَ فَقَالَ: مَا يُبْكِيكُمْ قَالُوا: ذَكَرْنَا مَجْلِسَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَّا فَدَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ بِذَلِكَ قَالَ: فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ عَصَبَ عَلَى رَأْسِهِ حَاشِيَةَ بُرْدٍ قَالَ: فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ وَلَمْ يَصْعَدْهُ بَعْدَ ذَلِكَ الْيَوْمِ فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ: أُوصِيكُمْ بِالْأَنْصَارِ فَإِنَّهُمْ كَرِشِي وَعَيْبَتِي وَقَدْ قَضَوْا الَّذِي عَلَيْهِمْ وَبَقِيَ الَّذِي لَهُمْ فَاقْبَلُوا مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَتَجَاوَزُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ".

ترجمہ: "سیدنا ابو بکر اور عباس رضی اللہ عنہما انصار صحابہ کرام کی ایک مجلس سے گزرے دیکھا کہ تمام اہل مجلس رو رہے ہیں پوچھا آپ لوگ کیوں رو رہے ہیں؟ مجلس والوں نے کہا: ابھی ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس کو یاد کر رہے تھے جس میں ہم بیٹھا کرتے تھے (یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مرض الوفات کا واقعہ ہے) اس کے بعد یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو واقعہ کی اطلاع دی بیان کیا کہ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے سر مبارک پر کپڑے کی پٹی بندھی ہوئی تھی راوی نے بیان کیا کہ پھر آپ منبر پر تشریف لائے اور اس کے بعد پھر کبھی منبر پر آپ تشریف نہ لا سکے آپ نے اللہ کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا: میں تمہیں انصار کے بارے میں وصیت کرتا ہوں کہ وہ میرے جسم و جان ہیں انہوں نے اپنی تمام ذمہ داریاں پوری کی ہیں لیکن اس کا بدلہ جو انہیں ملنا چاہیے تھا وہ ملنا ابھی باقی ہے اس لیے تم لوگ بھی ان کے نیک لوگوں کی نیکیوں کی قدر کرنا اور ان کے خطاکاروں سے درگزر کرتے رہنا"۔ (1)

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی جدائی کے دن یاد کرتے ہوئے بار بار رو پڑتے اور آنسو بہاتے رہتے سیدنا سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا:

---

1) صحیح بخاری رقم ۳۷۹۹۔

"يَقُولُ وَمَا يَوْمُ الْخَمِيسِ ثُمَّ بَكَى حَتَّى بَلَّ دَمْعُهُ الْحَصَى: يَوْمُ الْخَمِيسِ قُلْتُ: يَا أَبَا عَبَّاسٍ مَا يَوْمُ الْخَمِيسِ؟ قَالَ: اشْتَدَّ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعُهُ فَقَالَ ائْتُونِي بِكَتِفٍ أَكْتُبْ لَكُمْ كِتَابًا لَا تَضِلُّوا بَعْدَهُ أَبَدًا فَتَنَازَعُوا وَلَا يَنْبَغِي عِنْدَ نَبِيٍّ تَنَازُعٌ فَقَالُوا: مَا لَهُ أَهَجَرَ اسْتَفْهِمُوهُ فَقَالَ: ذَرُونِي فَالَّذِي أَنَا فِيهِ خَيْرٌ مِمَّا تَدْعُونِي إِلَيْهِ فَأَمَرَهُمْ بِثَلَاثٍ قَالَ: أَخْرِجُوا الْمُشْرِكِينَ مِنْ جَزِيرَةِ الْعَرَبِ وَأَجِيزُوا الْوَفْدَ بِنَحْوِ مَا كُنْتُ أُجِيزُهُمْ وَالثَّالِثَةُ خَيْرٌ إِمَّا أَنْ سَكَتَ عَنْهَا وَإِمَّا أَنْ قَالَهَا فَنَسِيتُهَا قَالَ سُفْيَانُ: هَذَا مِنْ قَوْلِ سُلَيْمَانَ".

ترجمہ: "جمعرات کا دن، آہ جمعرات کا دن کیسا (ہیبت ناک) تھا پھر رو پڑے یہاں تک کہ آپ نے آنسوؤں سے کنکریاں تر کر دیں۔ میں نے عرض کیا: ابن عباس رضی اللہ عنہما! جمعرات کا دن کیسا تھا؟ فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری سنگین ہو گئی تو آپ نے فرمایا: میرے پاس شانے کی کوئی ہڈی لاؤ میں تمہارے لیے کچھ تحریر کر دوں کہ اس کے بعد تم کبھی گمراہ نہیں ہو گے۔ اس کے بعد لوگ باہم جھگڑنے لگے، حالانکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جھگڑنا نہیں چاہیے تھا۔ لوگوں نے کہا: آپ کو کیا ہو گیا ہے؟ کیا آپ دنیا سے ہجرت فرما رہے ہیں؟ اچھی طرح آپ کی بات سمجھو۔ آپ نے فرمایا: تم مجھے چھوڑ دو، میں جس حال میں ہوں وہ اس حال سے اچھا ہے جس کی طرف تم مجھے بلا رہے ہو۔ پھر آپ نے انہیں تین امور کا حکم دیا۔ آپ نے فرمایا: مشرکین کو جزیرہ عرب سے نکال دو۔ اور دوسرے ممالک سے آنے والے وفد کو عطایا دو، جیسے میں انہیں عطایا دیا کرتا تھا۔ تیسری بات سے آپ نے سکوت فرمایا یا آپ نے بیان کی لیکن میں بھول گیا۔ سفیان فرماتے ہیں کہ یہ آخری مقولہ سلیمان راوی کا ہے"۔[1]

---

1) صحیح بخاری رقم ۳۱۶۸۔

اس کے علاوہ بھی اور واقعات اس طرح کے مل جائیں گے لیکن تمام روایات و واقعات نقل کرنا بہت زیادہ طوالت کا باعث ہو گا۔

رسول اللہ ﷺ کی جدائی میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا جو عالم تھا وہ آپ کے سامنے پیش کر دیا۔ اتنے حقائق ہونے کے باوجود یہ کہنا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو رسول اللہ ﷺ کی وفات کا کوئی غم نہیں تھا اسی لیے نعوذ باللہ تجہیز و تکفین و نماز جنازہ کی کوئی فکر نہیں تھی دنیا کا بدترین جھوٹ ہے۔ الحمد اللہ! ہم نے نماز جنازہ رسول خدا ﷺ کے حوالے دشمنان صحابہ کے تمام اعتراضات کے جوابات دیئے ہیں۔

انبیاء کرام کو تین دن بعد دفن کرنے کا جواز کی امامیہ مصادر کی روایت:

امامیہ کا یہ نہایت نکما سا اعتراض ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا تین دن تک جنازہ نہ ہوا اور نہ دفن کیا گیا جبکہ امامیہ ہی کے مصادر سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام پر تین دن جنازہ ہوتا رہتا ہے اور تین دن بغیر دفنانے کے رکھا جا سکتا ہے ملاحظہ ہو روایت:

"اخبرنا أبو عبد الله محمد بن شاذان بن احمد بن عثمان البزواذی قال حدثنا أبو علی محمد بن محمد بن الحارث بن سفیان الحافظ السمرقندی. قال حدثنا صالح بن سعید الترمذی قال حدثنا عبد المنعم بن ادریس عن أبیه عن وهب بن منبه الیمانی قال: انطلق ابلیس یستقری مجالس بنی اسرائیل اجمع ما یکونون ویقول فی مریم ویقذفها بزکریا ۶. حتی التحم الشر وشاعت الفاحشة علی زکریا فلما رأی زکریا ۶، ذلك هرب واتبعه سفهاؤهم وشرارهم وسلك فی واد کثیر النبت حتی اذا توسطه انفرج له جذع شجرة فدخل فیه ۶، وانطبقت علیه الشجرة واقبل ابلیس یطلبه معهم حتی انتهی الی الشجرة التی دخل فیها زکریا فقاس لهم ابلیس الشجرة من أسفلها الی أعلاها حتی اذا

وضع يده على موضع القلب من زكريا أمرهم فنشروا بمنشارهم وقطعوا الشجرة وقطعوه في وسطها ثم تفرقوا عنه وتركوه وغاب عنهم ابليس حين فرغ مما أراد فكان آخر العهد منهم به ولم يصب زكريا ۶، من المنشار شي. ثم بعث الله عزوجل الملائكة: فغسلوا زكريا وصلوا عليه ثلاثة أيام من قبل أن يدفن وكذلك الأنبياء عليهم السلام لا يتغيرون ولا يأكلهم التراب ويصلى عليهم ثلاثة ايام ثم يدفنون".

ترجمہ: وہب بن منبہ الیمانی کہتے ہیں: شیطان بنی اسرائیل کی مجلسوں کو ڈھونڈتا پھرتا ہے، وہ جہاں کہیں بھی ہوں، اس نے جناب مریم علیہا السلام کے بارے میں بات کی اور ان پر جناب زکریا علیہ السلام کے ساتھ تعلقات کا الزام لگایا۔ پس برائی پھیل گئی اور زکریا کے خلاف بہتان پھیل گیا۔ جب جناب زکریا علیہ السلام نے یہ دیکھا تو وہ بھاگ گئے اور ان کے نادان اور بدکار لوگ اس کے پیچھے ہو گئے۔ وہ ایک وادی میں گئے جس میں بہت سی سبزیاں تھیں اور جب وہ اس کے بیچ میں پہنچے تو اس کے لیے ایک درخت کا تنا کھل گیا اور وہ اس میں داخل ہو گئے۔ اور درخت اُن پر بند ہو گیا اور شیطان اُن کے ساتھ اُنہیں ڈھونڈتا ہوا آیا یہاں تک کہ وہ اُس درخت تک پہنچا جس میں جناب زکریا سمائے ہوئے تھے۔ شیطان نے ان لوگوں کے لیے درخت کو اس کی بنیاد سے اس کی چوٹی تک پھاڑ دیا، اور جب اس نے اپنا ہاتھ اس جگہ پر رکھا یہاں تک کہ اس کا ہاتھ جناب زکریا علیہ السلام کے دل تک پہنچ گیا اس نے انہیں حکم دیا کہ وہ اپنی آریوں سے درخت کو درمیان میں کاٹ دیں۔ پھر وہ منتشر ہو گئے اور حضرت زکریا علیہ السلام کو ویسے چھوڑ کر چلے تھے اور شیطان ان سے غائب ہو گیا جب وہ اپنی خواہش پوری کر چکا تھا۔ انہوں نے اسے آخری بار دیکھا تھا۔ زکریا علیہ السلام کو آرے سے کوئی تکلیف نہیں ہوئی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو بھیجا جو بلند و بالا ہے۔ فرشتے جنہوں نے زکریا کو غسل دیا اور دفن کرنے سے پہلے تین دن تک ان پر جنازہ پڑھی۔ اس طرح انبیاء کا حال ہے کہ

ان کی میت متغیر نہیں ہوتی، نہ زمین انہیں کھاتی ہے۔ ان پر تین دن تک نماز پڑھی جاتی ہے، پھر انہیں دفن کیا جاتا ہے۔[1]

*

1) علل الشرایع جلد اول باب 71 صفحہ نمبر 80۔

سکین اہلسنت کتب

قَالَ عُمَرُ: فَلَكَأَنِّي لَمْ أَقْرَأْهَا إِلاَّ يَوْمَئِذٍ. [خ= ١٢٤١، س= ١٨٣٧، أ= ٢٥٨٩٩].

1628 ـ حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ. أَنْبَأَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ

1625 ـ (الصلاة) أي الزموها واهتموا بشأنها ولا تغفلوا عنها. (ما ملكت أيمانكم) من الأموال أي أدوا زكاتها ولا تسامحوا فيها. ويحتمل أن يكون وصية العبيد والإماء، أي أدوا حقوقهم وحسن ملكتهم. (حتى ما يفيض به لسانه) أي ما يجري ولا يسيل بهذه الكلمة لسانه.

وقال في الزوائد: إسناده صحيح على شرط الصحيحين.

1626 ـ (انخنث) انكسر وانثنى لاسترخاء أعضائه عند الموت.

1628 ـ (وكان يضرح) ضرح الميت كمنع، حفر له ضريحاً والضريح القبر أو الشق. والثاني هو المراد هنا للمقابلة. (وكان يلحد) لحدت اللحد لحداً، من باب نفع. وألحدته إلحاداً، حفرته. ولحدت الميت =

سنن المصطفى
الجزء الأول

إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ؛ قَالَ: لَمَّا أَرَادُوا أَنْ يَحْفِرُوا لِرَسُولِ اللَّهِ ﷺ بَعَثُوا إِلَى أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ، وَكَانَ يَضْرَحُ كَضَرِيحِ أَهْلِ مَكَّةَ. وَبَعَثُوا إِلَى أَبِي طَلْحَةَ. وَكَانَ هُوَ الَّذِي يَحْفِرُ لأَهْلِ الْمَدِينَةِ. وَكَانَ يَلْحَدُ. فَبَعَثُوا إِلَيْهِمَا رَسُولَيْنِ. فَقَالُوا: اللَّهُمَّ! خِرْ لِرَسُولِكَ. فَوَجَدُوا أَبَا طَلْحَةَ. فَجِيءَ بِهِ. وَلَمْ يُوجَدْ أَبُو عُبَيْدَةَ. فَلَحَدَ لِرَسُولِ اللَّهِ ﷺ.

سنن ابن ماجة

قَالَ، فَلَمَّا فَرَغُوا مِنْ جِهَازِهِ يَوْمَ الثُّلاثَاءِ، وُضِعَ عَلَى سَرِيرِهِ فِي بَيْتِهِ. ثُمَّ دَخَلَ النَّاسُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ ﷺ أَرْسَالاً. يُصَلُّونَ عَلَيْهِ. حَتَّى إِذَا فَرَغُوا أَدْخَلُوا النِّسَاءَ. حَتَّى إِذَا فَرَغُوا أَدْخَلُوا الصِّبْيَانَ. وَلَمْ يَؤُمَّ النَّاسَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ ﷺ أَحَد.

لَقَدِ اخْتَلَفَ الْمُسْلِمُونَ فِي الْمَكَانِ الَّذِي يُحْفَرُ لَهُ. فَقَالَ قَائِلُونَ: يُدْفَنُ فِي مَسْجِدِهِ. وَقَالَ قَائِلُونَ: يُدْفَنُ مَعَ أَصْحَابِهِ. فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ يَقُولُ: «مَا قُبِضَ نَبِيٌّ إِلاَّ دُفِنَ حَيْثُ يُقْبَضُ». قَالَ، فَرَفَعُوا فِرَاشَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ الَّذِي تُوُفِّيَ عَلَيْهِ. فَحَفَرُوا لَهُ، ثُمَّ دُفِنَ ﷺ وَسْطَ اللَّيْلِ مِنْ لَيْلَةِ الأَرْبِعَاءِ. وَنَزَلَ فِي حُفْرَتِهِ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، وَالْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ، وَقُثَمُ أَخُوهُ، وَشُقْرَانُ مَوْلَى رَسُولِ اللَّهِ ﷺ. وَقَالَ أَوْسُ بْنُ خَوْلِيٍّ، وَهُوَ أَبُو لَيْلَى، لِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ: أَنْشُدُكَ اللَّهَ وَحَظَّنَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ. قَالَ لَهُ عَلِيٌّ: انْزِلْ. وَكَانَ شُقْرَانُ، مَوْلاَهُ، أَخَذَ قَطِيفَةً كَانَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ يَلْبَسُهَا. فَدَفَنَهَا فِي الْقَبْرِ وَقَالَ: وَاللَّهِ! لاَ يَلْبَسُهَا أَحَدٌ بَعْدَكَ أَبَداً. فَدُفِنَتْ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ.

1629 ـ حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَبُو الزُّبَيْرِ. حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ

أَقْرَأَهَا إِلَّا يَوْمَئِذٍ[٤] .

• [١٦١١] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ ، قَالَ : أَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا أَبِي ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ ، قَالَ : حَدَّثَنِي حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ ، عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ

حجري : الحجر : الثوب والحضن . (انظر : النهاية ، مادة : حجر) .
بطست : إناء كبير مُستدير من نحاس أو نحوه ، ويقال له أيضا : طشت . (انظر : المعجم العربي الأساسي ، مادة : طست) .
انخنث : الانخناث : انثناء الأعضاء واسترخاؤها . (انظر : النهاية ، مادة : خنث) .
١٦] [التحفة : خ س ق ٦٦٣٢-ق ١٦٢٤٧] .
[١/ت/ ٣٥٢] .
١٦] [التحفة : ق ٦٠٢٢] .



ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ : لَمَّا أَرَادُوا أَنْ يَحْفِرُوا لِرَسُولِ اللَّهِ ﷺ ، بَعَثُوا إِلَى أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ وَكَانَ يَضْرَحُ[١] كَضَرِيحِ أَهْلِ مَكَّةَ ، وَبَعَثُوا إِلَى أَبِي طَلْحَةَ وَكَانَ هُوَ الَّذِي يَحْفِرُ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ وَكَانَ يَلْحَدُ ، فَبَعَثُوا إِلَيْهِمَا رَسُولَيْنِ ، وَقَالُوا : اللَّهُمَّ خِرْ[٢] لِرَسُولِكَ ، فَوَجَدَ أَبَا طَلْحَةَ ، فَجِيءَ بِهِ وَلَمْ يُوجَدْ أَبُو عُبَيْدَةَ ، فَلَحَدَ لِرَسُولِ اللَّهِ ﷺ ، فَلَمَّا فَرَغُوا مِنْ جَهَازِهِ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ وُضِعَ عَلَى سَرِيرِهِ فِي بَيْتِهِ ، ثُمَّ دَخَلَ النَّاسُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ ﷺ أَرْسَالًا[٣] يُصَلُّونَ عَلَيْهِ ، حَتَّى إِذَا فَرَغُوا أَدْخَلُوا النِّسَاءَ ، حَتَّى إِذَا فَرَغُوا أَدْخَلُوا الصِّبْيَانَ ، وَلَمْ يَؤُمَّ النَّاسَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ ﷺ أَحَدٌ ، لَقَدِ اخْتَلَفَ الْمُسْلِمُونَ فِي الْمَكَانِ الَّذِي يُحْفَرُ لَهُ ، فَقَالَ قَائِلُونَ : يُدْفَنُ فِي مَسْجِدِهِ ، وَقَالَ قَائِلُونَ : يُدْفَنُ[٤] مَعَ أَصْحَابِهِ ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ : إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ يَقُولُ : « **مَا قُبِضَ نَبِيٌّ إِلَّا دُفِنَ حَيْثُ يُقْبَضُ** » . قَالَ : فَرَفَعُوا فِرَاشَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ الَّذِي تُوُفِّيَ عَلَيْهِ ، فَحَفَرُوا لَهُ ، ثُمَّ دُفِنَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ وَسَطَ اللَّيْلِ مِنْ لَيْلَةِ الْأَرْبِعَاءِ ، وَنَزَلَ فِي حُفْرَتِهِ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ ، وَالْفَضْلُ وَقُثَمُ ابْنَا عَبَّاسٍ ، وَشُقْرَانُ مَوْلَى رَسُولِ اللَّهِ ﷺ ، قَالَ أَوْسُ بْنُ خَوْلِيٍّ - وَهُوَ : أَبُو لَيْلَى - لِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ : أَنْشُدُكَ اللَّهَ ، وَحَظَّنَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ ، قَالَ لَهُ عَلِيٌّ : انْزِلْ وَكَانَ شُقْرَانُ مَوْلَاهُ أَخَذَ قَطِيفَةً كَانَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ يَلْبَسُهَا فَدَفَنَهَا فِي الْقَبْرِ ، وَقَالُوا : وَاللَّهِ ، لَا يَلْبَسُهَا أَحَدٌ بَعْدَكَ أَبَدًا ، فَدُفِنَتْ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ .

• [١٦١٢] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ ، قَالَ : حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الزُّبَيْرِ أَبُو الزُّبَيْرِ[٥] ، قَالَ :



أخبرنا عارم بن الفضل ، أخبرنا حمّاد بن زيد عن مُعمر عن الزّهرىّ قال : وَلِىَ غسلَ النّبىّ ﷺ ، وجَنّهُ العبّاسُ وعلىّ بن أبى طالب والفضلُ وصالحٌ مولى رسول الله ، ﷺ .

أخبرنا عبد الصّمَد بن النعمان البزّاز قال : أخبرنا كَيْسان أبو عمر القصّار عن مولاه يزيد بن بلال قال قال علىّ : أوصى النّبىّ ، ﷺ ، ألاّ يغسله أحدٌ غيرى فإنّه لا يرى أحدٌ عَوْرتى إلاّ طُمِسَت عيناه ، قال علىّ : فكان الفضل وأسامة يناولانى الماءَ من وراء السّتر وهما مَعْصُوبَا العين ، قال علىّ : فما تناولتُ عضوًا إلاّ كأنّما يُقَلّبُه معى ثلاثون رجلًا حتى فرغتُ من غسله [1] .

أخبرنا محمّد بن عمر ، حدّثنى عبد الله بن محمّد بن عمر بن علىّ بن أبى طالب عن أبيه عن جدّه عن علىّ بن أبى طالب قال : لمّا أخذنا فى جهاز رسول الله ، ﷺ ، أغلقنا البابَ دون النّاس جميعًا فنادَت الأنصار : نحن أخواله ومَكانُنا من الإسلام مكاننا ! ونادت قُريشٌ : نحن عُصْبَتُه ! فصاح أبو بكر : يا معشر المسلمين كلّ قوم أحقّ بجنازتهم من غيرهم ، فنَشُدُكم الله فإنّكم إن دخلتم أخّرتموهم عنه ، واللهِ لا يَدخل عليه أحدٌ إلاّ من دُعِى [2] .

أخبرنا محمّد بن عمر قال : فحدّثنى عمر بن محمّد بن عمر عن أبيه عن علىّ ابن حُسين قال : نادت الأنصار إنّ لنا حقًّا فإنّما هو ابن أختنا ومكاننا من الإسلام مكاننا ، وطلبوا إلى أبى بكر فقال : القوم أولى به فاطلبوا إلى علىّ وعبّاس فإنّه لا يدخل عليهم إلاّ من أرادوا .

أخبرنا محمّد بن عمر ، حدّثنى محمّد بن عبد الله عن الزّهرىّ عن عبد الله ابن ثَعْلَبة بن صُعير قال : غَسل النّبىّ ، ﷺ ، علىّ والفضل وأسامة بن زيد وشُقْران ووَلِىَ غسل سَفِلَتِه علىّ والفضل محتضنه وكان العبّاس وأسامة بن زيد وشقران يصبّون الماء .

أخبرنا محمّد بن عمر ، حدّثنى محمّد بن عبد الله عن الزّهرىّ عن سعيد بن المسيّب قال : غسل النّبىّ ، ﷺ ، علىّ وكفّنه أربعةٌ : علىّ والعبّاس والفضل وشقران .

---

(١) أورده النويرى ج ١٨ ص ٣٨٩ نقلا عن ابن سعد .

(٢) أورده النويرى ج ١٨ ص ٣٩٠ نقلا عن ابن سعد .

كتاب الطبقات الكبير

لمحمد بن سعد بن منيع الزهري
ت ٢٣٠ هـ

الجزء الثانى
فى مغازى رسول الله ﷺ وسراياه

تحقيق
الدكتور على محمد عمر

الناشر مكتبة الخانجى بالقاهرة

(40 /40) باب ما جاء في الشق

1557 - **حدثنا** مَحْمُودُ بْنُ غَيْلاَنَ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فُضَالَةَ، حَدَّثَنِي حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ؛ قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَ النَّبِيُّ ﷺ كَانَ بِالْمَدِينَةِ رَجُلٌ يَلْحَدُ وَآخَرُ يَضْرَحُ. فَقَالُوا: نَسْتَخِيرُ رَبَّنَا وَنَبْعَثُ إِلَيْهِمَا. فَأَيُّهُمَا سُبِقَ تَرَكْنَاهُ. فَأُرْسِلَ إِلَيْهِمَا. فَسَبَقَ صَاحِبُ اللَّحْدِ. فَلَحَدُوا لِلنَّبِيِّ ﷺ. [أ= ١٢٤١٨].

1558 - **حدثنا** عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ بْنِ عُبَيْدَةَ بْنِ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ طُفَيْلٍ الْمُقْرِئُ. حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ الْقُرَشِيُّ. حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ؛ قَالَتْ: لَمَّا مَاتَ رَسُولُ



1555 - **قال في الزوائد:** إسناده ضعيف لاتفاقهم على تضعيف أبي اليقظان، واسمه: عثمان بن عمير. والحديث من رواية ابن عباس في السنن الأربعة. ومن رواية سعد بن أبي وقاص في مسلم وغيره.

1557 - **(يضرح)** في القاموس: ضرح للميت كمنع، حفر له ضريحاً. والضريح القبر أو الشق. والثاني هو المراد شرعاً بالمقابلة.

وقال في الزوائد: في إسناده مبارك بن فضالة، وثقه الجمهور، وصرح بالتحديث، فزال تهمة تدليسه. وباقي رجال الإسناد ثقات. فالإسناد صحيح.

1558 - **قال في الزوائد:** هذا إسناده صحيح ورجاله ثقات.

وجه النسخة المطبوعة، القاهرة عام ١٣٤٩هـ

اللَّهِ ﷺ اخْتَلَفُوا فِي اللَّحْدِ وَالشَّقِّ. حَتَّى تَكَلَّمُوا فِي ذٰلِكَ. وَارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمْ. فَقَالَ عُمَرُ: لاَ تَصْخَبُوا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ حَيًّا وَلاَ مَيِّتاً. أَوْ كَلِمَةً نَحْوَهَا. فَأَرْسِلُوا إِلَى الشَّقَّاقِ واللاَّحِدِ جَمِيعاً. فَجَاءَ اللاَّحِدُ، فَلَحَدَ لِرَسُولِ اللَّهِ ﷺ. ثُمَّ دُفِنَ ﷺ.

(41/ 41) باب ما جاء في حفر القبر

1559 - **حدثنا** أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ. حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ الأَدْرَعِ السُّلَمِيِّ؛ قَالَ: جِئْتُ لَيْلَةً أَحْرُسُ النَّبِيَّ ﷺ. فَإِذَا رَجُلٌ قِرَاءَتُهُ عَالِيَةٌ. فَخَرَجَ النَّبِيُّ ﷺ. فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ! هٰذَا مُرَاءٍ. قَالَ فَمَاتَ بِالْمَدِينَةِ. فَفَرَغُوا مِنْ

كَانَ بِالْمَدِينَةِ رَجُلٌ يَلْحَدُ، وَالْآخَرُ يَضْرَحُ، فَقَالُوا: نَسْتَخِيرُ رَبَّنَا، وَنَبْعَثُ إِلَيْهِمَا، فَأَيُّهُمَا سَبَقَ تَرَكْنَاهُ، فَأُرْسِلَ إِلَيْهِمَا، فَسَبَقَ صَاحِبُ اللَّحْدِ، فَلَحَدُوا لِلنَّبِيِّ ﷺ.



• [١٥٤٠] حدثنا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ بْنِ عَبِيدَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ طُفَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ الْقُرَشِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَمَّا مَاتَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ اخْتَلَفُوا فِي اللَّحْدِ وَالشَّقِّ، حَتَّى تَكَلَّمُوا فِي ذَلِكَ وَارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمْ(١)، فَقَالَ عُمَرُ: لَا تَصْخَبُوا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ حَيًّا وَلَا مَيِّتًا - وَكَلِمَةً نَحْوَهَا، فَأَرْسَلُوا إِلَى الشَّقَّاقِ وَاللَّاحِدِ جَمِيعًا، فَجَاءَ اللَّاحِدُ، فَلَحَدَ لِرَسُولِ اللَّهِ ﷺ، ثُمَّ دُفِنَ.

٤١- بَابُ مَا جَاءَ فِي حَفْرِ الْقَبْرِ

• [١٥٤١] حدثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنِي مُوسَى ابْنُ عُبَيْدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ الْأَدْرَعِ السُّلَمِيِّ قَالَ: جِئْتُ لَيْلَةً أَحْرُسُ النَّبِيَّ ﷺ، فَإِذَا رَجُلٌ(٢) قِرَاءَتُهُ عَالِيَةٌ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ ﷺ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَذَا مُرَائِي، قَالَ: فَمَاتَ بِالْمَدِينَةِ، فَفَرَغُوا مِنْ جِهَازِهِ، فَحَمَلُوا نَعْشَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: «ارْفُقُوا بِهِ رَفَقَ اللَّهُ بِهِ، إِنَّهُ كَانَ يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ»، قَالَ: وَحَفَرَ حُفْرَتَهُ، فَقَالَ: «أَوْسِعُوا لَهُ وَسَّعَ اللَّهُ عَلَيْهِ»، فَقَالَ بَعْضُ أَصْحَابِهِ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، لَقَدْ حَزِنْتَ عَلَيْهِ؟ فَقَالَ: «أَجَلْ؛ إِنَّهُ كَانَ يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ».

• [١٥٤٢] حدثنا أَزْهَرُ بْنُ مَرْوَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَبِي الدَّهْمَاءِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عَامِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: «احْفِرُوا، وَأَوْسِعُوا، وَأَحْسِنُوا».

---

*[١٥٤٠] [التحفة: ق ١٦٢٤٦].

(١) قوله: «حتى تكلموا في ذلك وارتفعت أصواتهم» في «التحفة»: «فتكلموا في ذلك حتى ارتفعت أصواتهم».

*[١٥٤١] [التحفة: ق ٨١].

(٢) [ت/ ١/ ٣٤٠].

*[١٥٤٢] [التحفة: د ت س ق ١١٧٣١].

طالب عن أبيه عن جدّه عن علىّ قال : لمّا وُضع رسولُ الله ، ﷺ ، على السرير قال علىّ : لَايَؤُمّ أَحَدٌ [١] ، هو إمامكم حيّا وميّتا ! فكان يدخلُ النّاس رَسَلًا رسلًا [٢] فيصلون عليه صَفًّا صفًّا ليس لهم إمام ويكبّرون وعلىّ قائم بحيال رسول الله ، ﷺ ، يقول : سلامٌ عليك أيّها النّبىّ ورحمة الله وبركاته ! اللّهُمّ إنّا نَشهد أن قد بَلّغ ما أُنزل إليه ونصح لأمّته وجاهد فى سبيل الله حتى أعزّ الله دينَه وتمّت كلمتُه ! اللّهمّ فاجعلنا ممّن يَتّبع ما أنزل الله إليه وثَبّتْنا بعَده واجمع بيننا وبينه ! فيقول النّاس : آمين آمين ! حتّى صلّى عليه الرجال ثمّ النساء ثمّ الصبيان [٣] .

أخبرنا محمّد بن عمر فحدّثنى عمر بن محمّد بن عمر عن أبيه قال : أوّل من دخل على رسول الله ، ﷺ ، بنو هاشم ثمّ المهاجرون ثمّ الأنصار ثمّ النّاس حتّى فرغوا ثمّ النساء ثمّ الصبيان .

